نیا اضافہ شدہ ایڈیشن

جادو کا آسان اور شرطیہ علاج

حصہ اوّل

سیّد علی حسین شاہ

Scanned with CamScanner

نیا اضافہ شدہ ایڈیشن

جادو کا آسان اور شرطیہ علاج

حصہ اوّل

سیّد علی حسین شاہ

علم و عرفان پبلشرز

34 اردو بازار، لاہور ۔ فون: 7232336-7352332

E-Mail:ilmoirfanpublishers@hotmail.com

Scanned with CamScanner

جملہ حقوق محفوظ

گل فراز احمد نے
جوہر رحمانیہ پرنٹرز لاہور
سے چھپوا کر شائع کی
قیمت -/200 روپے
جنوری 2006ء

فہرست (جادو کا آسان اور شرطیہ علاج)

(7) فہرست
(9) جادو اور قانون قدرت
(10) قبرستان میں صدقے کا گوشت
(12) جادو کیا ہے؟
(13) جادو کی پیدائش
(15) درود شریف سے جادو کا خاتمہ
(16) خون کے چھینٹے
(17) خبیث عورت سے صحبت کرتا ہے
(21) اثرات جادو اور تکلیف
(22) خون کے چھینٹے کیسے پڑتے ہیں
(23) خواص فلیتہ جات
(25) فلیتہ جات کیوں اور کیا ہیں؟
(26) نحوست بروج و چکر
(27) خاتمہ بد اثرات
(28) خاتمہ جادو
(29) خاتمہ نحوست
(30) خاتمہ بد اعمال
(31) خاتمہ گردش و نحوست
(32) خاتمہ شر آسیب
(33) خاتمہ رہائش برباد
(34) شر و آفت آسیب
(35) خاتمہ ڈراؤنے خواب
(36) خاتمہ بندش و رکاوٹ
(37) خاتمہ جسمانی و روحانی بیماریاں
(38) خاتمہ جنات
(39) خاتمہ ہندو دیوی و دیوتا
(40) خاتمہ دیوتا
(41) خاتمہ مختلف بھگوان
(42) دیوتاؤں سے کام نکلوانا
(43) کامیابی مختلف کام
(44) ہر کام فوراً حمل قائم
(45) خاتمہ بے حیائی و زنا
(46) جادو کا واپس پلٹنا
(47) سائے کا مکمل خاتمہ
(48) خاتمہ رجعت و ٹھہراؤ
(49) بد روح و خبیث
(50) خاتمہ شیطانیت
(51) خاتمہ مختلف تکالیف
(52) خاتمہ ہر نقصان
(53) ہر کسی کام کیلئے فلیتہ
(54) خاتمہ وسوسہ
(55) خواص فلیتہ جات
(56) کامل نقش اللہ پنجتن پاک
58() آسان روحانی چٹکلے، بذریعہ جادو ہر بیماری سے محفوظ رہنا، غیر انسانی مخلوق کا قبضہ ختم
(59) جادو سے بچنے کیلئے آیات
(62) نشانات جادو، جادو کے زور سے
(64) عملیات و تعویذ گنڈے دین اسلام کا بالکل حصہ نہیں ہیں۔
(65) جادو جھوٹ اور وہم نہیں
(67) آغاز و ابتداء جادو
(69) جادو کے تکلیف دہ اثرات
(70) جادو کے ذریعے عمل حب
(71) جادو کے ذریعے کاروبار باندھنا
(72) جادو کے ذریعے نکاح بندی
(73) اقسام نوری جادو
(74) سورۃ یسین سے رزق باندھنا
(75) نوری جادو کے توڑ
(77) تعارف جنات و ارواح
(78) پہلے درجے کا عامل
(79) دوسرے درجے کا عامل

Scanned with CamScanner

(80) تیسرے درجے کا عامل
(81) چوتھے درجے کا عامل
(82) ہر کلام کا توڑ قرآن میں موجود ہے۔
(88) ایک نقش ہزار کام
(89) جادو کے عوض پہنچنے والے اثرات اور توڑ
(90) جسم میں سوئیاں اور چیونٹیاں چلنا
(92) علاج اکسیر اور مجرب توڑ
(94) ناانجانا خوف و ڈر محسوس ہونا
(96) جادو فن ہے معجزہ یا کرامت نہیں
(99) جادو سے کیا کیا ہو جاتا ہے؟
(100) تشخیص جادو آسیب، سحر وغیرہ
(105) جسمانی کپڑے سے مرض دیکھنا
(107) تشخیص امراض
(109) انڈے کے ذریعہ مرض دیکھنا
(111) نقشوں کا سردار
(114) نقوش اسماء الٰہی سے عمل الشفاء
(136) دولہا دلہن کی آپس میں نفرت ختم
(137) شادی شدہ عورت ہم بستری سے نفرت کرے
(138) گھر میں بلاوجہ لڑائی جھگڑے کا رہنا
(140) جس مرد کو تابعدار کرنے کیلئے پلیدی پلائی گئی ہو
(141) جس مرد نے عورت کو تابعدار بنانے کیلئے پلیدی پلائی ہو
(142) تمام گھر والوں کو قابو میں کرنے کیلئے پلیدی پلائی گئی ہو
(144) جادو کے ذریعہ پلیدی والے عمل کے اثرات
(145) ناانجانی پلیدی کا خاتمہ
(146) بذریعہ جادو دل و دماغ پلیدی کی طرف مائل ہونا
(147) روحانیت کا عجیب و غریب چراغ
(150) چراغ کے زبردست خواص
(151) سالہا سال سے رہنے والے جنات کا توڑ
(153) آگے درج نقوش اور استعمال
(154) ہر غیر انسانی مخلوق سے محفوظ رہنا
(155) جادو سے ہمیشہ محفوظ رہنا
(156) جادو ٹونے کا توڑ
(157) عورتوں کیلئے نقوش
(158) اگر حیض بند نہ ہوں
(159) جسمانی کینسر
(160) جسم کے حصے پر سرخ دانے نکل آئیں
(161) جسم کا پھڑکنا
(162) جسم میں دردیں
(163) جسم میں رسولیاں
(164) جسم میں گرمائش پیدا ہونا
(165) بیماری کا طول پکڑنا
(166) حصارات
(172) کامل اثرات سے بھرپور تیس فلیتہ جات
(189) فوائد فلیتہ جات
(190) جادو کو واپس پلٹنا
(192) جادو کے ذریعے بندش کاروبار، فراخی کاروبار
(193) کاروبار کو کھولنا
(194) کاروبار کو کوئی بھی نہ باندھ سکے، رزق و روزی بند نہ ہو
(195) رجعت دکان و کاروبار
(196) کاروبار کو شروع کرنے سے پہلے، کاروبار میں برکت ہو
(197) دکان میں سایہ آسیب، دکان میں اثر جنات

(198) ہر قسم کی بندش کا خاتمہ
(199) کاروباری افراد کا دل اچاٹ ہونا
(200) کاروبار کے روپوں سے برکت کا اٹھ جانا
(201) خوشحالی کاروبار، برکت
(202) کاروبار میں ترقی
(203) جاری خون بند ہو، سوجن شرم گاہ
(204) ناجائز شہوت کا بڑھنا
(205) پستانوں میں درد، جسم پر خارش
(206) عورت کی شہوت کو باندھنا، مرد کی شہوت کھولنا
(207) مردانہ قوت سلب ہو
(208) بذریعہ جادو اندرونی بیماریوں کا خاتمہ
(209) کنواری لڑکی کی شہوت باندھنا
(210) کنوارے لڑکے کی شہوت باندھنا
(211) بانجھ پن
(212) پیٹ باندھنا، اولاد نہ ہونے والے اثرات کو توڑنا
(214) حمل ٹھہرے
(215) سفلی علم کی بدولت حمل قائم نہ ہو
(216) رکاوٹ
(217) رکاوٹ، بندش
(218) بندش و رکاوٹ
(219) کاروباری بندش، دفع نحوست
(220) رکاوٹ در رکاوٹ، اچانک نقصان میں مبتلا
(221) رشتہ ہو
(222) شادی ہو، شادی ہو
(223) شادی ہو، شادی ہو
(224) رکاوٹ و بندش کا خاتمہ
(225) حضور نبی کریم ﷺ کے پاک اسماء سے علاج
(246) خواص اسماء النبی ﷺ
(247) بخار، بخار
(248) شفائے امراض، شفائے امراض
(249) جسمانی بخار
(250) دوران حمل ڈر لگنا، ڈر و خوف، ڈر و خوف کا خاتمہ
(251) پیشاب جاری ہو، پیشاب بند ہو
(252) اگر گھر سے نقش برآمد ہوں
(253) خاوند بیوی کو اچھا نہ سمجھے
(254) اعمال نکاح بندی اور آیات
(255) رکاوٹ اور آیات
(256) قائم حمل اور آیات
(257) ترقی کاروبار اور آیات
(258) دم کرنے سے پہلے
(259) روحانی شہد
(260) میاں بیوی میں حب
(261) فتح یابی
(262) آسیب و جن
(263) نظر بد، جادو ٹونہ و دشمن
(264) ہر دلعزیز، حاجت پوری ہو
(265) دفع آسیب، جسمانی و روحانی امراض سے شفاء

مصنف کتاب: پیر السید علی حسین شاہ کے ہاتھ کے انگوٹھے کا نشان ہے جو اصل کتاب ہونے کا ثبوت پیش کرتا ہے۔

Scanned with CamScanner

ایک ضروری اعلان

میں اپنے تمام قارئین اور عقیدتمندوں کو مطلع کرنا چاہتا ہوں کہ میری کتاب ''جادو کا آسان اور شرطیہ علاج (حصہ اوّل، دوئم)'' پہلے مختلف اداروں سے شائع ہوتی رہی ہے جہاں کتابوں کی تقسیم و ترسیل کا کوئی مؤثر انتظام نہیں تھا۔ دوستوں، خیرخواہوں اور اس میدان میں وسیع تجربہ رکھنے والے احباب کے مشورہ پر میں اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ اب میری یہ کتاب، ادارہ علم و عرفان پبلشرز 34-اردو بازار، لاہور شائع کرے گا۔ جو کتابوں کی دنیا میں اپنی ایک الگ پہچان رکھتا ہے۔ میں نے اس کتاب کے حقوقِ اشاعت دائمی طور پر علم و عرفان پبلشرز کو دے دیئے ہیں۔ اس ادارے کے علاوہ اور کسی کو بھی میری یہ کتاب شائع کرنے کا کوئی اختیار نہیں ہے۔ خلاف ورزی کی صورت میں قانونی کارروائی کا حق محفوظ رکھتا ہوں۔

سیّد علی حسین شاہ
قادری، قلندری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پیش لفظ

تمام عوام الناس دوسرے غیر ممالک اور دیگر کئی قصبوں سے خطوط آئے جس میں سب سے پہلے اس کتاب کی کاملیت اور اس میں لکھے جانے والے مواد کی بے انتہا مبارک باد مصنف کتاب پیر السید علی حسین شاہ کو پیش کی گئی اور اسی کتاب سے متعلق ایک نہایت ہی مودبانہ گزارش یہ کی گئی کہ اس کتاب کو سستے سے سستا کیا جائے تا کہ ہر کوئی اس کتاب کے کامل نسخہ جات سے فیض یاب ہو سکے چونکہ عوام الناس نے نہایت پرزور فرمائش کی اور ان کی اس فرمائش پر بہت سوچنے کے بعد اس کتاب کو ختمی اور مکمل شے کا جامہ پہنا کر اسے نہایت ہی سستا کر دیا ہے جس سے ہر کوئی با آسانی اس کتاب کو خرید سکتا ہے اور اس میں لکھے جانے والے نسخہ جات پر عمل کر کے اپنی زندگی میں جادو اور دیگر رکاوٹوں کا مکمل توڑ و خاتمہ خود کر سکتا ہے۔ اگر کوئی اس کتاب میں سے سو فیصد کامیاب ہونا چاہے تو وہ کسی بھی عمل کو شروع کرنے سے پہلے یا کوئی نقش و تعویذ و فلیتہ لکھنے سے پہلے میرے پیر کامل (حضرت پیر السید محمد شاہ گیلانی) کے نام کی کوئی میٹھی شے بچوں میں تقسیم کر دے تو اللہ کے حکم سے وہ عمل ضرور کامیاب ہوگا۔ جس کو کیا جائیگا اور وہ نقش و تعویذ بھی ضرور چلے گا جس کو مختلف اقسام میں استعمال کیا جائیگا۔ اب ختم دلوانے یا اس موضوع کے متعلق بہت سی مختلف روایات اور دوسری کئی قسم کی فرقہ پرستیوں نے جنم لے لیا ہے۔ چونکہ عملیات و تعویذ گنڈے دین اسلام کا بالکل حصہ نہیں ہیں اس لئے عملیات اور اس فن میں مکمل مہارت حاصل کرنے

Scanned with CamScanner

کیلئے اس کو ضرور کرنا ہوگا۔ اس طرح کرنے سے بہت سے فوائد حاصل ہونگے مثلاً کوئی رجعت میں گرفتار نہیں ہوگا۔ اور نہ ہی اس کو کسی عمل و نقش کے استعمال میں کسی بھی قسم کا کوئی شک رہیگا۔ یہاں اس بات کو ضرور ہر فرد ذھن نشین کر لے کہ عملیات و تعویذ گنڈے میرے پیر صاحب نے نہ تو اپنی زندگی میں بنائے ہیں اور نہ ہی یہ کتاب ان کے مرہون منت ہے۔ وہ تو درجہ کاملیت پر فائز ہیں جنہیں اس قسم کی کوئی بھی شے استعمال کرنے کا طریقہ کار نہیں آتا بس جو کہا وہ کر دیا اس لئے ہرگز اس کتاب و عملیات کو میرے پیر صاحب کی زندگی کا کوئی حصہ نہ سمجھا جائے بلکہ یہ فن تو میں نے اپنے استادوں سے سیکھا ہے اور نہایت ہی آسان الفاظ میں عوام الناس میں پھیلا رہا ہوں جس کا سراسر ایک ہی مقصد نکلتا ہے کہ کسی دکھی و مجبور فرد کی مدد کی جائے چونکہ دنیا میں صرف اچھے افراد ہی نہیں ہیں بلکہ شیطان کے پیروکار اور اس کے ماننے والے معصوم عوام کو طرح طرح کی اذیتوں میں مبتلا کرتے ہیں۔ جس سے وہ اپنی زندگی میں نہایت ہی تنگی محسوس کرتے ہیں۔ پھر کسی کے ہاں اولاد نہیں ہوتی کوئی کاروباری مشکلات میں مبتلا ہے کوئی نہ کوئی مصیبت اچانک گھیر لیتی ہے اور اس قسم کی اور بہت سی رکاوٹیں انسان کی زندگی میں جنم لیتی ہیں جس کے متعلق کبھی سوچا نہیں ہوتا اس لئے یہ کتاب ایسے افراد کی گردشوں کا خاتمہ کرنے میں ضرور مدد دیگی۔ انشاءاللہ

از

پیر السید علی حسین شاہ بخاری

سجادہ نشین

حضرت پیر السید محمد شاہ (گولڑے والا)

جادو اور قانون قدرت

آج اس دور یا ہر دور میں انسان یہ ضرور سوچتا ہوگا کہ جب اللہ رب العزت جیسی عظیم اور بابرکت ذات اس کائنات کے ہر ذرے میں موجود ہے تو جادو نام جیسی قباحت کیونکر وجود میں آئی؟ اور بوقت ضرورت اللہ کی کلام بھی بعض اوقات اپنا اثر کیوں نہیں دکھاتی؟ جب اللہ اتنا اچھا ہے تو اس نے جادو کو کیوں بننے دیا؟ اس قسم کے کئی اور ایسے سوالات ہیں جو کئی افراد نے مجھ سے کئے ہیں اور میں ان کو جو جواب دے کر مطمئن کرتا ہوں اور وہ مطمئن بھی ہو جاتے ہیں وہ میں یہاں بیان کرتا ہوں تاکہ میرا ہر مسلمان بھائی بہن اس بات کو اپنے ذھن نشین کرے اور اللہ کے سوا کبھی کسی ایسے طریقے کو نہ اپنائے جس کا تعلق شرک سے ہے۔ اللہ رب العزت نے شیطان کو طاقت دی ہے کہ وہ اس کے بنائے ہوئے مٹی کے پتلے کو ورغلائے گا اور اس دوران اللہ کا کوئی بھی دخل نہیں ہوگا لیکن اللہ نے یہی فرمایا کہ جو میرا بندہ ہوگا وہ شیطان کے راستے پر کبھی نہیں چلے گا۔ اب شیطان کے پاس اپنی شیطانی طاقت کے ایسے کئی ہتھیار ہیں کہ انسان زندگی کے چلتے ہوئے سلسلے کو دیکھ کر شیطان کے راستے کو آسان سمجھتا ہے اور وہ کچھ کر بیٹھتا ہے جس کا تعلق جادو سے ہے اور پہلے والی بات کے شیطان نے اس بات کا وعدہ لیا ہے اور اللہ نے اپنے بندے کے متعلق بھی فرمایا اس لئے جادو ٹونے کا ماہر اعظم شیطان لعین ہے اور آگے اس کے ایسے چیلے ہیں جو اس کام کو بخوبی انجام دیتے ہیں اور وہ شیطان کی مدد سے کسی بھی انسان کو نقصان پہنچاتے ہیں اور اسے کئی طرح کی اذیت میں مبتلا کر دیتے ہیں لیکن یہاں انسان گھبرا کر اللہ کی ذات پر تقویٰ نہیں کرتا اور اس جادو کو توڑنے کے ایسے ذرائع ڈھونڈتا ہے جس سے اللہ کی ذات ناراض ہوتی ہے اس لئے اس کتاب کو میں نے اپنے مسلمان بھائی و بہنوں کی کامل اصلاح اور ان کی فلاح بذریعہ آیات قرآنی اور اس مواد کے ذریعے بنائے گئے نقوش کو پیش کیا ہے جس میں شرک کا ایک فیصد بھی سوال پیدا نہیں ہوتا اور جہاں فلیتہ جات درج کئے ہیں اور ان کے اندر جس زبان کو لکھا ہے وہ اس کی مثال ایسے سمجھ لیجئے کہ پنجابی بولنے والا انگریز کو کچھ نہیں سمجھا سکتا اور انگریزی بولنے والا کسی دوسری زبان کے جاننے والے کو کچھ نہیں سمجھا سکتا اس لئے فلیتہ جات میں اس زبان کو غیر مخلوق کے سمجھانے کیلئے بنایا گیا ہے اور ان

Scanned with CamScanner

شیطانوں کے تصور کو بنایا ہے جس سے وہ اپنی شکل بھی پہچانتے ہیں اور اس کلام کو بھی جس سے ان کو اذیت پہنچتی ہے اور وہ کسی بھی انسان کو اذیت دیتے ہوئے اس کی جان کو چھوڑ دیتے ہیں اور جہاں سے وہ آتے ہیں یا انہیں بھیجا جاتا ہے وہاں واپس چلے جاتے ہیں اس لئے ان فلیتوں کو تیار کیا ہے جس کے آگے جادو ایک سیکنڈ بھی ٹھہر نہیں سکتا کیونکہ اس زبان کو روحانی مخلوق سمجھتی ہے جو عربی کلام ہرگز نہیں ہے کیونکہ اذیت دینے والی مخلوق عربی زبان کے ذریعے مسخر نہیں ہوتی اور نہ ہی اتنی جلدی عربی زبان سے پیچھا چھوڑتی ہے لیکن کچھ اعمال ایسے ضرور ہوتے ہیں جو ہم جیسے عامل اپنے پیر استاد سے پوچھتے ہیں۔ اور میں انہیں کتاب میں درج کرتا ہوں اور ساتھ اجازت بھی دیتا ہوں اور اللہ کی کلام کو استعمال کرنے کے طریقہ کار بتاتا ہوں جس سے جادو ٹوٹ جاتا ہے اور قرآن کی کلام کے سامنے اس کی دھجیاں اڑ جاتی ہیں۔ لیکن یہاں افسوس اس بات کا ہے کہ بعض پبلشرز زیادہ سے زیادہ کمائی کرنے میں اس بات کا لحاظ قطعاً نہیں رکھتے کہ کس انسان کا تعلق کس شعبے سے ہے بلکہ دیگر کئی اشیاء کے لالچ دے کر ایسے افراد سے عملیات کی کتب لکھواتے ہیں جن کا نہ تو کوئی پیر ہے نہ استاد اور ایسے مصنفین سے اگر کسی بھی عمل کی بات کو پوچھا جائے تو وہ لاعلمی کا اظہار کر کے موضوع کو بند کر دیتے ہیں۔

قبرستان میں صدقے کا گوشت پھینکنا

تمام افراد اس بات کو ضرور یاد رکھیں کہ اپنی زندگی میں کبھی بھی گوشت کو قبرستان میں مت پھینکیں چونکہ قبرستان ایک غیر آباد جگہ ہوتی ہے اور وہاں اکثر ایسی مخلوق کا بسیرا ضرور ہوتا جو اپنے اندر بہت طاقت رکھتی ہے اور جب کوئی انسان اس جگہ صدقے کا گوشت یا ویسے ہی گوشت پھینک دے تو بعض اوقات اسی دن یا حد تین دن کے بعد وہی مخلوق اس گوشت کو اپنے استعمال میں لا کر باقی حصہ اسی فرد سے لینے اس کے گھر آتی ہے اور گوشت نہ ملنے پر اسے جسمانی ایسی اذیت ملتی ہے جس سے ڈاکٹر حضرات نابلد ہوتے ہوئے اس مرض پر قابو کبھی نہیں پا سکتے۔ اس کی نشانی یہ ہے کہ جسم کے کسی حصے سے خون غیر موافق طریقہ کار کے بہنا شروع ہو جاتا ہے خصوصاً ناک کے ذریعے خون کی روانگی بالکل ایسی ہوتی ہے جیسے کسی نے پانی کا نل کھول دیا ہو اس پر دنیاوی کوئی بھی ڈاکٹر عبور نہیں پا سکتا اگر کوئی خدانخواستہ

ایسی اذیت میں مبتلا ہو تو ایک عدد سادے پانی کی بوتل اپنے پاس رکھ کر چاروں قل شریف ایک سو مرتبہ، آیت الکرسی سو مرتبہ، درود ابراہیمی اول و آخر سو مرتبہ، اور ناد علی بہتر مرتبہ پڑھ کر کالی مرچ کے سات دانوں پر دم کرے اور انہیں اس بوتل میں ڈال دے اور دوسری زور سے پھونک پانی میں بھی مارے یہ روحانی دوا تیار ہے اس پانی کو صبح نہار منہ اور مسلسل پیا جائے تین دن اس عمل کو کر لینے کے بعد ایک عدد کالا بکرا لایا جائے اور اسے مریض کے الٹی طرف باندھا جائے اور اگلے دن بوقت صبح سورج طلوع کے اسے مریض کے ہاتھ سے چھری لگوا کر خود ذبح کرے یا کسی قصائی سے کروا کر مستحق افراد کو بانٹ دے خصوصاً ایسے افراد کو جو اس دنیا میں مفلسی کی زندگی جیتے ہوں یہ مخلوق جہاں سے آئی تھی وہاں واپس جانا اس پر فرض بن جاتا ہے۔ ایسی مخلوق کا تعلق ڈائن، چھل پیری، جس کے پیر پیچھے کو مڑے ہوتے ہیں۔ لیکن بعض اوقات یہی ایک خوبصورت عورت یا لڑکی کا روپ بن کر بھی دھوکہ دے سکتی ہے لیکن اپنے پاؤں سیدھے نہیں کر سکتی اس کی تصدیق کرنے کیلئے ہمیشہ اگر ایسی مخلوق سے پالا پڑ جائے تو فوراً پاؤں کی طرف دیکھنا چاہئے اور اگر پاؤں مڑے بھی ہوں تو ڈرنے یا حوصلہ ہارنے کی بجائے فوراً درود پاک، آیت الکرسی، یا جو بھی قرآنی سورۃ آیت یا اسم اعظم یاد ہو فوراً ورد کرنا چاہئے یہ کبھی بھی ورد کرنے والے کا کچھ نہیں بگاڑ سکیں گے۔ بعض افراد ایسا بھی کہتے ہیں اور دوسرے افراد کو یہی بات بتاتے ہیں کہ اگر ایسی مخلوق سامنے آ جائے تو اپنے کپڑے اتار دینے چاہئیں ایسا کرنا غلط ہے اور زیادہ نقصان بچ کر نکلنے پر بھی یہی ہوتا ہے کہ خوف و دہشت کا لرزہ پورے جسم میں سرایت کر جاتا ہے اور مریض خوف و دہشت کے آگے پست ہو کر اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھتا ہے ایسا کپڑے اتارنا بالکل غلط ہے صرف پاک ورد کوئی سا بھی کرنا چاہئے اس کے کئی فوائد ہونگے مثلاً خوف و دہشت وقتی طور پر آتے ہوئے ذہن پر سوار نہیں ہوگا جسم لرزہ نہیں کھائیگا اور جان بھی سلامت رہیگی کیونکہ غیر انسانی مخلوق وہی نقصان کریگی جو اللہ کے احکامات کو نہیں مانتی اور جو سرکشی کرتا ہو وہ ہی دوسرے عام انسانوں کو نقصان پہنچا کر سکون حاصل کریگا۔ اس لئے ایسی مخلوق کے کئی روپ بھی ہو سکتے ہیں جو کسی بھی فرد کے گھر والے یا اس کے کسی عزیز یا رشتہ دار کا روپ دھار کر انہیں پریشان کر سکتے ہیں یا کسی مصیبت میں مبتلا کر سکتے ہیں اللہ تعالیٰ ایسی مخلوق سے کل عالم کو بچائے۔ (آمین)

Scanned with CamScanner

جادو کیا ہے؟

جادو ایک ایسا فعل قبیح ہے جو دنیاوی کاموں میں مختلف اقسام کی طرح مختلف فارمولوں کا محتاج ہے اور موقع کی مناسبت سے کوئی بھی عمل کر کے اس پر عمل کیا جاتا ہے اور اگر حقیقت میں کوئی جادو جانتا ہو تو اس کے سو فیصدی منفی اثرات ضرور جادو کے زیر رہنے والے کی زندگی میں اثر انداز ہوتے ہیں اب وہ کسی کے ہاتھوں سے اگر ٹوٹ جائے تو یہ ایک علیحدہ بات ہے لیکن جادو کرنے سے ہو جاتا ہے اور اس میں کسی بھی شخصیت کو نہیں دیکھا جاتا ہے کہ فلاں کوئی وزیر ہے یا صدر ہے تو اس پر جادو نہیں ہوگا بلکہ جادو کرنے کیلئے انسان ہونا بہت ضروری ہے اور عہدے دنیاوی زندگی میں بنتے ہیں پہلے ہر کوئی ذی روح انسان ہی ہے۔ اس لئے دنیا میں کئی افراد اپنے مفاد کے پیچھے ایسے کئی قسم کے جادو کرواتے ہیں جس سے انہیں فائدہ پہنچے یا کوئی کسی کو اپنے حق میں مغلوب کرنا چاہے اس کی میری اپنی آنکھوں دیکھی کئی مثالیں ہیں۔ غور فرمایئے

(۱) ایک فرد نے کسی کو روپے دیئے ہیں اور وہ واپس مانگ رہا ہے اور روپے دینے والی کی نیت خراب ہوگئی ہے تو وہ اس رقم کا چوتھا حصہ ایسے عامل کو دے کر ایسا علم کرواتا ہے۔ جس سے روپے لینے والا اچانک نئی نئی تکالیف اور اذیتوں میں مبتلا ہو جاتا ہے اور اسے روپے مانگنے کی ہوش نہیں رہتی اور وہ اس بات کو بھول جانا مناسب سمجھتا ہے اسی طریقے سے کئے جانے والا دوسری قسم کا جادو اس طرح کیا جاتا ہے کہ اگر روپے بہت زیادہ ہوں اور اس کے دینے میں نیت خراب ہو جائے تو وہ ایسا عامل ڈھونڈتے ہیں جو کالے علم کا ایسا ماہر ہوتا ہے جو اللہ کے عذاب میں ہر وقت اور ہر گھڑی مبتلا رہتا ہے اور اس کی تسخیر میں ایسی مخلوق ہوتی ہے جو کسی بھی انسان کو جان سے مارنے سے بھی دریغ نہیں کرتی چونکہ جادو کے ذریعے مرنے والے افراد پر کوئی پولیس میں رپوٹ بھی درج نہیں کروا سکتا اس لئے جادو کا اصل نام اور اس کا کام (سانپ بھی مر جائے اور لاٹھی بھی نہ ٹوٹے) والا ہے جس سے متعلقہ مقصد میں کامیابی ہو جاتی اور کسی کو کانوں کان خبر بھی نہیں ہوتی اور یہ موت ایک راز کی طرح راز بن جاتی ہے اور سوائے پچھتاوے کے کچھ ہاتھ نہیں آتا لیکن اس قسم کے جادو ہزاروں میں نہیں بلکہ لاکھوں روپے خرچ کروا کر ہوتے ہیں اور جو ایسے عملیات کرتے ہیں وہ کبھی بھی آبادی

میں رہائش پذیر نہیں ہونگے کیونکہ ان کے ماتحت جو مخلوق کام کرتی ہے وہ آبادی سے بھاگتی اور ایسی جگہ پر رہنا چاہتی ہے جو بالکل سنسان اور بیابان جگہ ہو اس لئے ایسے عملیات کرنے والے اس کام کے شوق اور لگن میں یہ شرط بھی قبول کرتے ہیں اور زیادہ سے زیادہ روپے کمانے کیلئے ایسی جگہوں کا انتخاب کرتے ہیں۔ یہ کسی معمولی جادوگر یا عامل کا کام نہیں ہوتا بلکہ ایسے عامل نے پہلے سے اپنے آپ کو عذاب میں گرفتار کروا کر اس مقام میں مہارت حاصل کی ہوتی ہے۔ جو اس دنیا میں اسے فائدے تو دیتی ہوگی لیکن آخرت میں ایسے افراد کا کچھ بھی حصہ نہیں ہوتا۔

(۲) بعض اوقات نکاح بندی کرنے کے سلسلے میں ایسا جادو کیا جاتا ہے جس سے لڑکی ولڑکا خوبصورت ہونے کے علاوہ ان کے رشتے تو آتے رہتے ہیں لیکن کسی نہ کسی وجہ سے رشتہ نہیں ہوتا اور وہ کئی طرح کے عملیات و وظائف بھی کرتے ہیں لیکن اس میں بھی کوئی خاطر خواہ افاقہ نہیں ہوتا یہ بھی جادو کی ایک قسم ہے ایسا جادو ان کے اپنے ہی کرواتے ہیں یا ایسے اعمال ضد بازی پر کئے جاتے ہیں کیونکہ یہ بات طے شدہ ہے کہ جادو وہی کروائے گا جس کو کوئی نہ کوئی مفاد ضرور ہوگا کوئی مفاد نہ رکھنے والے افراد ہرگز جادو نہیں کروائیں گے۔ ایسی مثالوں سے یہ دنیا بھری پڑی ہے اور روز کوئی نہ کوئی نیا واقع ضرور ہوتا ہے۔

جادو کی پیدائش

جادو کی پیدائش بہت قدیم ہے اور اس کے ماہر اعظم ہاروت و ماروت ہیں جو آج بھی بابل کے شہر میں کنوئیں میں الٹے لٹکے ہوئے ہیں ان کے پیروکار اور ان کے سلسلے سے تعلق رکھنے والے افراد (فرعون، ہامان، شداد، قارون) اور اس کے علاوہ کئی ایسی مشہور شخصیات میں سے تھے جن کے واقعات بہت مقبول ہیں پھر جیسے جیسے یہ سلسلہ چلتا گیا اسی طرح اس میں بھی ترقی ہوتی گئی اور جادوگر طرح طرح کے جنتر منتر سیکھ کر اس سے روحانی مخلوق کو اپنے تابع کرتے اور ان سے طرح طرح کے کام لیتے چونکہ ایک عام آدمی زندگی میں کمائی کرنے کیلئے اور کامیاب ہونے کیلئے دن بھر رات محنت کرتا ہے اسے ان اشیاء سے کیا حاصل کہ جادو ٹونے کے چکروں میں پڑے لیکن اس چیز نے پھیلنا تھا وہ مختلف طریقہ کار سے پھیلی اور اب تک بھی جاری ہے۔ اب بھی شیطان کے ساتھی اور ان کو ماننے والے انہی

Scanned with CamScanner

کے موضوع پر جنتر منتر پڑھتے ہیں اور ان سے ملاقات کرتے ہیں پھر دنیاوی مختلف کاموں کی طرح ان کے بھی شعبہ جات ہوتے ہیں جس سے ہر کام کو اس کے طریقے سے کرتے ہیں مثلاً اگر کسی سے پیار و محبت والا کام ہے تو انہوں نے اس منتر کی ریاضت کے ذریعے اس مخلوق کو تابع کیا ہوتا ہے جس کا کام سات سمندر سے بھی دور افراد کو کھینچ لانے سے ہے اور اس کی محبت دل میں ڈالنے سے ہے۔ اب ہاروت و ماروت کیا ہیں؟ یہ دو ایسے فرشتے تھے جن کا تعلق مقام (سفلی) سے تھا۔ یعنی کالا علم یہ جادو ٹونے کی کلام اور اس کو کرنے میں اتنی مہارت رکھتے تھے جیسا کہ قرآن مجید میں ان کے متعلق سورۃ البقرہ کی آیت (102) میں بتایا ہے غرض کہ لوگ ان سے (ہاروت و ماروت) سے ایسا جادو سیکھتے کہ دو میاں بیوی میں جدائی کروا دیں قرآن مجید میں ان کی یہ مختصر سی آیت میں نے چنی ہے اور تفسیر میں اس کی تشریح پر یہ کتاب لکھ دی ہے اب آگے خود اندازہ کیجئے کہ سمجھنے والے نے اس سے کیا سمجھا اور جو بتایا وہ سچ ہے کہ جھوٹ اس کا فیصلہ عوام پر ہے۔ ان فرشتوں کو دنیا میں اس لئے بھیجا گیا کہ زمانہ جاہلیت میں دوسرے افراد انبیاء علیہ السلام اور جادوگر میں کوئی خاص فرق نہیں جانتے تھے یعنی جو کام انبیاء کرتے وہی کام جادوگر اپنے سیکھے ہوئے جادو کے زور پر دوسرے لوگوں کو دکھاتے جس سے اللہ کے سچے پیغام میں خلل واقع ہوتا تھا چونکہ یہ فرشتے جادو کے ماہر اعظم تھے اور ان کا مقصد جادوگر اور نبیؑ کے درمیان واضح فرق کو دوسرے افراد کو دکھانا تھا لیکن وہ اس وقت دنیا کی رنگ رنگینیوں میں خود غرق ہو گئے اور اپنے اس علم کو دوسرے لوگوں کو سکھانا شروع کر دیا جس سے انہوں نے بہت سے ایسے افراد کو اس علم کو سکھایا جو اس کا غلط استعمال کرتے اور اس کے ذریعے ایسے ایسے کام کر دیتے جو سراسر نقصان و اذیت پر مبنی ہوتا تھا۔ کیونکہ جادو صرف نقصان، اذیت، سزا، عذاب، اور اس سے متعلق ہر اس شے میں مبتلا کر سکتا ہے جس سے نیکی نام کا کوئی تعلق دور دور تک نظر نہیں آتا اس لئے جادو صرف فعل قبیح ہے اور اس کے ذریعے نقصانات والے کام نیکی والے کاموں سے بہت جلد ہوتے ہیں لیکن دیرپا نہیں ہوتے اور یہ قرآن مجید کی سچی کلام سے ٹوٹ کر دھرم بھرم ہو جاتا ہے لیکن اس کو توڑنے سے پہلے یہ اپنا اثر ضرور دکھاتا ہے اور اگر کوئی بدنصیب اس کی لپیٹ میں آجائے تو وہی اس بات کی صحیح گواہی دے سکے گا کہ واقعی جادو کی ایک حقیقت ہے دوسرے عام افراد کیلئے ایک موضوع فضول ہو سکتا ہے لیکن ان افراد کیلئے ہرگز نہیں جو اس کی

قباحت سے محفوظ نہیں رہ سکے ایسی کئی مثالیں میری اپنی آنکھوں دیکھی ہیں اور میں نے استادوں سے اس علم کو سیکھا ہے جو حرف با حرف بالکل سچ ہے۔

درود شریف سے جادو کا خاتمہ

یہ میرا زندگی کا روزانہ معمول اور تجربہ ہے کہ میرے پاس کوئی بھی جادو گرفتہ آئے تو میں اس کو درود ابراہیمی گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کرتا ہوں تو مریض پر غنودگی غالب آتی ہے اور دس منٹ کے بعد فوراً وہ اپنی روح میں تازگی محسوس کرتا ہے جس سے اسے سکون ملتا ہے اور وہ مجھے اس بات کے متعلق خود بتاتا ہے کہ دوبارہ مجھے کبھی جادو کی اذیت نہیں ہوئی یہ میرا روزانہ کا معمول ہے اور میں ایسے مریضوں کی تشخیص اور ان کے کامل علاج کیلئے سب سے پہلے درود پاک کے ذریعے علاج کرتا ہوں اور اللہ کے حکم سے انہیں شفاء ضرور بر ضرور ملتی ہے اس تجربے سے یہی ثابت ہوا کہ جادو درود شریف کے سامنے بالکل ہیچ ہے کیونکہ جو افراد درود پاک کو ورد کرتے ہیں یا اسے پڑھتے ہیں تو وہ فوراً سرکار مدینہ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی ذات پاک تک فوراً پہنچا دیا جاتا ہے کہ فلاں شخص نے آپ ﷺ پر فلاں درود بھیجا ہے درود پاک ایک رابطے والا عمل ہے جو رابطہ سرکار مدینہ ﷺ کے ساتھ ہوتا ہے اب جس طرح شیطان ہر انسان کا روپ دھار سکتا ہے اور اسے سرکار مدینہ ﷺ کا روپ دھارنے کی طاقت میسر نہیں اسی طرح دوسری کئی کلاموں سے زیادہ بڑھ کر درود پاک میں ایسی روحانیت چھپی ہوئی ہے جو آج کے انسان کے ذہن سے بالاتر ہے اس لئے اگر کوئی فرد جادو ٹونے یا کسی بھی اذیت سے محفوظ رہنا چاہے تو میری طرف سے ہر کسی کو اس کی اجازت ہے کہ وہ روزانہ بعد نماز عشاء درود ابراہیمی کو پانچ سو مرتبہ پڑھے اور دم کیا ہوا پانی پئے اسے کبھی جادو کا اثر نہیں ہوگا۔ اگر کوئی مریض ہو یا کسی بھی روحانی یا جسمانی بیماری میں مبتلا ہو تو اس کے خاتمے کیلئے درود پاک کو گلاب کے عرق پر دم کر کے پلایا جائے اللہ رب العزت ضرور شفاء دیگا۔

اللھم صل علی محمد و علیٰ آل محمد کما صلیت علیٰ ابراھیم و علیٰ آل ابراھیم انک حمید مجید اللھم بارک علیٰ محمد و علیٰ آل محمد کما بارکت علیٰ ابراھیم و علیٰ آل ابراھیم انک حمید مجید۔

Scanned with CamScanner

خون کے چھینٹے

آج کل بکثرت لوگوں کے گھروں، کاروباری مقام، اور جسم پر پانی یا خون کے چھینٹے پڑتے ہیں۔ جس سے اس بات کی بہت حیرت ظاہر ہوتی کہ چھینٹے لگانے والا نظر نہیں آتا اور حقیقت میں کپڑے، اور در و دیوار خون سے رنگی جاتی ہیں۔ یہ سب کیا ہے؟ ایسا کون سا عامل کرتا ہے؟ اور اس کا مستقل علاج کیا ہے؟ غور سے مطالعہ کیجئے ایک ہندی کلام ہے جسے میں یہاں بیان نہیں کرونگا اس ہندی کلام کے ماتحت ایک مخلوق ہے جو جنات نہیں اور موکلات بھی نہیں وہ کیا ہیں یہ بھی میں نہیں بتاؤں گا وہ اس کلام کے ماتحت ہیں اور ان کو اپنی تسخیر میں کرنے کیلئے قبرستان میں جا کر اس کلام کو مقررہ دنوں اور مقررہ تعداد کے حساب سے پڑھا جاتا ہے جس سے یہ مخلوق ہم کلام ہوتی ہے اور اس کا یہی کام ہوتا ہے کہ جس کسی کے بھی گھر میں یہ خون کے چھینٹے لگا سکتی ہے اور اس گھر میں ایک عجیب سی دہشت پیدا کر سکتی ہے۔ ظاہراً طور پر بھی اگر ایک کمرہ یا گھر بند ہو اور اس بند گھر میں خون کے چھینٹے یا گوشت کے غلیظ لوتھڑے برآمد ہوں تو دہشت واقع ہوتی ہے۔ یہ علم و عمل تین اقسام میں منقسم ہے۔ پہلا صرف دہشت پھیلانے سے متعلق کیا جاتا ہے جس سے ان کے اپنے کوئی عزیز یا کوئی مفاد پرست انسان ایسا کسی اسی کلام کے عامل سے پیسے دے کر کرواتا ہے جس سے اس عمل کے کروانے والے کو کوئی مفاد حاصل ہو سکتا ہو لیکن ان خون کے چھینٹوں سے گھر کا نظام عام حالت میں چلتا رہتا ہے ایسا نہیں ہوتا کہ رزق بند ہو جائے یا کوئی اذیت میں مبتلا ہو جائے اس کا تعلق درجہ اول کے ساتھ ہے۔ دوسرے درجے پر اسی کام کو جو مخلوق سر انجام دیتی ہے وہ اسی گھر کی خواتین کے پلیدی والے کپڑوں کو جمع کرتی ہے جنہیں اس گھر کی عورتیں پھینک دیتی ہے وہ اسی کو تر و تازہ کر کے اسی غلیظ و نجس خون کو ان کے گھر میں مختلف طریقوں سے پھینکتے ہیں اس کی واضح نشانی یہ ہوتی ہے کہ گھر سے اچانک بدبو آتی ہے اور یہ بدبو ایسی ہوتی ہے کہ انسان سانس بھی نہیں لے سکتا اس کا کیا علاج ہے اس کو آگے بیان کیا جائیگا۔ تیسرے درجے کی مخلوق زبردست قسم کی ہوتی ہے اور وہ بہت محنت کرنے کے بعد تسخیر میں آتی ہے یہ مخلوق جس گھر یا دکان میں خون کے چھینٹے مارتے ہیں وہاں رہنے والوں کو زیادہ سے زیادہ اذیت کا نشانہ بناتے ہیں۔ اور اگر کسی دکان میں یہ اس کام کو کریں تو وہاں کا کاروبار آہستہ آہستہ بالکل بند ہو جاتا ہے اور اس کی کوئی بھی واضح وجہ سامنے نہیں آتی۔

بس نقصان در نقصان ہوتا چلا جاتا ہے اور اگر یہی کام گھر میں ہو تو وہاں رہنے والے مرد و خواتین ایک عجیب سی بے چینی میں مبتلا ہوتے ہوئے کاروبار سے بھی ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں اور ان کی نمازیں اور کوئی بھی سورہ ان کو کسی بھی طور نفع نہیں دیتی لیکن اس کا مطلب ہرگز یہ نہیں کہ وہ نماز اور قرآن مجید کی تلاوت نہ کریں بلکہ ڈٹ کر اس کا مقابلہ کریں اور کسی اچھے معالج سے اس کا علاج کروائیں یہ تین حالتیں جن عاملین اور ان کی تسخیر میں رہنے والی مخلوق کی بیان کی ہیں حقیقت میں بالکل ایسا ہی ہے کیونکہ میں جن رازوں کو جانتا ہو یہ راز ان سے باہر نہیں بلکہ عملیات میں ایک حصہ ان کا بھی ہے لیکن میں اللہ کی ذات سے ڈرتے ہوئے نہ تو ایسے ورد کرتا ہوں اور نہ ہی ایسے کام جس سے اللہ کی خوبصورت مخلوق کسی اذیت کا نشانہ بنے بلکہ میں خود مختلف سورتوں کا عامل ہوں یہاں اس بات کو کرنے سے میرا مقصد یہی ہے کہ میں اس ورد کو جانتا ہوں جو مخلوق اس کی تابعداری میں یہ کام کرتی ہے۔ اور حقیقت میں بھی بالکل ایسا ہی ہے اس مخلوق سے بچنے کی کیا تدابیر ہیں ان کا آگے تفصیل وار ذکر ہوگا اور ایسے طریقہ کار درج ہونگے جو آج تک دنیا کی کسی بھی کتاب میں درج نہیں ہونگے۔

خبیث عورت سے صحبت کرتا ہے

آج اس ترقی یافتہ دور میں ایسی خواتین موجود ہیں جو اس مخلوق کے زیر رہتے ہوئے عجیب الجھنوں، تکلیفوں اور اذیتوں میں مبتلا ہیں اور ان کے ساتھ ایسا کیوں ہوتا ہے۔ اس کے متعلق نہ تو کوئی ڈاکٹر جانتا ہے اور نہ ہی کوئی جاہل عامل اور ایسی خواتین اگر کسی سے کوئی حساب نکلوانے جائیں تو ان کی مثال جتنے منہ اتنی باتیں والی بنتی ہے اور تکلیف و اذیت جوں کی توں رہتی ہے۔ خواتین کے روحانی معاملات میں سب سے زیادہ کردار خبیث کا ہوتا ہے جو جنات کی قوم سے ہوتا ہے اور اس حلقے میں سب سے ادنیٰ مقام رکھتا ہے۔ یہ زیادہ تر خوبصورت لڑکیوں پر عاشق ہوتا ہے اور موقع ملنے پر اگر اس کو اس لڑکی کے ساتھ رابطے کا کوئی راستہ مل جائے تو یہ اس سے میاں بیوی والا سلوک کرتا ہے اور اس کی اکثریت جہاں پائی جاتی ہے وہ لڑکیوں کے پڑھنے والے سکول اور کالج ہیں جو بہت زیادہ قدیم ہوں اس لئے وہاں پڑھنے والی لڑکیاں احتیاطی تدابیر کے طور پر خود اپنے ہاتھوں سے سفید کاغذ پر کسی بھی روشنائی سے الحمد شریف، آیت الکرسی، اور چاروں قل شریف کو لکھ کر اس کے نیچے اپنا نام مع والدہ لکھ کر اسے اپنے گلے، بازو، یا اپنے پاس رکھیں تا کہ آگے بیان اس

Scanned with CamScanner

مخلوق کی اذیتوں سے ہمیشہ کیلئے محفوظ رہا جا سکے اب اس کی جو نشانیاں ہوتی ہیں وہ میں یہاں بیان کرتا ہوں۔سب سے پہلے جو نشانی اس لڑکی کی زندگی میں محسوس کرنے والی ہوتی ہے وہ سبھی گھر کے افراد بہت زیادہ محسوس کرتے ہیں مثلاً اچانک ہنستی کھیلتی لڑکی کا مزاج چڑچڑا اور بدمزاج ہو جائیگا جس سے اس کا دل زیادہ سے زیادہ لڑنا اور زیادہ سے زیادہ گالیاں نکالنے سے متعلق ہوتا ہے جب کہ اس کیفیت سے پہلے اس لڑکی نے کبھی ایسی حرکت نہیں کی ہوتی زیادہ سے زیادہ فاحشانہ حرکات کر کے اس کو سکون ملتا ہے۔اب جس کے ساتھ خبیث تعلق پیدا کرتا ہے تو کیا کرتا ہے؟ لڑکی کی شرم گاہ درد کرتی ہے اور بعض اوقات مقعد میں درد ہوتا ہے جوڑوں میں درد ہوتا اس کی وجہ کہ وہ لڑکی کسی کو دیکھ نہیں رہی ہوتی لیکن اس کے جذبات ایسے ہی بھڑکے ہوتے ہیں جیسے میاں بیوی ہوں اور وہ لڑکی یہی محسوس کرتی ہے کہ جیسے میں خود ہی ایسے کر رہی ہوں بلکہ اصل میں اس کے ساتھ یہی خبیث کر رہا ہوتا ہے۔اور حیض والے دنوں میں حیض ایسی درد کے ساتھ آتے ہیں جیسے اندر سے کوئی شریانیں کاٹ رہا ہوں پیشاب کرنے کے بعد ایک رعشہ نما شے نکلتی ہے جسے وہ لڑکی پیشاب کی ہی کوئی تکلیف سمجھتی ہے جب کہ وہ اس خبیث کا خارج ہوا مادہ ہوتا ہے۔اس مادے سے حمل نہیں ٹھہرتا بلکہ تکلیف کی شدت اور زیادہ بڑھتی ہے اس کی واضح نشانی کہ چہرے پر زردی زیادہ ہوتی ہے اور ہاتھ پاؤں کے جوڑ کالے ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔اس کی واضح نشانی جو دیکھنے میں آئی ہے وہ یہ کہ اگر وہ لڑکی نماز و روزے کی پابند ہو گی تو فوراً نماز کو ترک کر دے گی اور ایسی اشیاء میں دلچسپی لے گی جو شریعت میں جائز نہیں اس کا اگر بروقت علاج نہ کیا جائے اور اس مرض پر اگر قابو نہ پایا جائے تو یہ بات بس سے باہر ہونے کے علاوہ اس لڑکی کی زندگی جہنم بن جاتی ہے اور اسے دنیا میں کسی بھی شے سے سکون حاصل نہیں ہوتا اگر اس کیفیت میں مبتلا لڑکی کی شادی کر دی جائے تو خبیث کی یہ قسم اس لڑکی کے نکاح کے ساتھ خود اس کے نکاح میں آ جاتا ہے جس سے وہ لڑکی ساری زندگی اولاد پیدا کرنے کے قابل نہیں رہتی اور اگر کوئی اولاد پیدا بھی کر لے تو وہ زندہ نہیں بچتی اور جیسے جیسے وقت گذرتا جاتا ہے نو بیاہتا جوڑا آپس میں ناچاقی اور نفرت کا شکار ہوتے ہوئے ایک دوسرے سے علیحدگی کرنے کی سوچ رکھتے ہیں جو نقصان پر منحصر ہے یہ جوڑا آپس میں کیوں نہیں رہنا چاہتا کسی کی بھی سمجھ میں نہیں آتا یہ اسی خبیث کی حرکت ہوتی ہے کہ وہ اپنے خاوند سے علیحدہ رہے اور وہ زیادہ اس لڑکی سے جڑا رہے بعض حالت میں ایسا بھی ہوتا ہے کہ اگر

یہ خبیث اس عورت سے ہم بستری کرنے میں مشغول میں ہو اور اس دوران اس کا شوہر آ جائے تو یہ اس کا بھی نقصان کرنے سے دریغ نہیں کرتا اور اس کا جو بھی کاروبار ہو اس میں نقصان یہ خود کرتا ہے اور نام جادو ٹونے کا لگتا ہے۔کہ فلاں نے جادو کے ذریعے کاروبار کی بندش کر دی ہے اور شوہر اسی بات کو کہتا ہے کہ جب سے میری شادی ہوئی ہے تب سے میرا کاروبار ختم ہو گیا ہے اصل میں یہ اس مخلوق کی طرف سے ملنے والی اذیتوں کی نشانیوں میں سے ایک نشانی ہے۔اگر کوئی عورت شادی شدہ ہو اور وہ خوبصورت بھی ہو اور ایسی کوئی حرکت کر بیٹھے مثلاً (بغیر سر ڈھانپے بازار جائے، چھت پر جائے، چوراہے پر سے گزرے، یا قبرستان کے پاس سے گزرے، خوشبو لگا کر بازار جائے یا اوپر درج جگہوں پر جائے) ان کیفیات میں اگر کوئی بدنصیب عورت وقت کے چکر میں پھنس جائے اور خبیث کی اس پر نظر پڑ جائے اور وہ اس سے تعلق پیدا کرنا چاہے تو وہ شادی شدہ عورت اور کنواری لڑکی میں فرق محسوس کرتے ہوئے کچھ اور قسم کی اذیتوں میں مبتلا کرتا ہے مثلاً شادی عورت کے ساتھ ہم صحبت ہونے کے علاوہ اسے اذیت کا نشانہ کبھی بہت زیادہ اور کبھی بہت کم بناتا ہے زیادہ اس لئے کہ اگر وہ سرکش ہو اور اسے اس بات کا علم ہو کہ کوئی بھی میری طاقت کا سامنا نہیں کر سکے گا اور کم اس لئے کہ اگر اذیت زیادہ ہو گی تو علاج و معالجے یا کسی روحانیت رکھنے والی شخصیت سے اس عورت کا علاج کروایا جائیگا اور اس سے اس کے کام میں خلل واقع ہو گا اور وہ اپنی طاقت کم ہوتے ہوئے چھپ کر ایسی حرکات سرانجام دیتا رہتا ہے۔اب اس مخلوق سے کیسا نپٹا جائے اور اس کا کیسے خاتمہ کیا جائے ملاحظہ فرمایئے ایک چھٹانک خالص زعفران ایک بوتل خالص گلاب کے عرق کی اور پانچ عدد سفید رنگ کے کاغذ بغیر لائنوں والے اور حسب استعمال کالا اور سرخ باریک مارکر (نوٹ) (چونکہ خبیث عورتوں سے صحبت کرتا ہے اور انہیں اذیت کا نشانہ بناتا ہے اور مردوں سے صحبت کرنے کے علاوہ انہیں کسی اور اذیت میں مبتلا کرتا ہے اس لئے جو عمل بیان ہو گا اس کو اس لڑکی کی والدہ، بہن، یا اس کی کسی عزیز لڑکی یا عورت کو عمل کرنے کی اجازت ہے اگر کوئی مرد اس عمل کو عورت پر کریگا تو وہ گناہ گار ہونے کے ساتھ اس عمل میں کامیاب نہیں ہو گا اور اس خبیث کے ہاتھوں خود ہلاکت میں مبتلا ضرور بر ضرور ہو جائیگا) سب سے پہلے گلاب کے عرق کی بوتل اور زعفران دونوں کو اپنے سامنے رکھا جائے بوتل کا ڈھکن کھول دیا جائے اور زعفران والا کاغذ یا کسی بھی شے میں ہو کھول دیا جائے پاک و باوضو حالت میں مصلے پر ان اشیاء کو اپنے سامنے بیٹھ کر

سورہ یسین کو اکتالیس مرتبہ پڑھا جائے اگر اس دوران مریضہ سامنے بیٹھ جائے تو بہت بہتر ہے پھر پہلے گلاب کی بوتل میں دم کیا جائے اور دوسری پھونک زعفران کو ماری جائے تیسری پھونک مریض کے دونوں کانوں میں ماری جائے اب زعفران کو گلاب کے عرق میں بھگو کر اس کا رنگ نکالا جائے اور اس سے مریض کے پستانوں کے اوپر ایک ایک مرتبہ اس نقش کو زعفران سے بنایا جائے اور جس قلم سے اس نقش کو بنایا جائے اس کے منہ پر تھوڑی سی روئی لپیٹ لی جائے تا کہ لکھتے وقت مریضہ کو کوئی تکلیف نہ ہو۔ جب نقش بن جائے اور سوکھ جائے تو اس گلاب کے عرق سے بغیر بے ادبی کے تھوڑا تھوڑا ڈال کر مالش کر کے مٹا دیا جائے یہ نقش جادو کرنے والوں کے سرداروں سے منسوب ہے اور اس کا تاریخ میں ایک ثبوت موجود ہے جو میں یہاں بیان نہیں کرسکتا نقش کو بناتے اور مٹاتے وقت اگر سورہ والناس کا ورد کیا جائے تو یہ سونے پر سہاگہ ہے۔ اس عمل کو گیارہ روز تک کیا جائے اور گلاب کا عرق دم شدہ صبح نہار منہ ایک گھونٹ ضرور پیا جائے بعد گیارہ دن کے اسی نقش کو مریضہ کے پستان پر سفید کاغذ رکھ کر ایک کو سرخ روشنائی سے اور دوسرے پستان پر کالی روشنائی سے لکھے اور اسے جوتیاں مار کر جلائے اور اس کی راکھ کو اپنے پیروں سے مسل کر محفوظ کر لیا جائے اس عمل کو نو دن کیا جائے بعد اس عمل کے تمام جمع شدہ راکھ کو دریا میں اپنے پرانے کپڑوں میں پوٹلی کی شکل بنا کر بہا دیا جائے خبیث ہو یا کوئی اور مخلوق زندگی میں کبھی مریضہ کی طرف ہرگز مائل نہیں ہوگا آئندہ محفوظ رہنے کیلئے اللہ پنجتن پاک والے نقوش کو گلے میں باندھا جائے



اثرات جادو اور تکلیف

جادو ٹونہ کسی بھی تعویذ کا محتاج نہیں ہے بلکہ خود ایک منتر ہے جس کی تاثیر سے متعلقہ کام کو دیکھتے ہوئے اس کی نوعیت کے حساب سے اس عمل کو کیا جاتا ہے جس سے کوئی بھی اس کے بد اثر سے اثر انداز ہوتے ہوئے دن بدن نئی نئی آفتوں، بیماریوں، اور اذیتوں کا شکار بنتا چلا جاتا ہے اور اس کی کوئی بھی واضح وجہ سامنے نہیں آتی بس بیماری دن بدن طول پکڑتی جاتی ہے اور تکلیف دہ مراحل شروع ہو جاتے ہیں اب اگر اس کا صحیح اور بروقت علاج نہ کیا جائے تو یہ زندگی کیلئے ایک ایسا وبال بن جاتا ہے جس کا علاج بھی مشکل سے ملتا ہے۔ مثلاً اگر کسی کو جادو کی مار دینی ہو تو جادوگر عامل اس کام کے کئی روپے لیتے ہیں اور اس کے مطابق ایک فارمولا تیار کرتے ہیں جیسے گوشت، شراب، اور کئی مکروہات اشیاء جو ان کی تابع چیزیں پسند کرتی ہیں پھر یہ اپنے اس منتر کو پڑھتے ہیں جس سے انہوں نے اس مخلوق کو اپنے تابع کیا ہوتا ہے پھر اس کی خوشامد کر کے اس سے کام کو کہا جاتا ہے تو وہ فوراً اس کام کو کر دیتے ہیں یا کوئی ایسا طریقہ بتاتے ہیں جس سے ان کا مقصد پورا ہو جائے اس تمام عمل کو کر لینے کے بعد جادو کے ذریعے وہ کام ضرور ہوتا ہے۔ جس کیلئے اس کو کیا جائے پھر اگر اس عمل کا تعلق کسی کو بیمار یا تکلیف میں گرفتار کرنے سے ہو تو وہ ہو جاتا ہے اور وہ خود اپنی زندگی میں ایک عجیب سی کیفیت محسوس کرتا ہے کہ پہلے اس کے ساتھ کوئی بھی ایسی وجہ نہیں تھی جو آج کل رونما ہو رہی ہے۔ اب کئی ایسے عاملین میں نے دیکھے ہیں جو اب منتروں کے ذریعے تابع کی ہوئی مخلوق سے نقوش بھی بنواتے ہیں جس کی تحقیق میں نے خود کی ہے تو وہ ہندی کلام کے تعویذ تھے اور بعض الو کے خون سے لکھے تھے اور بعض انسانی خون سے اس کی مکمل تحقیق کی گئی اور جو بات عجیب سامنے آئی وہ یہ تھی کہ جس نے ان نقوش کو بنایا تھا وہ سرے سے ہی ہندی کلام کو نہیں جانتا بلکہ پڑھا لکھا ہی نہیں ہے اس سے زیادہ سے زیادہ معلومات کی گئی اور اس کتاب میں کئی ایسے نسخہ جات ہیں جو اس مخلوق نے خود بتائے کہ اگر کوئی ایسا کرے تو ایسا ہوگا جو آگے بیان ہونگے۔ جادو کے ذریعے وقتی طور پر انسان دنیا میں کئی ایسے گھاٹے ضرور کھا جاتا ہے جو ناممکنات سے تعلق رکھتے ہوئے اندر ہی اندر سے اپنا کام دکھا جاتے ہیں بذریعہ جادو جو نشانیاں دیکھنے میں آتی ہیں ان کا بغور مطالعہ کیجئے مثلاً (1) جادو کی بنیاد پر انسان کا ہلاک ہو جانا (2) اچھے بھلے چلتے ہوئے کاروبار کا بند ہو جانا (3) ہر حساب سے

فٹ ہوتے ہوئے اولاد جیسی نعمت سے محروم رہنا (4) گھر میں خون یا پانی برسنا (5) گھر یا دکان میں اینٹوں یا پتھروں کا برسنا (6) اچھے بھلے میاں بیوی کی آپس میں نفرت کا طول پکڑنا (7) کاروبار سے روپے پیسے کی کمی کے ساتھ برکت کا اٹھ جانا (8) بچوں کی زیادہ سے زیادہ اپنے والدین کے ساتھ بدتمیزی کرنا جب کہ اس سے پہلے بچے بالکل ٹھیک ہوں (9) بچوں کا پڑھائی سے دل اچاٹ ہو جانا (10) اچانک ایسے حادثوں کی زد میں آتے رہنا جو سمجھ سے بالکل باہر ہوتے ہیں (11) گھر سے انسانی ہڈیوں کی برآمدگی جب کہ ایسا ناممکن ہے (12) بچوں کی پیدائش کے بال ان کے اتارے جانے والے بالوں کا پایا جانا (13) سر میں ایسا شدید درد ہونا جیسے کہ دماغ ہی باہر آجائے گا (14) دنیاوی مصائب میں ایسا گرفتار ہونا کہ کوئی حل نہیں ملتا (15) بچے پیدا ہونے کے ساتھ مر جانا جب کہ ڈاکٹری رپوٹوں کے مطابق سب کچھ بالکل ٹھیک ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ میری آنکھوں دیکھی کئی ایسی نشانیاں ہیں جو اب بھی ایک معمہ کا شکار ہیں اور کافی امراض پر بذریعہ کلام اللہ قابو پایا گیا ہے علاج سے پہلے کی حالت بیان کر دی گئی ہے۔

خون کے چھینٹے کیسے پڑتے ہیں؟

آج کل یہ عمل بہت کثرت سے ہو رہا ہے اور اس کی کئی نشانیاں مثلاً اگر کوئی فرد کہیں جا رہا ہے تو اس پر خون کے چھینٹے پڑتے ہیں اور اس عمل کو کرنے والا کہیں نظر نہیں بعض اوقات خون کے چھینٹے نہیں ہوتے پانی ہوتا ہے اور یہ ایک عجیب بات ہوتی کیونکہ اس عمل کو کرنے والا کہیں بھی نظر نہیں آتا گھر میں خون کے چھینٹوں والا بدعمل بہت دیر سے ہو رہا ہے اس میں کئی ایک ایسی وجوہات ہوتی ہیں جو یا تو نقصان دہ بن جاتی ہیں یا ان کا مقصد صرف گھر میں دہشت پیدا کرنے سے ہوتا ہے۔ ایسے بداعمال سے ہمیشہ محفوظ رہنے کیلئے سب سے پہلے دریا سے الٹی سمت سے پانی مٹی کے گھڑے میں بھر کر لایا جائے اور اس کے گرد موتیے کا ہار منہ پر لگا دیا جائے اور اس نقش کو موتیے کی شاخ سے زعفران کو گھول کر لکھا جائے پھر اس گھڑے والے پانی کو ہار سمیت آہستہ آنچ پر چولہے پر رکھا جائے اس عمل کو ساری رات تک ایک مرتبہ کیا جائے صبح اس ہار کو اس پانی میں ڈال کر اس نقش کو بھی اندر ڈال دیا جائے اور اس کے چھینٹے اپنے گھر کے کونوں میں لگائیں جائیں اور اسی نقش کو دوسری مرتبہ سفید کاغذ پر زعفران سے لکھ کر گھر کی چوکھٹ کے اوپر لگایا جائے اللہ کے حکم سے اس

خون کی غلاظت یا بدی پیدا کرنے والے اعمال کا سرے سے ضرور بر ضرور خاتمہ ہوگا اور کوئی بھی ایسا نقصان نہیں ہوگا جس کی خاطر کسی دشمن نے اس عمل کو کروایا ہوگا۔

ممممــــــــووووووووه

عوه	هعو	عوه	هعو	عوه
هعو	عوه	هعو	عوه	هعو
عوه	هعو	عوه	هعو	عوه
هعو	عوه	هعو	عوه	هعو

خواص فلیتہ جات

آگے درج فتیلہ جات جو انسان بھی دیکھے گا اس کی آنکھیں پہلی مرتبہ ایسے فتیلہ جات کو دیکھیں گی اس بات کا دعویٰ ہے ان فتیلہ جات پر خصوصی طور سے رقم خرچ کی گئی ہے اور عوام الناس کیلئے بے تحاشہ فائدے والا کام آسان کر دیا ہے اس کا دوسرا مطلب یہ بھی نکلتا ہے کہ اللہ تعالیٰ جن ملعونوں پر لعنت فرماتا ہے ان سے اپنے دنیاوی کاموں کو ان ملعونوں سے کروانا چاہئے اس لئے جو میں نے پہلے مواد کے متعلق بتایا ہے یہ بھی انہی کے کاموں میں سے ایک کام ہے۔ جو آج سے پہلے کسی عامل تو کیا کسی کے دادے کو بھی معلوم نہ ہوگا کہ ایسے کون کون سے طریقہ کار ہیں جن سے دنیاوی مختلف کام باآسانی کروائے جاسکتے ہیں۔ مخلوق خدا کیلئے ان فتیلوں کو فوٹو کاپیاں کروا کر استعمال کرنے کی مکمل اجازت دے دی ہے اب جو کوئی بھی اپنے دنیاوی مقصد کی خاطر ان کو استعمال کریگا وہ ضرور کامیاب ہوگا کیونکہ ان کی تیاری میں بے پناہ محنت کی گئی ہے اور انہیں عملیاتی نقطہ نظر سے مکمل طور پر پیش کیا گیا ہے تاکہ کوئی فرد بھی دنیاوی مقصد کے مطابق ان کی متعلقہ شرائط کے ساتھ فوٹو کاپی کروائے اور انہیں جلا کر دنیاوی مقصد میں کامیاب ہو فتیلہ جات کو کسی بھی سیاہی یا خون سے نہیں لکھا جائیگا بلکہ صرف فوٹو کاپی کروایا جائیگا۔ اور متعلقہ کام کے مطابق جتنی تعداد میں فوٹو کاپی کروانے کا لکھا جائے اتنی ہی فوٹو کاپیاں کروا کر انہیں استعمال کیا جائے خدانخواستہ اگر کامیابی نہ ہو تو اسی عمل کو مسلسل کم از کم تین مرتبہ کیا جائے تاکہ کامیابی ہر حالت میں قدم چومے۔ کتاب میں سے مستفیض ہونے والے افراد اس موضوع کو زیادہ غور سے مطالعہ کریں کیونکہ یہاں سے جو موضوع شروع کیا جا رہا ہے اس کا تعلق سراسر سینوں کے ایسے

رازوں سے ہے جو کوئی بھی کسی کو نہیں بتاتا لیکن میں خلق خدا کی خدمت کے طور پر ان نسخہ جات کو درج کر رہا ہوں تاکہ اللہ کی مخلوق زیادہ سے زیادہ مستفیض ہو کر کما حقہ فائدہ اٹھائے اور دنیاوی تمام طریقہ کار میں کامیابی حاصل کرے ان فتیلہ جات کے جادو و سحر کو باطل کرنے کے علاوہ اور بھی بہت سے ایسے خواص ہیں جو دنیا میں انسان رکاوٹوں کے ہاتھوں مجبور ہو کر تنگ آ جاتا ہے اور مشن کو ترک کر دیتا ہے کہ یہ کام نہیں ہوگا۔ اس کام کے نہ ہونے کی کئی وجوہات ہو سکتی ہیں جن کو آگے بغور تفصیلاً درج کیا جائیگا اور ان کے مخفی اسرار سے کوئی فرد بھی ان کے استعمال سے زندگی میں بھرپور طور پر کامیاب ضرور ہوگا کیونکہ زندگی میں پڑنے والے عملیات کے برے اثرات، بدنظر، حسد، دشمن اور ایسے کئی نہ دیکھے سلسلے ہیں جو انسان اپنی زندگی میں دیکھ نہیں سکتا ان کو محسوس کر سکتا ہے اور ان کے بداثرات سے ہمیشہ ہی اپنی زندگی کے کئی کاموں میں ادھورا ہی رہتا ہے ان تمام بندشوں کے مکمل خاتمے کیلئے اس عمل کو خاص طور سے بہت محنت اور توجہ کے ساتھ تیار کیا گیا ہے اور اس کا استعمال بھی نہایت ہی آسان ہے لیکن اس کے اثرات ایسے ہیں جیسے بجلی والی تار میں کرنٹ ہوتا ہے کوئی فرد بھی ان فتیلہ جات کو آزمائش کے طور پر استعمال کرے اور اس کے اثرات خود اپنی آنکھوں سے دیکھ لے۔ ہو سکتا ہے کہ بعض افراد یہ بھی سوچیں کہ یہ سب کچھ شرک ہے یا اسے استعمال کرنے سے اللہ گناہ دیگا تو میرے پاس ایسے کئی ثبوت موجود ہیں جن میں ایک رتی بھی شرک پیدا ہونے کا جواز ہی نہیں بنتا مثلاً جادو ایک ایسے فارمولے کا محتاج ہوتا ہے جس میں موقع کی مناسبت سے کوئی عمل درج کیا جاتا ہے جس میں الو کا خون مردار جانوروں کی ہڈیاں یا انسانوں کی ہڈیاں اور ایسے ایسے جنتر منتر جن میں مشرکانہ کلمات ہوتے ہیں اور ان کی تسخیر میں جو مخلوق ہوتی ہے وہ اس کلام کو پسند کرتی ہے اور شیطان اس کی طاقت کے لحاظ سے ایسی مخلوق کو تسخیر کروانے میں مدد دیتا ہے پھر ان سے زیادہ سے زیادہ مسلمانوں کو پریشان کرنا اذیت میں مبتلا کرنا اور ایسے کام کرنا جن سے صرف اور صرف نقصانات اور تباہی کا ہی کام کیا جا سکتا ہے اور اس کے علاوہ نیکی والے اعمال یا نیکی والے کاموں کو کر کے اللہ کو خوش کرنا ایسا کچھ بھی نہیں ہوتا چونکہ جیسے فارمولا قباحت والی اشیاء اور ان کے مشرکانہ طریقہ کار سے کیا جاتا ہے بالکل ویسے ہی سو فیصدی ان کے توڑ کیلئے انہی کے وار کو الٹا ان پر برسوانے کیلئے ایسا فارمولا تیار کیا جاتا ہے جو اس سے بھی زیادہ زوداثر ہو اور جو انسان کسی مصیبت یا پریشانی میں مبتلا ہو اس کا کامل علاج کیا جا سکے اور آئندہ ایسے قبیح عمل سے محفوظ

رہنے کیلئے اللہ کی سچی اور طاقتور کلام کا ایسا فارمولا تیار کیا جائے جس سے چاہتے ہوئے بھی جادو آئندہ کیلئے چل نہ سکے پہلے حصے سے زیادہ اب اس حصے میں جن اعمال کا ذکر کیا گیا ہے وہ پہلے سے بہت ہٹ کر ہے اور بہت زوداثر ہے اس لئے اپنے مقصد کے لحاظ سے درج فتیلہ دیکھئے اور اس کی آزمائش کیجئے اور آئندہ کیلئے جادو ٹونہ اور اس قسم کی کئی شر افسانیوں سے محفوظ رہنے کیلئے اللہ کی کلام کے طریقہ دیکھئے اور آزمایئے اللہ کے فضل سے نیک نیت رکھنے والے افراد ضرور کامیاب ہونگے۔ فتیلہ اصل میں ایک فارمولا ہے جس میں موقع کی مناسبت سے ایسی کلام کو درج کیا جاتا ہے جس کو روحانی مخفی مخلوق سمجھتی اور جانتی ہے

فلیتہ جات کیوں اور کیا ہیں؟

فلیتہ جات اصل میں ان تصورات کا نام ہے جس سے جادو ٹونے میں مبتلا کرنے والی مخلوق، شیطان، ہاروت، ماروت، پچھل پیری، ڈائن، ڈاکنی، چھلیڈے، جنات، فرعون، نمرود، ہامان، قارون، شداد، ابوجہل، بھوت، بھوتنے، علیقا، ملیقا، بادشاہ بکتانوش، اور اس سے منسلک شر و فساد میں دوسرے عام انسانوں کو مبتلا کرنے والی مخلوق کے کامل تصور ہوں۔ چونکہ میں ان فتیلہ جات کو پہلے بھی درج کر چکا ہوں جو دنیا کی کسی بھی کتاب میں موجود نہیں ہونگے لیکن اب زیادہ محنت کر کے ان فتیلہ جات کو تیار کیا ہے جس میں اس بات کا مکمل طور پر دعویٰ کیا گیا ہے کہ جو کوئی بھی ان جیسے فتیلہ جات کو پہلے دیکھ چکا ہو یا کسی دوسری کسی بھی کتاب میں موجود ہوں وہ برائے مہربانی کتاب میں لکھے گئے اڈریس پر ضرور شکایت کرے کہ آپ نے کتاب میں جھوٹ دعویٰ کیا ہے۔ میں نے شیاطین اور اس کے پیر وکاروں کے ایسے تصورات بنوائے ہیں جن کا حقیقت میں بھی ایک وجود تھا اور ہے جو عام انسانوں کو اذیت و پریشانی میں مبتلا کرتے ہیں اور ویسے ہی ان کے تصور سے ان کی جان بھی جاتی ہے۔ اور جو نیا طریقہ کار میں نے ان شیاطین سے دنیاوی کام لینے کا درج کیا ہے وہ بھی اپنی نوعیت کا منفرد عمل ہے کوئی مرد و عورت ان فتیلہ جات سے دنیاوی کوئی بھی کام سکتا ہے اور ان کی آزمائش کر سکتا ہے کیونکہ جنہوں نے مجھے جیسا بتایا ہے وہی میں نے بغیر بخل کے درج کر دیا ہے۔ اب آگے ہر کسی کی اپنی اپنی قسمت کہ اللہ رب العزت نے اس کے نصیب میں کیا کچھ لکھا ہے۔ میں نے جن فتیلہ جات کو تیار کیا ہے وہ صرف کوئی تصویریں ہی نہیں ہیں بلکہ ان کا ایک پورا شجرہ ہے جو جاننے والے بتاتے ہیں۔ اور انہی جاننے والوں نے مجھ سے یہ کام کروایا ہے ان میں روحانیت کا ایک کرنٹ ضرور موجود ہے۔

نحوست بروج وچکر

آگے درج فتیلہ ایسا زبردست قسم کا ہے جس کے اثرات دیکھنے کیلئے مندرجہ ذیل کام دیکھیں اور اس کی آزمائش کریں نحوست بروج کیلئے اس فتیلے کو صاف فوٹو کاپی کروائے اور اس کے چاروں طرف اپنا نام مع والدہ نیلی سیاہی سے لکھے اور اسے اپنے الٹے پاؤں کے ساتھ صبح کے وقت باندھ دے اور بعد نماز عشاء اسے جلائے اور اس کی دھونی لے اس عمل کو سات دنوں تک کرے آخری دن اس نقش کو پاؤں کے ساتھ نہ باندھے بلکہ صبح سورج کے سامنے اپنے پورے جسم کو مل کر اس کے سامنے جلائے جمع شدہ تمام راکھ کو سنبھال کر رکھے اور اس عمل کے اختتام پر دریا یا نہر میں بہائے بارہ برجوں کی نحوست زائل ہوگی ۔ نحوست ستارہ ، رجعت ، رجال الغیب ، نحوست سیارگان ، جس سے دنیاوی کوئی بھی سلسلہ نہیں چلتا فوٹو کاپی کروالے سات دنوں کے سات فتیلے تیار کروائے اور اس نقش کے چاروں طرف سرخ روشنائی کے ساتھ اپنا نام مع والدہ لکھے اور پہلے اپنے تکیے کے نیچے رکھ دے اور روز رات کو ایک جلا کر اس کی دھونی لیا کرے ۔ نحوست پیدائش (یعنی اگر کسی کی ایسے وقت پیدائش ہو جو اس پر نحوست کا سبب بن جائے اور وہ دنیاوی تمام کاموں میں ہمیشہ ہی ناکامیاب رہتا ہو اور کوئی بھی علاج کارگر نہ ہوتا ہو) پہلے سے سوتی کالا کپڑا ایک گز لائے اور اس نقش کی اکیس فوٹو کاپیاں کروائے اور اس کے سائز کے مطابق کپڑا بھی کاٹ لے اس کے اندر اس فلیتے کو رکھ کر اسے اپنے پورے جسم پر مل کر ایک عدد کوری ہانڈی میں ڈالتا جائے اور اکیس دنوں تک ایسا ہی کرے جب اپنے جسم پر ملے تو علیحدگی میں ملے اور خود اپنے پورے جسم کے کپڑے اتار دے اکیس دنوں کے بعد اس ہانڈی سے ایک ایک فلیتہ نکالے اور پیپل کے پتے میں رکھ کر اسے جلائے اور اس کی دھونی اپنے پورے جسم کو دے نحوست کا مکمل خاتمہ ہوگا۔



خاتمہ بداثرات

یہ فلیتہ خاص طور سے ایسے روحانی مریضوں کیلئے درج کیا گیا ہے جن پر الو کے خون کے نقوش یا اس کے خون سے متعلق بداعمال کئے ہوں یہ فلیتہ ان اثرات کو جلا کر خاک کر دیتا ہے اور مریض اپنی زندگی میں پہلے کی طرح سکون محسوس کرتا ہے ۔ اب اس بات کی تصدیق کیسے ہوسکتی ہے کہ مریض پر کونسا عمل کیا گیا تو اس بات کو ضرور یاد رکھیں کہ جب مرض اتنا بڑھ جائے جس سے اس پر کسی بھی طرح قابو نہ پڑ رہا ہو تو جان لینا چاہئے کہ جس جادو کو کیا گیا ہے اس میں ضرور الو کے خون یا اس کے جسم سے متعلقہ شے کا استعمال کیا گیا ہے کیونکہ اس کی بدولت ایسا جادو کیا جاتا ہے جس کے علاج آسانی سے نہیں ملتے یا کسی کے گھر و دکان سے خونی نقوش برآمد ہوں تو جان لینا چاہئے کہ یہ خون الو کا ہی ہوسکتا ہے تب بھی اس فلیتے کو متعلقہ عمل کی بدولت استعمال کیا جائے اب جس گھر یا دکان سے ایسے نقوش برآمد ہو جائیں جو خون سے بنے ہوں تو اس فتیلے کی اکیس عدد فوٹو کاپیاں کروائی جائیں اور کتاب میں (روحانیت والا چراغ بنوا کر اس کے اندر قبلہ رخ گھر یا دکان میں جلائیں فتیلے کے اوپر تھوڑی سی روئی لپیٹ لی جائے جس سے وہ صحیح طرح جل جائے اس عمل کو گھر یا دکان کو دوبارہ بحال کرنے اور اس عمل کے ذریعے روحانی طاقت حاصل کرنے کیلئے اس طریقے سے استعمال کرے اگر کسی مرد و عورت پر بداعمال و نقوش بذریعہ الو کا خون یا اس کے جسمانی اعضاء سے کیا ہو تو اوپر والے عمل کے مطابق استعمال کیا جائے لیکن چراغ مریض کے سرہانے رکھا جائے اور اسے جلایا جائے بداثرات کا مکمل خاتمہ ہوگا۔



خاتمہ جادو

دنیا میں ایسے ساحر و جادوگر اب بھی موجود ہیں جو جادو بذریعہ مردار ہڈیوں کے کرتے ہیں جن میں خصوصاً پرندے شامل ہوتے ہیں چونکہ جادو بذریعہ نقوش بہت کم کرتے ہیں اور کسی ٹھوس شے سے متعلقہ شے پر جادو کر کے دفن کر دینے سے اس کے سو فیصدی بد اثرات رونما ہوتے ہیں۔ جس سے خصوصاً اگر کوئی ملک سے باہر جانا چاہے تو وہ اس بدعمل کے زیر اثر رہتے ہوئے ہمیشہ ہی ناکامیاب ہوتا ہے اور اس کے باہر جانے اچانک یا موقع پر ہی کوئی ایسی رکاوٹ آڑے آجاتی ہے جس کا پہلے سوچا نہیں ہوتا اس عمل کے مکمل خاتمے کیلئے اس فلیتے کی نو عدد صاف فوٹو کاپیاں کروائی جائیں اور روز کی ایک پیپل کے پتے میں لپیٹ کر اپنے پورے جسم پر مل کر اسے چھت پر جلایا جائے اگر چھت میسر نہ ہو تو اسے فضاء یا کھلے صحن میں جلایا جائے اس عمل کی بدولت بد اعمال کا خاتمہ ہوگا اور پرواز جس کسی نے بھی باندھی ہوگی اس عمل کی بدولت کھل جائیگی اور وہ بخیریت سفر ضرور کریگا۔ اسی طرح بعض اپنے رشتہ دار یا اچھی ملازمت سے جلنے والے افراد ایسے بدعمل کو بھی کرواتے ہیں جس سے اس کی کسی بھی طرح ترقی نہیں ہوتی اور اوپر والی مثال کے مطابق اچانک ہی کوئی ایسا کام بگڑ جاتا ہے جس سے ترقی ضرور رک جائے اگر کوئی زندگی میں ایسی قباحت کی لپیٹ میں آچکا ہو تو وہ اسی فتیلے کو اوپر بیان طریقے کے مطابق استعمال کرے لیکن پیپل کے پتے کو ایسے افراد استعمال نہ کرے بلکہ وہ اس عمل کو انار کے ایک پتے میں لپیٹ کر اسے استعمال کریں۔



خاتمہ نحوست

یہ فتیلہ ایسی نحوستوں کے بد اثرات زائل کرتا ہے جس کے متعلق ٹھیک طرح سے پتہ نہ ہو کہ ایسی کون سی وجہ بن جاتی ہے جس سے دنیاوی کاموں میں رکاوٹیں ہی رکاوٹیں پیدا ہوتی ہیں۔ کوئی کام بھی مکمل نہیں ہوتا جب کہ اس کی ابتداء بالکل ٹھیک طرح سے ہوتی ہے۔ یا ایسے افراد جن پر دنیاوی زندگی میں بد اثرات مسلسل ہی پڑتے ہوں اور کوئی بھی دعا یا دوا اپنا اثر نہ کرتی ہو یا کوئی ایسی گردش میں مبتلا ہو جس سے نہ جان کو کوئی سکون ہو اور نہ ہی کوئی کام ہوتا ہو کاروبار یا دنیاوی زندگی بالکل شل ہو گئی ہو ان تمام قسم کی کیفیات میں مبتلا افراد اس فتیلے کو نو چندی جمعرات بعد نماز ظہر کے وقت اکیس عدد فوٹو کاپیاں کروا کر رکھ لیں اور اسے ایک بتی کی طرح لپیٹنے سے پہلے اس کے اندر کالی مرچیں پانچ عدد ڈال لیں اور پھر اپنے پورے جسم پر پھیر کر اسے صبح بوقت سورج طلوع کے اس کے سامنے جلائے جب فتیلہ پوری طرح جل کر خاک ہو چکا ہو تو اس راکھ کو اپنے پاؤں سے مسلے اور اسے کسی شاپنگ بیگ میں حفاظت سے رکھ لے روزانہ اس عمل کو کرے اور بتائے گئے طریقہ کار کے مطابق استعمال کرے اس عمل کی بدولت دنیاوی زندگی میں پائے جانے والے ایسے بد اثرات کا فوری خاتمہ ہوگا جس کے متعلق پتہ بھی نہیں ہوگا کہ کسی کی زندگی میں ایسا سب کچھ کیوں ہوتا ہے جس کی پہلے سے کبھی منصوبہ بندی نہیں کی ہوتی جو کوئی بھی فرد اس کی آزمائش کرے وہ مصنف کتاب کو دعاؤں سے نوازے جس نے آسان اور طاقتور نسخہ جات بیان کرنے میں کسی بھی بخل سے کام نہیں لیا۔

خاتمہ بداعمال

آج کل اس دور میں اکثریت ایسے بداعمال کی ہے جو خواتین کرتی یا کرواتی ہیں جس میں ان کا اپنا سو فیصدی مفاد پایا جاتا ہے مثلاً کسی انسان کو اپنے حق میں مغلوب کرنا اس میں اس کا شوہر ہونا یا بننا لازمی نہیں بلکہ وہ اپنے پیار و محبت میں ایسے اعمال کرواتی ہیں جس سے وہ جہاں بھی ہو اسے دیکھے بغیر اسے چین نہ آئے یا اس کے دل میں اس کی محبت ہمیشہ کیلئے ہو جائے ایسے اعمال خواتین کثرت سے کرواتی ہیں اور مرد حضرات بھی پہلے بیان کی نشانی کو مسلسل دوسری عورتوں کیلئے کرواتے ہیں اس قسم کے اعمال جن طریقہ کار سے کئے جاتے ہیں وہ بعض اوقات تو بالکل ٹھیک طرح کامیاب ہو جاتے ہیں لیکن زیادہ تر الٹ ہو جاتے ہیں۔ جس سے محبوب کو قطعاً اس بات کا معلوم نہیں ہوتا کہ مجھ پر کون سا ایسا عمل کروایا جا رہا ہے جس سے نقصانات ہو رہے ہیں اور بنتے ہوئے کام بگڑ رہے ہیں لیکن ایسی باتیں چھپی بھی نہیں رہتیں اس لئے معلوم ہو جانے کے بعد اس فتیلے کو گیارہ عدد منگل والے دن فوٹو کاپی کروالیا جائے اور ان تمام فتیلہ جات کو اپنے سرہانے رکھ کر سویا جائے پھر ایک فتیلہ روز نکال کر اسے سرخ ریشمی کپڑے میں لپیٹ کر اسے جلائے اور اس کی دھونی اپنے پورے جسم کو دے گیارہ سے اکیس دنوں تک اس عمل کو مہینے میں ایک مرتبہ کرلیا جائے تو کسی بھی وظیفے یا نقش کی حاجت نہیں رہیگی بہت سریع التاثیر فتیلہ ہے جلانے سے پہلے اپنا نام مع والدہ فتیلے کے چاروں کونوں پر لکھ لیا جائے جو کوئی بھی مغلوب کرنے والا عمل کرواتا یا کرواتی ہوگی اس کا مکمل جڑ سے ضرور خاتمہ ہوگا۔



خاتمہ گردش ونحوست

بعض اوقات دنیاوی مختلف طریقہ کار کی طرح مختلف قسم کے بداعمال کئے جاتے ہیں یا اعمال تو اچھی نیت رکھ کر کئے جاتے ہیں لیکن ان کا تاثر قبول نہ کرنے والے افراد اس کے زیر سایہ رہتے ہوئے دن بدن ناگہانی آفتوں میں مبتلا ہو جاتے ہیں اور کئی قسم کے نقصانات مسلسل ہی ہوتے ہیں اور اپنی جان کو بھی کسی طرح سے سکون میسر نہیں ہوتا ایسے اعمال کے زیر سایہ رہنے والے افراد چوراہے سے ایک شاپنگ بیگ مٹی اور اکیس روڑ کا بھر کر لائیں اور اس فتیلے کو نو چندے اتوار والے دن اکیس عدد فوٹو کاپی کروا کر رکھ لیں اور روز کا ایک فتیلہ نکال کر رات کو اس طریقے سے جلائیں کہ پہلے اپنے پورے جسم پر اس فتیلے کو مل لیا جائے اور سوئی گیس والے چولہے کے اردگرد اس مٹی کو پھیلا کر ڈالا جائے اور سات روڑ اس کے اوپر مختلف طرح سے رکھ دئے جائیں اور تیز آگ کر کے اس کے اوپر اس فتیلے کو رکھا جائے جب فتیلہ اچھی طرح جل کر خاک ہو جائے تو اس مٹی و روڑ اور کاغذ کی راکھ کو علیحدہ کسی جگہ جمع کرتا جائے اس عمل کو مسلسل اکیس دنوں تک کرے جمع شدہ راکھ و مٹی کو آخری روز اپنے پورے جسم پر مل کر چلتے دریا یا نہر میں بہائے اللہ کے فضل سے بداعمال کا اثر ضرور ختم ہوگا۔ زندگی میں مختلف قسم کی چکر بازیوں کا مکمل خاتمہ ہوگا۔ اگر کوئی ستاروں کی گردش میں مبتلا ہو چکا ہو جس سے ہر وقت کوئی نہ کوئی مسلسل ہی نقصان رہتا ہو تو اس فتیلے کو پہلے بیان کئے گئے عمل کے مطابق استعمال کرے اور بعد اس عمل کے اختتام کے اسی فتیلے کی فوٹو کاپیاں کروا کر رکھ لے اور سادہ ہی جلایا کرے۔

خاتمہ شر آسیب

بعض حالات میں ایسا بھی ہوتا ہے جس سے کسی کو آسیب کی شکایت ہو جاتی ہے چونکہ یہ جسم کے اندر داخل ہو جاتا ہے اور طرح طرح کی اذیتیں دیتا ہے اور بعض اوقات نہ تو کسی بھی قسم کی کوئی دعا یا دوا اپنا اثر کرتی ہے اور نہ ہی کوئی ٹوٹکہ کام آتا ہے ڈاکٹری رپوٹوں کے مطابق ایسے مریض کا مرض کم ہی سمجھ میں آتا ہے کیونکہ رپوٹیں بالکل ٹھیک ہوتی ہیں لیکن مرض واضح نہیں ہوتا یا ایسے افراد ہوں جو کسی ایسی جگہ پیشاب کر بیٹھیں جہاں سایہ ہو اور انہیں معلوم نہ ہو تو بھی اذیت ضرور ہوتی ہے اور کم ہی ان کے علاج ملتے ہیں۔ ان تمام کیفیات میں مبتلا افراد اس عمل کو بتائے گئے طریقہ کار کے مطابق استعمال کریں اللہ کے حکم سے سایہ جس بھی حالت میں ہوگا جان چھوڑے گا اور مریض کو مکمل شفاء ہوگی آگے درج فتیلہ کو اکتالیس عدد فوٹو کاپیاں کروائی جائیں اور اس کے دوسری طرف مریض کی کسی بھی تصویر کی فوٹو کاپی کروائی جائے پھر سفید مرغ کے خون سے مریض کا نام فلیتے کے چاروں طرف لکھا جائے اور روز کا ایک فتیلہ بیری کے پتے کو اوپر چڑھا کر چراغ میں جلایا جائے چراغ مریض کے سرہانے یا چارپائی کے سر کی طرف رکھا جائے اور اگر اسی کتاب میں سے روحانیت کا عجیب وغریب چراغ استعمال کیا جائے تو سونے پر سہاگہ ہوگا۔ جل کر خاکستر ہونے والے فلیتہ کو کسی شاپنگ بیگ میں رکھا جائے اور اکتالیس دنوں کے بعد اس راکھ کو مریض کے پورے جسم سے وار کر ایک کوری ہانڈی میں رکھ کر اسے دریا یا نہر میں بہایا جائے اور ایک عدد حسب توفیق کوئی بھی جانور صدقہ کیا جائے مکمل علاج ہوگا۔

خاتمہ رہائش برباد

بعض اوقات اس قسم کا جادو کیا جاتا ہے جس سے کوئی بھی ہنسی خوشی رہنے والا گھرانہ اچانک ایسی منحوست میں آتا ہے جس سے ان کا آپس میں سلوک و اتفاق بالکل ختم ہو جاتا ہے اور بچے اس قسم کی بدتمیزیاں کرنا شروع کر دیتے ہیں جو اخلاقا طور پر ٹھیک نہ ہوں بڑے کیا چھوٹے کیا سب ہی ایک دوسرے سے کھنچے کھنچے رہنے لگتے ہیں اور ان کے گھر کا سکون تباہ و برباد ہو جاتا ہے اور کچھ بھی سمجھ میں نہیں آتا کہ اس کی کیا تدبیر نکالی جائے جس سے گھر کا سکون دوبارہ بحال ہو جائے یا کسی جگہ کو باندھ دیا جاتا ہے جس سے اگر کسی کو روپے پیسے کی ضرورت ہو تو وہ بکتی ہی نہیں اور اگر کوئی خریدنے بھی آئے تو موقع پر ایسی صورت حال بن جاتی ہے جس سے یہ جگہ نہ بک سکے اس لئے آگے درج فتیلہ اس قسم کے تمام بداثرات کو باطل کرنے کیلئے درج کیا گیا ہے اس کی ترکیب یہ ہے کہ اس فتیلے کی اکیس عدد فوٹو کاپیاں کروائی جائیں اور گھر میں رہنے والے تمام چھوٹوں بڑوں کے سروں سے اسے سات مرتبہ اتارا جائے اور رات کو بعد نماز عشاء اس فتیلے کو سات جوتیاں زور زور سے ماری جائیں اور اسے کوئلے پر رکھ کر جلایا جائے اور اس کے اوپر حرمل و گوگل ڈالی جائے تاکہ اس کا بھی دھواں نکلتا رہے اس کی دھونی پورے گھر میں دی جائے اور اس عمل کو اکیس دنوں تک کیا جائے اللہ کے حکم سے جس کسی نے بھی یہ ظلم کیا ہوگا اس کا خاتمہ ہوگا۔ جگہ کو بیچنے کیلئے اسی فلیتے کو اس جگہ یا گھر میں قطب کے رخ جلایا جائے اور اس کی دھونی پورے گھر کو دی جائے۔ اور آئیندہ کیلئے ایسے بداعمال سے محفوظ رہنے کیلئے کتاب میں سے نورانی عمل کیا جائے جس سے آئیندہ کیلئے محفوظ رہا جا سکے اور جادو کرنے والے کا منہ کالا کیا جا سکے اللہ کے حکم سے علاج ضرور ہوگا۔

جھروت جمھرات یا ابلیس الاسماء والارض
والنار واستقر الی یوم القیامۃ احضر احضر
اضرایا ھویش الجن الساعۃ الساعۃ الساعۃ
الوحا الوحا الوحا العجل العجل العجل
جمیع آفات وبلیات بسوختم دیو جنات
حری مری مسان جن بھوت
بسوختم فلان بن فلان

شر و آفت آسیب

بعض حالات میں ایسا بھی دیکھا گیا ہے کہ کئی مرد و خواتین ایسی نازیبا قسم کی حرکات کرتے ہیں جن سے ایسی حرکات کی توقع نہیں کی جاسکتی لیکن اصل میں انہیں بھی معلوم نہیں ہوتا کہ انہیں ایسا کر کے خوشی کیوں ملتی ہے جہاں تک میں نے اس علم کو سیکھا ہے تو اس میں ایسی کئی نشانیاں واضح ہوئی ہیں جس سے ایک قسم کا سایہ ہوتا ہے جو انسان کو گمراہ کرنے کے ایسے ایسے طریقہ کار کے وسوسے دل میں ڈالتا ہے کہ اگر انسان ان پر عمل کرنے لگ جائے تو اسے بعد میں خیال آتا ہے کہ وہ کیسے ذلیل کام کرتا رہا ہے لیکن جیسے وہ وسوسے دل میں ڈالتا ہے تب اس بات کی ہوش نہیں رہتی ہے کہ ایسا کرنے کے بعد کیا ہوگا اس وقت پاکستان میں ایسے کئی مرد و خواتین ہیں جن کے ساتھ روزانہ ہی یہ سایہ ایسے کام کرواتا ہے اور ذلت و خواری کے علاوہ کچھ بھی ہاتھ نہیں آتا اس لئے مختصر طور پر اگر کوئی مرد و خاتون اپنی بری حرکات کی اصلاح کرنا چاہے جس سے دوسرے اچھے سمجھیں اور اس کی قدر و قیمت جانیں تو اس فتیلے کو اکیس عدد اتوار کے روز فوٹو کاپیاں کروائے اور اسے پہلے سے پرانے اور استعمال شدہ کپڑے میں لپیٹ کر اسے چراغ میں جلائے اور خود اس کے سامنے بیٹھ کر آیت الکرسی کا ورد کرے اور کتاب میں سے اللہ پنجتن پاک والے نقوش کو ایک ہی کاغذ پر چھوٹا کروا کر خوشبو سے معطر کرے اور اسے اپنے گلے میں پہنے۔



خاتمہ ڈراؤنے خواب

بعض اوقات شیطان اور اس کے چیلے انسان کے دماغ میں ایسے وسوسے ڈالتے ہیں جس سے انسان ہر اس شے سے ڈرنے لگ جاتا ہے جس کے متعلق معلوم ہی نہیں ہوتا کہ یہ ڈر کس نوعیت کا ہے اور میں اس سے کیوں ڈرتا ہوں لیکن اس کی حالت ایسی ہوتی ہے جیسے ڈر و خوف کھانے والا ہر وقت اس شے کو دیکھ رہا ہو اس کیفیت میں اکثر مبتلا رہنے سے رات کو سوتے ہوئے ایسے ایسے ڈراؤنے، خوف زدہ، پریشان کن، اور دہشت ناک، خواب آتے ہیں کہ انسان جب بیدار ہوتا ہے تو اس کو پسینے چھوٹے ہوتے ہیں ایسی حالت میں مبتلا رہنے والے افراد زیادہ تر ذہنی مریض بن جاتے ہیں اور ان کے دماغ میں خوف ہر وقت سوار رہتا ہے اور انہیں کوئی بھی تدبیر نہیں سوجھتی ڈاکٹری دوائیوں سے فوراً آرام تو آجاتا ہے لیکن اس کا مستقل علاج نہیں ملتا یا اسی کیفیت میں مبتلا رہنے والوں کو نیند غلبہ نہیں کرتی اور نیند کئی کئی دن نہیں آتی جس سے صحت اور دماغ بری طرح سے متاثر ہوتے ہیں اور زندگی ایک جہنم سے کم نہیں ہوتی ایسی تمام کیفیات اور ایسے بد اعمال سے ہمیشہ کیلئے چھٹکارہ حاصل کرنے کیلئے آگے درج فتیلے کو بروز جمعرات رات آٹھ بجے گیارہ عدد فوٹو کاپی کروایا جائے اور اسے سرسوں کے تیل میں تر کر لیا جائے اور اپنے سرہانے کسی شاپنگ میں رکھ کر رکھا جائے اور رات کو بعد نماز عشاء ایک جلانے سے پہلے اسے پانچ جوتیاں ماری جائیں اور اس کی دھونی اپنے پورے جسم کو دی جائے اور آگے درج اللہ پنجتن والا نقش ایک ہی کاغذ پر فوٹو کاپی کروا کر پہنا جائے۔

خاتمہ بندش ورکاوٹ

دنیاوی زندگی میں کئی ایسے کام ہوتے ہیں جو ممکن ہوتے ہوئے بھی ناممکن بن جاتے ہیں اور اگر ان کو مکمل کرنے کی کوشش کی بھی جائے تو سوائے ناکامی کے کچھ ہاتھ نہیں آتا یا کوئی اپنا ہی عزیز یا رشتہ دار ایسا کوئی بدعمل کروا دیتا ہے جس سے متعلقہ کام نہ ہونے سے ان کو فائدہ حاصل ہوتا ہو یا اگر کوئی فرد کسی محکمے یا عہدے میں ترقی کرنے کا حق رکھتا ہو لیکن اس نعمت سے ہمیشہ ہی کسی نہ کسی وجہ سے محروم رہ جاتا ہو یا دنیاوی ایسے کام جن کے کرنے میں اگر کوئی مہارت رکھتا ہو اور کسی ایسی پریشانی کی بروقت آمد پر اس کا کام پایہ تکمیل تک نہ پہنچتا ہو تو آگے درج فتیلہ بروز پیر والے دن بوقت بارہ بجے اکیس عدد فوٹو کاپی کروا کر رکھ لیا جائے اور اس کے اندر سرخ مرچ ڈنڈی والی ثابت ایک رکھ کر اپنے پورے جسم پر مل کر تیز آگ (سوئی گیس والے چولہے) پر رکھ دی جائے اس فتیلے کو جلاتے وقت اپنے کام کا مکمل تصور باندھنا چاہئے اور جیسے اس کی تحریر کا وقت بتایا ہے ایسا ہی ہونا چاہئے اللہ کے فضل سے ناگہانی آفتوں، بندشوں، رکاوٹوں، بنتے کام کا بگڑ جانا، اور ایسی کئی رکاوٹوں کا خاتمہ بالیقین ہوگا جو انسان اپنی آنکھوں سے دیکھ نہیں سکتا لیکن ان کے بداثرات کو محسوس کر سکتا ہے تمام کے تمام فتیلہ جات نہایت ہی محنت کے ساتھ عوام الناس کی فلاح اور اصلاح کیلئے درج کئے گئے ہیں جو قاعدہ و قانون میں مناسبت رکھنے سے بالکل مکمل ہیں اور اثر دار ہیں اگر کسی کو ان کا استعمال ہی نہ کرنا آئے تو یہ ان کی طرف سے کوتاہی مانی جائیگی تاکہ ایسے نسخے کی جو بالکل قاعدے و اصول سے تیار کیا گیا ہو۔

خاتمہ جسمانی وروحانی بیماریاں

آگے درج فتیلہ خاص طور سے تمام ذی روح کی جسمانی وروحانیوں بیماریوں کے خاتمے کیلئے درج کیا گیا ہے اس کے بہت سے خواص ہیں اور یہ ان اشیاء کا خاتمہ بالیقین کرتا ہے جو انسان اپنی آنکھوں سے نہیں دیکھ سکتا جیسے کوئی بھی ہوا کو نہیں دیکھ سکتا لیکن ہوا کا تعلق ایک حقیقت سے ہے فتیلہ کے خواص دیکھیں اور اپنے کسی جسمانی وروحانی بیماری کے خاتمے کیلئے بتائے گئے طریقہ کار کے مطابق استعمال کریں۔ اگر کسی کے سر میں بہت درد ہر وقت رہتا ہو یا کسی کو درد شقیقہ کا عارضہ لاحق ہو گیا ہو تو سات دنوں کے حساب سے اس فتیلے کی سات فوٹو کاپیاں کروا کر رکھ لے اور روزانہ سونے سے پہلے اپنے ماتھے پر مل کر اسے جلایا کرے اس عمل کی بدولت سر درد کا ہمیشہ کیلئے خاتمہ یقینی ہے۔ اگر کوئی ایسی بیماریوں میں مبتلا ہو جس کا کوئی بھی علاج نہ ملتا ہو یا جسمانی بدن کے ساتھ ہو یا کوئی بدعملیات کرواتا ہو دونوں صورتوں میں بیماریوں سے نجات حاصل کرنے کیلئے اس فتیلے کو گیارہ عدد فوٹو کاپیاں کروا کر اس کے چاروں طرف اپنا نام ہلدی سے لکھے (ہلدی کو حسب استعمال پانی میں ڈال کر لکھے) اور اسے صبح نہار منہ اپنے جسم پر پھیر کر جلائے اور اس کی دھونی اپنے جسم کو دے جن امراض کا معلوم بھی نہیں ہوگا ان کا بھی خاتمہ ہوگا۔ بداعمال کے ذریعے جسمانی اذیت میں مبتلا کر دیا جاتا ہے اس کے خاتمے کیلئے اس فتیلے کو گیارہ فوٹو کاپیاں کروا کر روز کی ایک اپنے ماتھے پر مل کر جلائے اور اس کی دھونی اپنے پورے جسم کو دے جسمانی اذیت کا خاتمہ ہوگا۔

خاتمہ جنات

آگے درج فتیلہ خاص مخلوق جنات کی طرف سے ملنے والی اذیت اوراس کی شرافسانیوں کا مکمل خاتمہ کرتا ہے اوراگر وہ اپنی سرکشی سے باز نہ آئے تو وہ خود ہلاکت میں پڑے گا۔ بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ کسی نے کسی ایسی جگہ بہت پہلے پیشاب کردیا ہوتا ہے جہاں اس مخلوق کا بسیرا ہو اس کیفیت سے وہ اذیت دیتا ہے اور کوئی بھی دوا اپنا اثر نہیں دکھاتی اس فتیلے کو گیارہ فوٹو کاپی کروا کر گیارہ مرتبہ نام کالے مرغ کے خون سے لکھا جائے اور مریض کے پاؤں کے ساتھ بارہ گھنٹے باندھ کر جلا کر اس کی دھونی اس کے بدن کو دی جائے اگر ایک یا کئی مرتبہ کے عمل سے ذرا بھی افاقہ ہو تو کسی جانور کا ضرور صدقہ دے ہمیشہ کیلئے وہ اس جانور کے ساتھ چلا جائے گا۔ کیونکہ ایک جان کو چھوڑنے کیلئے اس نے ایک جان کو قابو کرنا ہوتا ہے۔ چونکہ انسان ذبح نہیں کیا جاتا اور اللہ کی طرف سے آنے والی موت سے مرتا ہے یا کوئی دنیاوی کوئی ایسا سبب بنتا ہے جس سے اس کی ہلاکت ہو جائے اور حلال جانور کی پیدائش صرف ذبح ہونے کیلئے ہی ہوتی ہے اس لئے جاندار حلال شے کا صدقہ اس مرض سے چھٹکارہ حاصل کرنے کا سو فیصدی موجب بن جاتا ہے کیونکہ جب وہ ذبح ہوتا ہے تو کوئی بھی ہوائی شے یا جنات اس کے ذبح ہونے سے پہلے اس انسان کو چھوڑ چکے ہوتے ہیں جس کو یہ پریشان کرتے ہیں اور اس صدقے والے جانور سے وہ اسے بھی چھوڑ کر کہیں نہ کہیں بھاگ جاتے ہیں جس سے وہ دوبارہ نہیں آتے اسی حوالے سے ایک حدیث مبارکہ بھی ہے کہ صدقہ بلاؤں اور آفات کو کھا جاتا ہے۔

خاتمہ ہندی دیوی و دیوتا

بعض اوقات جادو، سحر، اوراس قسم کے کئی شر پھیلانے والے کام اوپر جو نام درج کئے ہیں ان کے ہی ہوتے ہیں جو مختلف افراد ان کے جنتر منتر پڑھ کر ان کو اپنی تسخیر میں کرتے ہیں اور ان سے زیادہ سے زیادہ شر و فساد والے اعمال کرتے ہیں اور زیادہ سے زیادہ دوسرے عام انسانوں کو مصیبتوں اور پریشانیوں میں مبتلا کرتے ہیں۔ لیکن یہی مخلوق بعض اوقات ایسے کام بھی کر جاتی ہے جس سے کسی کا بھلا ہو جائے یہ اس عامل کی سوچ پر منحصر ہوتا ہے کہ وہ ان سے کیا اور کس قسم کے کام لیتا ہے۔ چونکہ ان سے عامل کا رابطہ ہوتا ہے اور وہ جیسا اس مخلوق کو کہتا ہے یہ ویسا ہی کرتے ہیں۔ آگے درج فتیلہ خاص طور سے اس مخلوق کے شر کو تباہ و برباد کردیتا ہے اس میں جس تصور کامل کو بنایا گیا ہے یہ کالکاں دیوی کا ہے جو ہندوؤں کی سب سے زبردست دیوی ہے جو انسانوں کا خون پیتی اور گوشت کھاتی ہے۔ اور کئی افراد کو اذیت میں مبتلا کرتی ہے اور کئی قسم کے نقصانات کرتی ہے۔ اس کی بہت سی نشانیاں ہیں جو یہاں میں بیان نہیں کرسکتا بس اگر کوئی شخص ہندی کلام کو پڑھتا ہو اور اس پر الٹ پڑ گیا ہو، یا کوئی ہندی کلام کی بدی میں زبردست قسم کا مبتلا ہو جائے، یا کسی کو اس بات کا مکمل ثبوت ہو کہ یہ بد قسم کا وار ہندی کلام کے ذریعے کیا گیا ہے، یا کوئی عامل ہندی کلام کی بد تسخیر میں پھنس چکا ہو تو اس قسم کی تمام شرافسانیوں سے بچنے اور ان کا خاتمہ کرنے کیلئے اس فتیلے کو اکیس عدد فوٹو کاپیاں کروائے اور اس میں اپنے نام کو سرخ روشنائی یا اپنے خون سے لکھے اور اسے اپنے ماتھے سے مل کر جلائے۔

خاتمہ دیوتا

آگے درج فتیلہ ہندوؤں کے ایک ایسے دیوتا کا ہے جس کو کامل محنت اور خصوصی توجہ کے ساتھ اس مخلوق کے شر اور تباہی سے بچانے کیلئے درج کیا گیا ہے آج کل جس قسم کے بداعمال کئے جاتے ہیں ان کو کرنے میں اس کا بھی بہت ہاتھ ہے اور یہ اپنے عامل سے عہد و پیمان طے پا جانے پر کسی بھی انسان کو فساد و شر میں باآسانی مبتلا کر سکتا ہے اور کرتا ہے میرے پاس اس بات کے کئی ثبوت ہیں اور کئی میرے اپنی آنکھوں دیکھے ہیں۔ اور جو نسخہ میں نے آگے پیش کیا ہے یہ اس کی بدولت مختلف دنیاوی کاموں کو بھی کرتا ہے مثلاً اگر کسی سے کوئی جائز و ناجائز حاجت رکھتا ہے لیکن اسے انکاری کا سامنا بھی ہو تو اس فتیلے کو پانچ عدد فوٹو کاپی کروائے اور اس کے پیچھے اپنا مختصر سا مقصد لکھے اور اس کے اندر گیندے کا پھول ڈال کر اسے چھت یا صحن میں جلائے اور پانچ دنوں کی راکھ جمع کرتا جائے آخری روز اس راکھ کو اس شخص کی گزرگاہ میں پھینک دے جس سے کام ہو وہ کبھی انکار نہیں کر سکے گا یہ نسخہ بہت مجرب ہے۔ اسی طرح محبوب کی جائز و ناجائز تسخیر کیلئے اس فتیلے کو سات دنوں کے حساب سے سات عدد فوٹو کاپی کروایا جائے اور اس کے اندر جس گلاب کے پھول کو جلایا جائے اس پر اپنے محبوب کا تصور باندھ کر اس کے نام کے حروف ابجد کی تعداد کے مطابق اس کا نام اور اس کی والدہ کا نام پڑھ کر دم کرے اور جلائے بعد جلانے کے اس کی راکھ کو اپنے محبوب کی گزرگاہ میں پھینک دے ناممکنات جیسے نام کا خاتمہ ہوگا اور اسے اپنے جائز و ناجائز مقصد میں ضرور بر ضرور کامیابی ہوگی۔

چڑیل حری مری مسان بھوت راکھس بھوکس جوگی

جوگنی سحر و جادو و سوختہ جن پری ام الصبیان دیو

خبیث دو ارش ھر چہ در وجود فلاں بن فلاں مریض

باشد حاضر شود حاضر شود حاضر شود سوختہ گردد و

دفع گردد زود زود زود ھنومان

خاتمہ مختلف بھگوان

آگے درج فتیلہ اس بھگوان کا ہے جس سے ہندو اپنی جائز و ناجائز خواہشات کی تکمیل کیلئے مدد مانگتے ہیں اور ان کی تہہ دل سے پوجا کرتے ہیں ان کا ایک بھگوان نہیں ہے بلکہ مختلف قسم کے بھگوان ہیں جنہیں یہ سب سے محترم اور متبرک سمجھتے ہیں۔ ان سے کوئی بھی کام لے سکتا ہے لیکن اس کیلئے مخصوص جنتر و منتر کی ضرورت ہوتی ہے اور اس کے حساب سے کی جانے والی پرہیز لیکن میں یہاں جس فارمولے کو پیش کر رہا ہوں اس سے سو فیصدی کام ہو جاتا ہے اور شرک کا احتمال کسی بھی طرح نہیں رہتا بس دنیاوی معاملے میں کام ہو جاتا ہے مثلاً اچانک کوئی ایسا کام ہو جس میں کوئی بھی ساتھ نہ دے سکتا ہو یا کوئی ساتھ دینے کی طاقت میں ہو لیکن جان بوجھ کر ساتھ نہ دینا چاہتا ہو ایسے افراد کو اپنے مقصد کی یاد دہانی کروانے اور ان سے اپنی ضرورت کو پورا کروانے کیلئے اس فتیلے کو تو چندی منگل کو دوپہر کے وقت سات عدد فوٹو کاپی کروائے اور اپنے مقصد کے حساب سے جس فرد سے کام ہو اس کا نام مع والدہ اس کے نام کے حروف ابجد کی تعداد میں پڑھ کر اس فتیلے پر دم کرے اور اس کے اندر ناریل کے بال ڈال کر اسے جلائے عمل کے اختتام پر تمام راکھ کو ناریل کے پانی میں گھول کر اسے سخت کرے جب پیڑے کی شکل بن جائے تو اسے اس فرد کی دیوار پر مارے فوراً اس کا دل اس کام کی طرف مائل ہوگا جس کام کیلئے اس عمل کو کیا گیا ہوگا۔ محبوب والے عمل میں اس فتیلے کو پانچ عدد فوٹو کاپی کروائے اور اس کے پیچھے اپنے محبوب کی تصویر بھی فوٹو کاپی کروائے اسے تانبے کے پترے میں لپیٹ کر سوئی گیس والے چولہے پر رات کو رکھ دیا کرے ہلکی آنچ رکھے اور صبح دن نکلتے وقت دوسرے فتیلہ جات کو ایک ایک کر کے جلائے۔ یعنی ایک دن کا ایک فتیلہ جلانا ہوگا۔



دیوتاؤں سے کام نکلوانا

یہ ایسا فتیلہ ہے جس میں اس دیوتا کا کامل تصور اور فارمولا بنا کر پیش گیا ہے جس کا منہ کتے کا اور دھڑ انسان کا نظر آ رہا ہے۔ یہ فتیلہ خاص طور سے حب اور دب کے کاموں میں نہایت ہی زود اثر ہے۔ مثلاً اگر کوئی کسی سے پیار و محبت کرتا ہو اور اس کے درمیان بہت سی رکاوٹیں بھی ہوں جس سے حب ادھوری اور نامکمل ہوتی ہوئی نظر آ رہی ہو تو اس فتیلے کو گیارہ عدد فوٹو کاپی کروائی جائے اور اس کے اردگرد اپنے محبوب کا نام مع والدہ لکھ کر ایک کو تعویذ کی طرح لپیٹ کر محبوب کے پہنے ہوئے کپڑے میں رکھے اور اسے کیکر کے درخت پر کیل کے ساتھ ٹھونک دے باقی دس فتیلہ جات کو روزانہ بعد نماز عشاء چاند کے سامنے جلایا کرے اور اس کی راکھ کو سنبھال کر رکھے پھر موقع ملنے پر اپنے محبوب کے پاؤں کی مٹی میں اس راکھ کو شامل کرے اور جو افراد اس کام میں رکاوٹیں ڈالتے ہوں ان کے گھر کے سامنے ان تمام اشیاء کو پھینک دے۔ اس عمل کی بدولت جو افراد اس کام میں رکاوٹ بن چکے ہونگے وہ خود بخود ایسے نکل جائیں گے جیسے مکھن میں سے بال یہ حب کا چلتا ہوا جادو ہے۔ اب بغض و عداوت کے طور پر اس کا استعمال ایسے کیا جائے کہ اس فتیلے کی گیارہ عدد فوٹو کاپیاں کروائی جائیں پہلے فتیلے پر اپنے دشمن کا نام مع والدہ لکھ کر اس کے اندر یا باہر دشمن کا پہنا ہوا کپڑا لپیٹے اور اسے تعویذ کی طرح بند کرے پھر اس کے اوپر کیکر کی ایک شاخ توڑ کر رکھے اور کیل کے ساتھ کیکر کے درخت میں ٹھونک دے گھر آ کر ایک فتیلہ فوری طور پر جلائے اور اس کی راکھ کو رکھ لے تمام راکھ کو دشمن کے راستے میں ڈالے۔

کامیابی مختلف کام

آگے درج فتیلہ فرعون کے دوسرے دیوتا کا ہے جس کا منہ طوطے کا اور دھڑ انسان کا نظر آ رہا ہے یہ بہت زبردست قسم کا دیوتا تھا جو مختلف دنیاوی کاموں میں اپنے اندر سریع التاثیر رکھتا تھا اور موقع کی مناسبت سے وہی کام کرنے کا ماہر تھا جس کام کا اسے کہا جاتا تھا۔ اب دنیاوی معاملات میں دوسرے عام انسان اس فتیلے کو اگر حب کا کام ہو تو گیارہ عدد فوٹو کاپیاں کروائی جائیں، دشمن کو نقصان پہنچانے کا کام ہو تو پانچ عدد فوٹو کاپیاں کروائی جائیں، کسی سے کوئی کام نکلوانے کا کام ہو تو سات عدد فوٹو کاپیاں کروائی جائیں، کسی کو اپنے راستے سے ہٹا کر خود اس کی جگہ آنے کیلئے اکیس فوٹو کاپیاں کروائی جائیں، اور انہیں اپنے مقصد کے لحاظ سے جلا کر اس کی راکھ کو متعلقہ فرد کی گزرگاہ میں ڈالا جائے اس کے اثرات سے متعلقہ مقصد میں کامیابی ہوگی کیونکہ ان دیوتاؤں کی ابھی ہلاکت نہیں ہوئی اور شیطان کی طرح ان کی عمر بھی قیامت کے نہ آنے تک ہے۔ اور یہ دنیاوی معاملات میں ساتھ دینے کیلئے ان فارمولوں کے محتاج ہیں۔ اور جو کوئی بھی انہیں ان فارمولے سے بلاتا یا ان سے کام نکلواتا ہے تو یہ فوراً اور ضرور کرتے ہیں انہیں کسی بھی قسم کی کوئی انکاری نہیں ہوتی۔ اگر کوئی کسی فرد سے حسد کرتا ہو اور اس کا مقصد اسے پریشان کرنے سے ہو تو اس فتیلے کو پانچ عدد فوٹو کاپی کروائے اور اس کا نام مع والدہ لکھے اور اس کا نام مع والدہ حروف ابجد کی تعداد میں پڑھ کر اس فتیلے پر دم کرے اور اسے تعویذ کی طرح بند کر کے اپنی چارپائی کے وزن تلے دبا دے اس عمل کی بدولت وہ کبھی دنیاوی کاموں میں کامیاب نہیں ہوگا۔

Scanned with CamScanner

ہر کام فوراً و حمل قائم

آگے درج فتیلہ فرعون کے ایک ایسے دیوتا ہے جس کے دو منہ اکٹھے لگے ہوئے ہیں یہ دنیاوی ہر کام میں مدد دیتے ہیں اور ان سے انسان کئی قسم کے کام لے سکتا ہے۔اگر کسی عورت کا حمل کسی بدکلام یا عمل کے ذریعے باندھ دیا ہو جس سے عورت کو اولادنہ ہو رہی ہو تو اس فتیلے کو اکتالیس عدد فوٹو کاپی کروائے اور روزانہ ایک فتیلہ بعد نماز عشاء جلائے اور اس کی راکھ کو سات جوتیاں مارے پھر اس پر سات مرتبہ تھوک پھینکے تھوک پھینکنے والے عمل کو تب کرے جب اسے کسی شاپنگ بیگ میں ڈال لیا ہو اسی طرح اس عمل کو اکتالیس روز کیا جائے اور جب سب فتیلہ جات جل کر راکھ ہو چکے ہوں تو ایک مٹی کی کنالی لے کر اس کے درمیان میں ایک مٹی کا چراغ رکھے اور اسی فتیلے کو اس کے اندر جلا کر ارد گرد جمع شدہ راکھ کو پھیلائے اس عمل کو دریا یا نہر کے کنارے پر جا کر کرے اور اس جلتے ہوئے فتیلے کو وہیں چھوڑ کر گھر آکر تازہ غسل کرے اور نماز و روزے کی پابندی کرے اور میری دوسری کتابوں میں یا اسی کتاب میں سے حمل قائم کرنے والا عمل کرے اس سے جو پہلے کی جادو یا کسی بدعمل کا اثر ہوگا وہ باطل ہوگا اور اللہ کی سچی کلام کی بدولت اللہ اپنی رحمت برسائے گا۔اگر اس عمل سے حمل قائم ہو جائے تو چھ ماہ کے حمل میں اس فتیلے کی گیارہ عدد زائد فوٹو کاپیاں کروائی جائیں اور جب پیدائش ہو تو اس بچے کے سرہانے ان فتیلوں کو رکھا جائے اور روز ایک اس کے جسم کے ساتھ مل کر جلائے اس سے بچہ و ماں دونوں ہی آئندہ کیلئے ہر بدکلام و بدعمل کے شر سے محفوظ ہونگے۔انشاءاللہ

خاتمہ بے حیائی و زنا

یہ ایسا زبردست قسم کا فتیلہ ہے جسے یہاں بے حیائی کے خاتمے اور کسی بدچلن مرد و عورت کی کامل اصلاح کیلئے درج کیا گیا ہے۔مثلاً اگر کسی شریف عورت کا خاوند اسے چھوڑ کر جگہ جگہ منہ مارتا ہو یا کسی شریف انسان کی بیوی کسی دوسرے مرد میں زیادہ دلچسپی رکھتی ہو اور اس بات کا مکمل ثبوت بھی موجود ہو تو اس فتیلے کو گیارہ عدد فوٹو کاپی کروایا جائے اور اس کے پیچھے متعلقہ کام کی نوعیت سے اس کی بھی تصویر پیچھے فوٹو کاپی کروائی جائے اگر ممکن ہو تو جس کیلئے اس عمل کو کرنا ہے اس کے بالوں کا ہونا بہت ضروری ہے بال چاہے سر کے ہوں یا ہاتھ، و ٹانگوں کے بال ہونے چاہئیں اگر بال دستیاب نہ ہو سکیں تو اس کا پہنا ہوا کپڑا ہونا بہت ضروری ہے پھر اس فتیلے کو اس کپڑے یا بالوں میں لپیٹ کر دریا یا نہر کے کنارے جائے اور وہاں ایک مخصوص جگہ پر چراغ میں اسے روزانہ جلایا کرے اور واپس آجایا کرے گیارہ دن اس عمل کو کرے اس کی مخفی طاقت کے اثر سے متعلقہ مقصد میں ضرور کامیابی ہوگی۔اسی عمل میں زیادہ اثر پیدا کرنے کیلئے اس فتیلہ کو بغیر بالوں یا کپڑے کے اپنے مقصد کا کامل تصور باندھ کر چھت پر جلائے بہت زبردست فتیلہ ہے۔ [illegible] ایسے راستے پر چل نکلی ہو جو راز کھلنے پر باعث شرم و ندامت کا سبب بنتی ہو۔تو اس کام کا مکمل تصور باندھ کر اس کے کپڑے کے اندر اس فتیلے کو رکھ کر رات کو جلایا کرے اور ایک عدد کو پانی میں ڈال دے۔جب یہ کاغذ [illegible] کاغذ کو نکال کر باہر پھینک دے اور اس پانی کو راہ گزر میں پھینکا کرے جیسا تصور رکھا ہوگا۔

جادو کا واپس پلٹنا

یہ فتیلہ خاص طور سے جادو، ٹونہ، سایہ، جنات، بھوت، اور اس سے تعلق رکھنے والی دیگر مخلوق کا خاتمہ کرنے اور جادو کی واپسی کیلئے ترتیب دیا گیا ہے اس بات کا پورا ثبوت مل جانے پر کہ کسی نے جادو کیا ہے یا کوئی نقصان دہ مخلوق پریشان کرتی ہے تو اس فتیلے کو گیارہ عدد فوٹو کاپی کروائے اور اسے چنبیلی کے تیل میں بھگو کر شاپنگ بیگ میں رکھ کر اپنے تکیے کے نیچے رکھ دے اور ایک عدد کورا چراغ ویسے ہی لا کر اپنے سرہانے رکھ دے جب رات کے پورے بارہ بج جائیں تو ایک فتیلے کو نکال کر اسے چراغ میں رکھ کر جلائے اور اس سے نکلنے والے دھوئیں کی دھونی لے اور کمرے کو بند رکھے تاکہ یہی دھواں کافی دیر کمرے میں رہ سکے اس عمل کو مسلسل کرتا جائے اس کے کئی قسم کے فائدے حاصل ہونگے مثلاً اگر کوئی ایسی بیماری میں مبتلا ہوگا جس کا علاج نہیں مل رہا ہوگا یا کوئی بھی دوا اپنا اثر نہیں دکھاتی ہوگی تو اس عمل کی بدولت وہ اپنا اثر دکھائیگی۔ اور علاج بھی ہوگا۔ اگر کوئی جنات یا جادو ٹونے کی بدولت کسی بھی قسم کی کوئی رکاوٹ ہوگی تو اس کا بھی خاتمہ ہوگا۔ اس فتیلے میں لکھی جانے والی لکھائی خود الٹی لکھی ہے کیونکہ اس سے اس کا زیادہ اثر برآمد ہوتا ہے جو اس کا اصل طریقہ بتایا ہے اسے ایسے ہی تیار کیا گیا ہے۔ ہوسکتا ہے کہ بعض افراد اس بات کو محسوس کریں کہ شاید کتاب میں چھپائی کے دوران یہ الٹ گیا تو اس لئے پہلے بتایا جا رہا ہے کہ اسے خود الٹا لکھا ہے۔ اب جہاں فلان بن فلان لکھا ہے وہاں بھی اپنا نام مع والدہ الٹا ہی لکھنا ہوگا یہ زود اثر طریقہ کار ہے۔



بجری بجری بجری بجری حری کواڑ بجری باندھے دواڑ بجری

آئے بجری جائے بجری سب جگہ سمائے بجری ٹونہ جادو

آسیب ونظر سب رد ہو جائے جو جو جادو ٹونہ پھر کر آئے

الٹ پلٹ کر وہاں پر جائے جو جو کرے سو سو مرے سب

الٹ ہو ہو کر پڑے ۔ قلان بن قلان

سائے کا مکمل خاتمہ

پیچھے صفحات میں میں نے کچھ بیماریوں اور سائے وغیرہ سے متعلق نشانیاں بتائی ہیں اور ان کے نیچے یہ لکھا ہوگا کہ اس سے بچنے کیلئے آئیندہ صفحات میں ملاحظہ فرمایئے تو یہ فتیلہ ان تمام کاموں کیلئے درج کیا جا رہا ہے جو میں نے پچھلے صفحات میں بیان کیا ہے۔ اس فتیلے کی یہ خاصیت ہے کہ اس کے جلنے سے اور یہاں بیان کئے گئے عمل کے طریقہ کار سے سایہ اور اس سے مناسبت رکھنے والی کل مخلوق خوف کھاتی ہے اور اپنی جان چھڑواتی ہے اس لئے اگر کسی کی زندگی میں سایہ خبیث ارواح اور اس قسم کا کوئی تعلق پیدا ہو چکا ہو اور کوئی بھی تدبیر سمجھ میں نہ آرہی ہو تو اس فتیلے کو اکیس عدد فوٹو کاپیاں کروائے اور چراغ میں جلا کر خود اس کے سامنے بیٹھے اور آیت الکرسی کا بکثرت ورد کرے چراغ جب جلے تو اس کے سب سے اوپر والے شعلے کی طرف نظریں جما کر دیکھے اور خود آیت الکرسی پڑھنے میں مشغول رہے اس کے کئی قسم کے فوائد ہونگے مثلاً اگر بدروح سایہ یا خبیث ہوگا تو وہ اللہ کی کلام پڑھنے سے ویسے ہی بھاگتا ہے اور چراغ کی لو کے اندر اس کی جان پوشیدہ ہوتی ہے اور اس جان کے اندر جس فارمولے کو ترتیب دیا ہے اس کا تعلق اس فرد کو چھوڑ کر چلے جانے سے ہوتا ہے یعنی وہ اپنے کامل تصور اور اپنی زبان کے ذریعے تمام معاملے کو سمجھ کر یہی فیصلہ کرتا ہے کہ اسے اس فرد کی جان کو چھوڑنا ہی ہوگا اور اگر نہیں چھوڑے گا تو یہ عمل اسے نہیں چھوڑے گا اس عمل کے دوران یا بعد میں مریض اگر کوئی افاقہ محسوس کرے تو کسی جاندار شے کا صدقہ ضرور دے اور اکیس دن والا عمل ضرور پورا کرے۔



یابرھیایاعنصائیل یامدعائیل یاعینائیل یاطائیل یاوردائیل

یارقمائیل بحق سمام سوم وادودم سمانوم شدمنوس معروس ھومال

یاھمکیائیل بحق یاھمکیائیل بحق یاھمکیائیل بحق ۲۰۰۵۱۱۰۰

یابدوح بجیر درروشن شدن فلیتہ جلدتر من البرق خاطف ومشل

رتح عاصف احضروا من جانب المشارق والمغارب والجنوب والشمال

قلان بن قلان

خاتمہ رجعت و ٹھہراؤ

بعض اوقات کوئی جذبات میں ایسے کام کر بیٹھتا ہے جو جذبات بھڑکنے سے کر تو لئے جاتے ہیں لیکن جب ان کی نحوست کا سامنا کرنا پڑتا ہے تو انسان کی زندگی بالکل ہی شل ہو چکی ہوتی ہے یعنی اسے نہ تو کسی شے سے کوئی دلچسپی رہتی ہے اور نہ ہی کسی کام میں دل لگتا ہے ایسی حالت اگر طول پکڑ جائے تو ایک علیحدہ عذاب بن جاتا ہے یا کسی نے زندگی میں ایسا کوئی کام بھی نہیں کیا ہوتا لیکن یہ اچانک ہی رجعت اور ٹھہراؤ میں قید ہو جاتا ہے اور اسے سمجھ نہیں آتی کہ میرے ساتھ ہونے والا معاملہ کیوں ہو رہا ہے اور مجھے اس اذیت کا سامنا کیوں کرنا پڑ رہا ہے۔ اس قسم کی تمام حالتوں سے بچنے اور زندگی کے ٹھہراؤ کا خاتمہ کرنے کیلئے اور کامیابی حاصل کرنے کیلئے اس فتیلے کو گیارہ عدد فوٹو کاپی بروز اتوار کروایا جائے اور ایک فتیلہ رات کو چاند کے سامنے چھت پر کھول کر رکھ دیا جائے اور صبح سورج طلوع کے وقت اس کے سامنے جلایا جائے جلانے سے پہلے اسے اپنے پورے جسم پر ملا جائے اور اس کی راکھ کو سنبھال کر رکھا جائے جب تمام فتیلے جل جائیں تو ان کی جمع شدہ راکھ کو چلتے ہوئے پانی میں اپنے سیدھے ہاتھ سے بکھیر دے اور گھر آ کر تازہ غسل کرے پھر آگے اللہ پنجتن پاک والے نقوش کو چھوٹے چھوٹے ایک ہی کاغذ پر فوٹو کاپی کروائے اور اس کے نیچے اپنا نام مع والدہ لکھے اور اسے عطر سے معطر کر کے چمڑے کو چھوڑ کر کسی دھات میں بند کروا کر اپنے گلے یا بازو پر باندھے اگر اس عمل کو کوئی عورت کرے تو اس نقش کو اپنے الٹے بازو پر باندھے اور اگر اس عمل کو مرد کرے تو سیدھے بازو پر باندھے۔

بدروح و خبیث

آگے درج فتیلہ تمام قسم کی بدروحوں اور روحوں کو دور کرنے کیلئے ہے مثلاً بعض اوقات بچے اچانک کسی ایسی شے کو دیکھتے ہیں جس کے متعلق یہ خود بھی نہیں جانتے بس یہی کہتے ہیں کہ ابھی یہاں کچھ تھا آپ نے کوئی آواز سنی ہے کوئی مجھے پکار رہا ہے وغیرہ وغیرہ اس ناانجانے خوف سے بچوں کے وجود پر خوف طاری ہوتا ہے اور یہ سلسلہ طول پکڑتا ہوا کہیں کا کہیں نکل جاتا ہے بچوں کا پڑھائی میں دل نہیں لگتا اور ان کے دل میں ایک عجیب سا ایسا خوف طاری رہنے لگتا ہے جس کی تشریح یہ خود بھی نہیں کر سکتے اور نہ ہی یہ کسی کی سمجھ میں آتا ہے جب تک کہ اس کا توڑ نہ کیا جائے اس معاملے میں خصوصاً والدین بہت پریشان ہوتے ہیں لیکن ایسی حالت میں بچوں سے ہمیشہ یہی کہا جائے کہ کچھ نہیں ہے اور خود اس کے موضوں علاج کیلئے دوڑ لگانی چاہئے کہیں ایسا نہ ہو کہ بچے کا اور حوصلہ بڑھایا جائے اور وہ بیچارا خوف کھانے کے علاوہ غم بھی کرنے لگے اس معاملے میں بچوں کا حوصلہ بڑھانا چاہئے اور خود توجہ سے اس کا حل ڈھونڈنا چاہئے اب اس مسئلے کا حل کسی ڈاکٹر کی نصیحت یا دوا ہرگز نہیں ہوتی جس سے بچہ اسے کھائے اور ٹھیک ہو جائے بلکہ اس مرض کا تعلق انسان کے اپنے وجود سے ہوتا ہے۔ اس لئے اس کے کامل علاج کیلئے اور بچوں کی تمام قسم کی ذہنی و روحانی پیچیدگیاں دور کرنے کیلئے آگے درج فتیلے کو گیارہ دنوں کے حساب سے گیارہ عدد فوٹو کاپی کروایا جائے اور اسے بچے کو بتائے بغیر اسے بچے کے تکیے میں رکھا جائے اور اس کے جسم سے سات مرتبہ اتار کر کے اسے دیا سلائی کی مدد سے جلایا جائے اور اس کی راکھ کو کسی چلتے پانی میں بہایا جائے پھر آگے درج نقوش کو متعلقہ طریقے کے مطابق فوٹو کاپی کروا کر گلے میں پہنایا جائے۔

Scanned with CamScanner

خاتمہ شیطانیت

بعض حالات میں ایسا بھی دیکھنے میں آیا ہے کہ کوئی شریف اور سادہ لوح مرد یا عورت اچانک ہی ایسی بیماری میں مبتلا ہو جاتے ہیں جس سے دوسرے افراد ان کو دیکھ کر نہیں پہچانتے کہ یہ وہی ہے جس کو ہم کچھ عرصہ پہلے تندرست حالت میں دیکھتے تھے۔ یہ اس قسم کا جادو ہوتا ہے جس کی صحیح طرح سے شناخت کرنا سادہ لوح افراد کیلئے مشکل نہیں بلکہ ناممکن ہوتی ہے۔ کیونکہ اس کی سب سے بڑی وجہ یہ ہوتی ہے کہ جب مریض اپنے بدن کے اندرونی یا بیرونی حصے میں کوئی درد یا اذیت محسوس کرتا ہے تو ایسی حالت دیکھ کر عزیز یا رشتہ دار صرف ایک ہی تدبیر نکالتے ہیں اور وہ ڈاکٹر صاحب ہوتے ہیں اب جادو کی پیچیدگی یہاں سے سمجھئے کہ جب مریض کو ڈاکٹر کوئی دوا دیتا ہے یا اس کی تشخیص کرتا ہے تو مریض فوراً اسی وقت صحت یاب ہو جاتا ہے اور وہ اپنے جسم کے اندر سکون محسوس کرتا ہے لیکن کچھ دنوں کے بعد جو پہلے تھا سو اب بھی ہے ہوتا ہے۔ اسی طرح زندگی کے دن گذارنا مشکل ہو جاتے ہیں اور کوئی بھی طریقہ کارآمد نظر نہیں آتا اگر کوئی اپنی زندگی میں یا اپنے کسی عزیز یا رشتہ دار کو بیان کی گئی کیفیت میں مبتلا دیکھے تو اسی وقت اس فتیلے کی چودہ عدد فوٹو کاپیاں کروائے اور ایک چھٹانک کالی مرچیں لے کر ان پر ایک ہی جلسے میں آیت الکرسی بمعہ درود ابراہیمی ایک سو کی تعداد میں پڑھ کر دم کرے اور اس فتیلے کے اندر ڈال کر فتیلے کو تعویذ کی شکل میں بند کرے اور کوئلے پر اس فتیلے کو رکھ کر آیت الکرسی پڑھے اور پانچ مرتبہ کے بعد پھونک فتیلے پر مارے اس سے کالی مرچ اور کاغذ جلے گا اور مریض کی شفاء کا سامان تیار ہوگا۔ یعنی دھواں مریض کے کپڑوں کو دے اور آیت الکرسی پانچ مرتبہ پڑھنے کے بعد فتیلے پر پھونک مار کر کپڑے کو دھواں دے۔



خاتمہ مختلف تکالیف

آگے درج فتیلہ جسمانی و روحانی طور پر ملنی والی اذیتوں اور مختلف اقسام کی تکلیفوں میں مبتلا افراد کے خاتمے کیلئے درج کیا گیا ہے جس کے بتائے گئے استعمال سے دردوں، تکالیف، اذیت، شر شیطان، اور مختلف قسم کے جتنے بھی بداعمال ہونگے ان کا بیک وقت خاتمہ ہوگا۔ بعض اوقات انسان جسمانی تکالیف میں مبتلا ہو جاتا ہے جس سے دنیاوی کسی بھی ڈاکٹر یا حکیم کی دوائی اپنا اثر ہرگز نہیں دکھاتی کیونکہ اصل میں اس کا روحانی علاج ہوتا ہے جس کو روحانی عملیات کے نقطہ نظر سے کر کے اس اذیت سے چھٹکارہ پانا ہوتا ہے۔ اگر کوئی اچانک ہی مصائب یا اذیتوں میں مبتلا ہو جائے تو اس فتیلے کو گیارہ عدد فوٹو کاپی کروائے اور روز ایک بعد نماز عشاء اپنے پورے جسم پر مل کر یعنی باتھ روم میں جا کر اپنے پورے کپڑے اتار کر اپنے سر سے لے کر پاؤں تک اسے ملے اور وہیں پر دیا سلائی کی مدد سے جلائے بعد اس عمل کے اگر مرد و عورت دونوں میں سے کوئی بھی ہو تو وہ اپنی شرم گاہ پر پانی اس طریقے سے ڈالے کہ اس کی راکھ گیلی ہو جائے پھر چاہے وہ جہاں بھی جائے اس سے کوئی سروکار نہیں صرف اپنی شرم گاہ پر اس طریقے سے پانی ڈالا جائے جس سے اس کی راکھ بھیگ جائے اس عمل کی بدولت بداعمال جسمانی تکالیف کا خاتمہ ہوگا۔ پھر آئندہ سے محفوظ رہنے کیلئے آگے درج اللہ پنجتن پاک والے نقوش کو چھوٹے چھوٹے ایک ہی کاغذ پر فوٹو کاپی کروایا جائے اور اسے عطر سے معطر کروا کر اپنے گلے میں پہنا جائے اللہ کے حکم سے کوئی بھی جسمانی یا روحانی عارضہ نہیں ہوگا۔

خاتمہ ہر نقصان

دنیا میں بعض افراد ایسے بھی دیکھے گئے ہیں جو اچانک کسی ایسے نقصان یا تکلیف میں مبتلا ہو جاتے ہیں جس کی پہلے سے منصوبہ بندی نہ تو کی ہوتی ہے اور نہ ہی اس واقعے کا کبھی ذہن میں ہی آسکتا ہے لیکن ایسے افراد زندگی میں ایسے نقصانات سے مسلسل دوچار ہوتے رہتے ہیں جو حقیقت سے تعلق رکھتے ہوئے جانی و مالی دونوں طرح سے متاثر ہوتے ہیں اور کوئی بھی تدبیر موقع پر کام نہیں آتی اگر کوئی بیان کرنے والی نشانی کے مطابق اپنی زندگی کا موازنہ کرے تو اس کی مزید تشریح صرف اوپر بتانے والی بات سے ہو سکتی ہے۔ اس کے خاتمے کیلئے سب سے پہلے سڑکوں و گلیوں پر پڑے ہوئے گندے پرانے کپڑے کو جو ٹکڑے پڑے ہوتے ہیں ان کو اتنی تعداد میں لے آئے کہ گیارہ دنوں تک اس عمل کو کر لینے کے بعد یہ ختم ہو جائیں اب اس فتیلے کی گیارہ فوٹو کاپیاں کروائی جائیں اور ایک کوئلے کو سرخ کر کے رکھ دے۔ پھر اس فتیلے کے اندر اس میلے ٹکڑے کو رکھ کر اپنے پورے جسم پر ملے اور اسے تعویذ کی طرح بند کرے اور اسے کوئلے پر رکھ کر اس سے نکلنے والے دھوئیں کو اپنے پورے جسم کو دے اس عمل کیلئے علیحدہ بیٹھے اور اگر ہو سکے تو اپنے پورے کپڑے اتار دے تاکہ یہی دھواں اس کے جسم کو لگے اور اس پر بیک وقت مختلف اقسام کی نحوستوں کا خاتمہ ہو۔ کپڑے اتارنے کے بعد کسی چادر سے اپنے جسم کو ڈھانپے اور کوئلے کو کسی طریقے سے ایسے رکھے کہ اس کا دھواں مسلسل جسم کو لگتا رہے فتیلہ جل جانے کے بعد اس کوئلے اور فتیلے کی راکھ کو کسی علیحدہ جگہ محفوظ کرتا جائے اور قبرستان میں دفن کر دے۔

ہر کسی کام کیلئے فلیتہ

یہ ایسا فتیلہ ہے جس سے دنیاوی ہر معاملے میں کام لیا جا سکتا ہے بڑے سے بڑے جادو کا خاتمہ کیا جا سکتا ہے۔ بچوں کی بدتمیزی کو دور کیا جا سکتا ہے۔ جو بچے پڑھائی سے بھاگتے ہوں ان کو پڑھائی کی طرف مائل کیا جا سکتا ہے۔ بعض اوقات کوئی ایسی غیر عورت کسی بی بی کے مرد سے ناجائز تعلقات پیدا کر لیتی ہے جس سے جان نہیں چھوٹتی اور گھر میں ہر وقت ایک فتنہ برپا رہتا ہے اس قسم کے تمام بد اثرات اور زندگی میں خوشحالی پیدا کرنے کیلئے اس فتیلے کو اکیس دنوں کے حساب سے اکیس عدد فوٹو کاپی کروایا جائے اور اس کے ارد گرد جس مقصد کو لکھا جائے وہ پیاز کا پانی ہونا چاہئے ایک ہی جلسے میں پیاز کا پانی نکال کر اس کے گرد اپنا مقصد لکھ لیا جائے اور ایک ہی جلسے میں اگر بچے پڑھتے نہ ہوں تو رات کو سوتے میں ان کے پاؤں سے مس کرنا چاہئے اگر میاں کسی عورت کے چکر میں پھنس گیا ہو تو اس کے پاؤں کی جوتی کے تلوے کے ساتھ مس کرنا چاہئے اور روزانہ بعد نماز عشاء اپنے تصور کو کامل باندھ کر انہیں روز کا ایک جلایا جائے اس راکھ کو شاپنگ بیگ میں محفوظ کیا جائے اور جب اکیس دنوں کا عمل مکمل ہو جائے تو تھوڑی سی راکھ اپنے خاوند کی جوتی میں ڈال دے اور بچے کی باقی جمع شدہ راکھ میں ایک عدد پیاز چھیل کر ڈال کر دریا یا نہر کے کنارے دفن کر دیا جائے اس عمل کی بدولت اثرات خود اپنی آنکھوں سے دیکھنے والے ہونگے۔ اس کے علاوہ پیاز کے پانی سے اگر اپنا کوئی بھی مسئلہ لکھ کر اسے بعد نماز عشاء جلایا جائے تو اس کے اثرات بہت جلد رونما ہوتے ہیں اور رکاوٹوں کا خاتمہ ہوتا ہے۔



Scanned with CamScanner

خاتمہ وسوسہ

بعض حالات میں ایسا بھی دیکھا گیا ہے کہ انسان بہت جلد شیطان کے شر سے بہت مغلوب ہوجاتا ہے یا اگر کوئی بہت ہی حساس طبیعت کا مالک ہوتو وہ بھی اپنے ذہن میں ایسی کئی سوچیں سوچتا ہے جن کا حقیقت سے کم ہی تعلق ہوتا ہے یہ مرض اگر جڑ بن جائے تو اس کا علاج نہایت ہی مشکل ہوجاتا ہے اور جو افراد وسوسے کی لپیٹ میں آتے ہیں وہ اپنی زندگی سے ایسی ناامیدیاں پیدا کر لیتے ہیں کہ خوشی کے مواقع ان کی زندگی میں آتے تو ہیں لیکن یہ ان کا سامنا نہیں کرنا چاہتے اور اپنے ذھن کی الجھنوں اور کشمکشوں کے تابع ہوکر خود ایسے اندھیرے میں غرق ہوجاتے ہیں جہاں سے یہ خود ہی نکلنا نہیں چاہتے اب اس کیفیت کو چاہے جادو کا نام دیں یا کسی غیر انسانی مخلوق کی حکومت کا پریشانی تو ہر حال میں پریشانی ہے اگر کوئی اوپر درج نشانیوں میں سے اپنی زندگی میں بھی ایسی کوئی نشانیاں دیکھے اور اس کا علاج کرنا چاہے تو یہ نہایت ہی آسان کام ہوگا آگے درج فتیلے کو گیارہ فوٹو کاپیاں کروائے اور روزانہ اپنے سر سے سات مرتبہ وار کر انہیں جلائے اور اس کی دھونی لے اور اس دوران یا عمل شروع کرنے سے پہلے خالص روغن بادام پر درود ابراہیمی سو مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور جب اس فتیلہ کو جلائے تو رات کو سونے سے پہلے اس کے دو دو قطرے اپنے کانوں میں ڈال کر سوئے اس زبردست عمل کی بدولت شیطان کے ہر شر و فساد پھیلانے کا جڑ سے خاتمہ ہوگا اور زندگی میں سکون حاصل ہوگا جو وسوسے ہونگے وہ نہیں آئینگے بلکہ جیسے فتیلے کو اس مقصد کی خاطر جلایا جائیگا اس مرض کا خاتمہ ہوگا۔



خواص فلیتہ جات

تمام افراد اس بات کو ضرور یاد رکھیں کہ پچھلے صفحے پر جو فلیتہ جات گذرے ہیں اور ان کے خواص لکھے ہیں یہ سب دنیاوی و روحانی کاموں میں ضرور مدد دینگے کیونکہ ان کا تعلق ظاہری آنکھ سے دیکھنے والی اشیاء سے نہیں بلکہ ہوا کی طرح لہروں سے ہے جو اچھی بھی ہوسکتی ہیں اور بری بھی لیکن یہاں جن خواص کو لکھا ہے وہ سب اچھائی کی طرف جاتے ہیں اور برائی کرنے یا کروانے کا ان کا ایک رتی بھی حصہ نہیں ہے۔ ہوسکتا ہے کہ بعض افراد اس بات کو سوچیں کہ فتیلہ جات سے بچوں کا دل پڑھائی میں کیسے لگے گا یا ان فلیتہ جات سے حب کیسے پیدا ہوگی تو اس بات کیلئے ایک صفحہ خصوصاً لکھنا پڑ رہا ہے کہ اپنوں میں سے یا کوئی عزیزوں میں سے یا کوئی مفاد حاصل کرنے والے افراد اس قسم کا جادو یا تعویذات یا بداعمال کرواتے یا خود کرتے ہیں جس کے اثر سے مغلوب ہوتے ہوئے مرد اپنی بیوی کو اچھا نہیں سمجھتا بچوں کا دل پڑھائی سے اچاٹ کروایا جاتا ہے۔ اذیت میں مبتلا کیا جاتا ہے نئی نئی قسم کی تکالیف میں مبتلا کیا جاتا ہے اور ایسے کئی نقصان دہ کام کروائے جاتے ہیں جن کیلئے خصوصی طور سے کامل محنت کرتے ہوئے ایسے نسخہ جات درج کر دئے ہیں جو بے شک سینوں کے رازوں میں سے ایک راز تھا اس بات کا دعویٰ بھی کیا گیا ہے اگر کوئی بھی ان فلیتوں سے مشابہت رکھنے والا فلیتہ یا خواص کسی دوسری کتاب میں دیکھے تو وہ ثبوت کے ساتھ ضرور آئے۔ لیکن اللہ کے حکم اور پیر صاحب کی دعا سے میرا اس بات کا بھی دعویٰ ہے کہ کوئی بھی نہیں آئیگا۔ انشاء اللہ

Scanned with CamScanner

کامل نقوش اللہ پنجتن پاک

پچھلے صفحات میں لکھے اور بنائے گئے فلیتہ جات کے خواص اور ان سے دنیاوی معاملات میں کامیابی حاصل کرنے اور جادو یا دیگر اذیتوں سے نکلنے کیلئے ان کا استعمال کرنا اور اس کے ساتھ اثر والے نقوش کو جو پہلے بتایا بھی گیا ہے کہ آگے اللہ پنجتن پاک والے نقش کو استعمال کیا جائے وہ آگے درج ہے۔ جو نہایت ہی زبردست اصول سے بنایا گیا ہے۔ یہ فلیتہ جات کے سہارے چلتا ہیں یعنی اگر کوئی میرے ان فلیتہ جات کو استعمال کرتا ہے تو ان فلیتوں کو جلا کر شفاء حاصل کی جاتی ہے اور پنجتن پاک والے نقش کو یہاں بتائے گئے طریقہ کار کے مطابق استعمال کرنے سے آئیندہ کیلئے محفوظ ہوا جاتا ہے۔ اس نقش کے مثبت اثرات وہی مخلوق جانتی ہے کہ یہ نقش کیا ہے۔ اور اس کو کن کن قاعدہ و اصولوں کے ساتھ ترتیب دیا ہے۔ یہ باقاعدہ مکمل عمل ہے فلیتہ جات اور اس نقش کو استعمال میں لا کر دنیاوی ہر معاملات میں کامیاب ہونا اس نقش کو سفید کاغذ پر اتنے سائز میں بنایا جائے جیسا آگے بنا ہوا ہے۔ ہاتھ سے بنانا لازمی شرط رکھی گئی ہے زعفران کا استعمال کرنا ہوگا۔ ان کو استعمال کرنے کی ہر خاص و عام کو اجازت ہے کام چاہے فلیتہ جات سے لینا ہو یا برکت حاصل کرنی ہو دنیاوی یا دینی تمام معاملات میں ان نقوش کو استعمال کیا جائے اللہ تبارک و تعالیٰ ہی جانتا ہے کہ یہ کیا ہے یا وہ جس نے مجھے یہ راز بتایا ہے۔ اس نقش کو کوا اپنے گھر یا کاروباری مقام پر چوکھٹ کے اوپر لگانے سے جادو ٹونہ اس جگہ داخل نہیں ہوتا۔



آسان روحانی چٹکلے

بذریعہ جادو ہر بیماری سے محفوظ رہنا

جادو کی ایک قسم ایسی بھی ہوتی ہے جس سے کوئی بھی ایسی بیماری میں اچانک مبتلا ہو جاتا ہے جس کا پہلے سے سوچا تک نہیں ہوتا اور اس کا علاج بھی بہت ہی مشکل سے ملتا ہے اس لئے اگر کوئی ایسی کیفیت میں مبتلا ہو جائے تو سورۃ والناس کو روزانہ بعد نماز فجر (۲۱) مرتبہ سادہ پانی پر دم کر کے پئے یہ عمل ایسے افراد کریں جن کو شوگر یا بلڈ پریشر کی شکایت نہ ہو اور اگر کوئی ان امراض میں پہلے سے مبتلا نہ ہو تو وہ صندل کے شربت پر دم کر کے پئے صبح نہار منہ اس عمل کو کرنا ہوگا پھر دن کے کسی بھی حصے میں اسی سورہ کو ورد کرتا رہے ہر طرح سے کامل شفاء ہوگی۔

غیر انسانی مخلوق کا قبضہ ختم

اگر کسی کے گھر میں جنات یا کسی بھی غیر انسانی مخلوق کا بسیرا ہو جائے اور کسی بھی علاج سے اس کا مکمل حل نہ نکلتا ہو تو ایک عدد کالا بکرا حسب توفیق لا کر اسے ذبح کرے اور اس کے خون کو سنبھال کر رکھ لے اور گوشت غریبوں میں تقسیم کرے اس عمل کو اپنے گھر میں کرنا ہوگا اسی خون میں چنبیلی کا خالص تیل ڈالے اور اس پر ایک ہی جلسے میں سورہ والناس کو (۵۰۰) سو کی تعداد میں پڑھ کر دم کرے اور اس تیل و خون کو روئی کی مدد سے اپنے گھر میں باہر سے لیکر اندر تک ہر کمرے میں دروازوں کے پیچھے روئی کی مدد سے لگا دے اللہ کے فضل سے اس عمل کو کرنے والے خود اس کا اثر اپنی آنکھوں سے دیکھ لیں گے۔

جادو سے بچنے کیلئے آیات

یہ آیات کوئی بھی فرد روزانہ اپنی استعداد کے مطابق ورد کرے اور انہی کا دم کیا ہوا پانی پئے یا اپنے کسی جاننے والے یا کسی مصیبت گرفتہ کیلئے کرے اللہ کے حکم سے شفائے کاملہ نصیب ہوگی۔ ان آیات کے ورد کرنے کیلئے میری طرف سے خصوصی اجازت ہے کوئی بھی اپنی پریشانی، مصیبت، جادو، ٹونہ، سایہ، یا کسی بھی بد اثر کو باطل کرنے کیلئے ورد کرے۔ پڑھنے کی تعداد کم از کم سو مرتبہ ہو اور زیادہ سے زیادہ جتنا ہو سکے ورد کرے۔ لیکن اپنے ورد کرنے کے دوران اپنے پاس سادہ پانی ضرور رکھے اور جب تعداد ختم کرے تو اسے پی لیا کرے۔ اور ان آیات کے اعراب کسی حافظ قرآن سے لگوائے۔ اس کے علاوہ اگر کوئی آسیب یا جن گرفتہ ہو تو کوئی بھی باوضو حالت میں مریض کے دونوں کانوں میں سات سات مرتبہ اذانیں دے اس سے مریض کا مرض ختم ہوگا اور اگر ہو سکے تو ان آیات میں سے کسی ایک آیت کو اپنی استعداد کے مطابق ورد کرے۔ یہ زبردست قسم کا ایک نسخہ ہے جس سے سایہ آسیب یا جنات کا مکمل خاتمہ ضرور بر ضرور ہو جاتا ہے اور کبھی دوبارہ نہیں آتا۔ انشاء اللہ اور اگر کوئی ان آیات میں سے ورد نہ کر سکے یا بہت زیادہ بیماری میں مبتلا ہو چکا ہو جس سے ورد نہ ہوتا ہو تو ان آیات کو سفید کاغذ پر زعفران سے لکھ کر اسے مریض کے گلے میں پہنائے اللہ کے حکم سے اثرات ظاہر ہونگے اور جس کسی بھی بیماری میں مبتلا ہوگا اس کا خاتمہ ہوگا۔ ان آیات کو دینی و دنیاوی تمام معاملات میں ہر طرح سے استعمال کیا جا سکتا ہے اور اس کے بے بہا فوائد ہیں جن کا احاطہ نہیں ہو سکتا۔

Scanned with CamScanner

(1) بسم اللہ الرحمن الرحیم. یخرج من بطونها شراب مختلف الوانه فیه شفاء للناس.

(2) بسم اللہ الرحمن الرحیم. قل هو للذین امنوا هدی وشفاء والذین لا یومنون فی اذانهم وقرو هو علیهم عمَی.

(3) بسم اللہ الرحمن الرحیم. قال رب بما اغویتنی لا زینن لهم فی الارض ولا غوینهم اجمعین.

(4) بسم اللہ الرحمن الرحیم. الذین یاکلون الربو لا یقومون الا کما یقوم الذی یتخبطه الشیطن من المس.

(5) بسم اللہ الرحمن الرحیم. افحسبتم انما خلقنکم عبثا وانکم الینا لا ترجعون.

(6) بسم اللہ الرحمن الرحیم. ننزل من القرآن ما هو شفاء ورحمة للمومنین ولا یزید الظلمین.

(7) بسم اللہ الرحمن الرحیم. وان یمسک الله بضر فلا کاشف له الا هو وان یردک بخیر فلا راد لفضله.

(8) بسم اللہ الرحمن الرحیم. قل اللهم مالک الملک توتی الملک من تشاء وتنزع الملک ممن تشاء وتعز من تشاء وتذل من تشاء بیدک الخیر انک علی کل شیء قدیر تولج الیل فی النهار وتولج النهار فی الیل وتخرج الحی من المیت وتخرج المیت من الحی وترزق من تشاء بغیر حساب.

(9) بسم اللہ الرحمن الرحیم. ان الذین فتنوا المومنین

والمومنات ثم لم یتوبوا فلهم عذاب جهنم ولهم عذاب الحریق.

(10) بسم اللہ الرحمن الرحیم. ما خلقکم ولا بعثکم الا کنفس واحدة ان الله سمیع بصیر.

(11) بسم اللہ الرحمن الرحیم. وله ماسکن فی الیل والنهار وهو السمیع العلیم.

(12) بسم اللہ الرحمن الرحیم. المص طسم کهیعص حم عسق الله لا اله الا هو الحی القیوم اسکن.

(13) بسم اللہ الرحمن الرحیم. قد نریٰ تقلب وجهک فی السماء فلنو لینک قبلة ترضها فول وجهک شطر المسجد الحرام.

(14) بسم اللہ الرحمن الرحیم. قل من حرم زینة الله التی اخرج لعباده والطیبات من الرزق قل هی للذین امنوا فی الحیوة الدنیا خالصة یوم القیامة کذلک نفصل الایت لقوم یعلمون.

(15) اعوذ بالله من الشیطان الرجیم.

(16) لا اله الا هو الرحمن الرحیم.

(17) سلام قول من رب الرحیم.

(18) سلام علی موسیٰ وهارون.

(19) سلام هی حتیٰ مطلع الفجر.

(20) لا اله الا الله محمد رسول الله.

(21) یسین والقرآن الحکیم.

Scanned with CamScanner

نشانات جادو

کوئی فرد بھی جادوئی یا آسیبی شر افسانیوں کے متعلق ہرگز اپنے دماغ پر اس تاثر کو نہ چھوڑے کہ دنیا میں صرف جادو ہی جادو ہے اور ہمیں اس سے ڈر کر رہنا چاہئے ایسا ہرگز نہیں سوچنا چاہئے کیونکہ جو افراد اس قسم کی سوچ رکھیں گے وہ ایمان کو جادو کے ہاتھوں بیچنے والے ہونگے بلکہ ایسی اشیاء کا ڈٹ کر مقابلہ کرنا چاہئے نہ کہ ان سے مغلوب ہوتے ہوئے ان سے ڈرنا چاہئے جادو دنیاوی کاموں میں سر چڑھ کر بولتا ہے اور اس بات میں بھی کوئی شک نہیں کہ جادو سے انسانیت کی بنیاد اکھڑ جاتی ہے۔ اور جب تک اس کا روحانی کامل علاج نہ کیا جائے تب تک شفاء حاصل نہیں ہو سکتی کیونکہ جادو کمال کسبی ہے اور اس کے توڑ بھی کمال کسبی سے کئے جاتے ہیں میں جنتر منتر سے زیادہ اللہ کی کلام کو زیادہ ترجیح دیتا ہوں اور یہ تمام مسلمانوں کی خوش نصیبی ہے کہ ہر کام میں اللہ کی کلام کے ذریعے اس کو پکارا جائے جس کے بہت سے فوائد حاصل ہوں اس لئے جادو کے توڑ سے لیکر دنیاوی ہر کام میں اللہ کلام کے ذریعے مسئلوں کے حل ڈھونڈنے چاہئیں تا کہ ایسے جنتر منتر جن کو پڑھنے سے شرک پیدا ہونے کے ساتھ انسان دین اسلام سے ہی باہر ہو جائے کیونکہ یہ دنیا چند روز کی ہے۔ اور مرنے کے بعد ہر چیز کے متعلق پوچھا جائیگا اس لئے تمام نیک کاموں میں اللہ کی کلام کو پکارنا چاہئے تا کہ اللہ کی ذات بھی خوش ہو اور اس کا قرب حاصل ہونے کے ساتھ ساتھ کام بھی اپنا ہی ہو اب جو افراد جادو کے ذریعے دوسرے افراد کو پریشان کرتے ہیں اور جادو کے ذریعے ان کی زندگی میں کیا کیا کر سکتے ہیں وہ خود مطالعہ کیجئے اور خود دیکھئے کہ کون سی نشانی آپ میں پائی جاتی ہے۔

جادو کے زور سے

(1) مرد اپنی بیوی کو حقیر جانتا ہے۔ اور اسے مارنے پیٹنے کے علاوہ طرح طرح کی اذیتوں میں مبتلا کر کے اسے سکون ملتا ہے وہ ایسا کیوں کرتا ہے؟ اس کی طرف اس کا ذہن ہرگز نہیں جاتا لیکن اپنے نفس کو مطمئن کرنے کیلئے وہ ایسا کرتا ہے اور بیوی اپنے شوہر کی اصلاح کرنے کیلئے جگہ جگہ جعلی عاملوں کے پاس جاتی ہے جس سے عامل حضرات عورت کے خوبصورت ہونے کا بھرپور فائدہ اٹھاتے ہیں۔

(2) بیوی اپنے مرد کو حقیر جانتی ہے اور اس سے بے پناہ نفرت کر کے اسے سکون ملتا ہے ہم بستری سے نفرت کرتی ہے اور بات بات پر لڑ جھگڑ کر مارنے پر تل جاتی ہے اس کی کیا وجہ سامنے آتی ہے؟ اس کے متعلق عورت کو بھی معلوم نہیں ہوتا۔

(3) مرد اپنے گھر والوں سمیت اپنی بیوی بچوں سے نفرت کرنے لگ جاتا ہے اور ایسا کر کے اسے سکون ملتا ہے۔

(4) میڈیکلی طور سے فٹ ہوتے ہوئے میاں بیوی اولاد جیسی نعمت سے محروم؟

(5) نو بیاہتا جوڑا اپنی زندگی کے آغاز والے دن سے لیکر روزانہ لڑنے تک سکون محسوس کرتے ہیں اور کوئی بھی واضح وجہ سامنے نہیں آتی بس ایک دوسرے کو اچھا نہیں سمجھتے؟

(6) گھر یا کاروباری مقام پر اچانک نقصان در نقصان اور برکت ختم؟

(7) لڑکی یا لڑکا خوبصورت ہوتے ہوئے شادی یا نکاح سے محروم؟

(8) عورت اپنے پہلے یا دوسرے بچے کی پیدائش کے بعد اچانک بانجھ ہو جاتی ہے؟

(9) ایک اچھا بھلا تندرست مرد ایک دم نامرد اور ناکارہ ہو جاتا ہے؟

(10) ڈاکٹری رپوٹوں میں کوئی بھی واضح بیماری نہیں ہوتی جب کہ مریض چارپائی کے ساتھ چارپائی ہو جاتا ہے اور اللہ سے مرنے کی دعا کرتا ہے؟

(11) کسی پاک وصاف پرہیزگار عورت و مرد کے جسم کے اندر ایسی مخلوق داخل ہو جاتی ہے جو اسے زیادہ سے زیادہ اذیت دے اور اس کا نقصان در نقصان مسلسل ہی کرے؟

(12) غیر انسانی مخلوق نمازی افراد کے جسم میں گھس کر اسے موت کے گھاٹ اتار دیتی ہے اور ڈاکٹروں کا اس کی موت کے متعلق نا معلوم ہونا جیسے جیسے علاج کیا جاتا ہے ویسے ویسے تکلیف بڑھتی رہتی ہے؟

(13) بند گھر یا دکان میں خون کے چھینٹے پڑنا جب کہ اندر کوئی بھی داخل نہیں ہو سکتا؟

(14) میاں بیوی کا اچھا بھلا سلوک ایک دم نفرت سے بھرتا ہوا علیحدگی تک جا پہنچتا ہے جس کی واضح وجہ کوئی بھی سامنے نہیں آتی؟

(15) ایک دم ایسی بیماری کے گھیرے میں آجانا جس کا کوئی بھی موضوع علاج نہیں ملتا اور اس کے علاوہ ایسے کئی نشانات اس دنیا میں رہنے والے افراد کی زندگیوں میں جاتے ہیں جن کا اگر بروقت علاج نہ کیا جائے تو پھر سوائے پچھتاوے کے کچھ بھی ہاتھ نہیں آتا؟

Scanned with CamScanner

عملیات وتعویذ گنڈے دین اسلام کا بالکل حصہ نہیں ہیں؟

میرے علم کے مطابق تمام افراد اس بات کو ضرور یاد رکھیں کہ تعویذ دھاگے یا کوئی عملیات اور اس سے متعلق تمام طریقہ کار دین اسلام کا بالکل حصہ نہیں اور نہ ہی کسی بھی اولیاء اللہ کا بتایا ہوا علم ہے بلکہ یہ علم ایک اصول اور فارمولے کا محتاج ہوتا ہے جس سے دنیاوی کسی بھی مقصد میں کامیاب ہوا جا سکتا ہے جیسے دنیاوی کاموں میں سائنس نے حیرت انگیز ایجادات کر کے ترقی کی ہے بالکل اسی طرح فن عملیات ہے جس میں موقع کی مناسبت سے کوئی عمل یا نقش وغیرہ تحریر کیا جاتا ہے۔ اور اس کو صحیح وٹھیک طور پر کرنے والا عامل کہلاتا ہے جیسے کسی سائنسی بنیاد پر کوئی ایجاد کرنے والا سائنٹسٹ کہلاتا ہے اور اپنی ضرورت کا دنیاوی مواد حاصل کر کے اس کو مکمل اصول وطریقہ کار سے کرتے ہوئے دنیا کے کسی بھی متعلقہ کام میں کامیاب ہو جاتا ہے اور بعض اوقات ناکام ہو جاتا ہے کیونکہ عامل سے بڑا ایک کامل بھی ہوتا ہے۔ جو سراسر دین سے لے کر دنیا تک اپنے فن میں مکمل ہونے کی حیثیت سے کسی بھی دینی ودنیاوی کام کو فوری پورا کرنے میں ماہر ہوتا ہے لیکن کسی عملیات یا نقش کی طرح کسی دنیاوی مواد کا ہرگز محتاج نہیں ہوتا اور نہ ہی کسی نسخے یا فارمولے کا کہ میں ایسے کروں گا تو ایسے ہوگا۔ ایسا ہرگز نہیں بلکہ ایسا ولی کامل تو اپنی ایک ادنیٰ سی نظر سے ہزاروں عاملین کے تختے الٹا سکتا ہے اور ہزاروں عاملین مل کر بھی اس ایک کامل کا کچھ بھی نہیں بگاڑ سکتے ولی کامل بننے کے مختلف طریقہ کار تو ہیں لیکن ایسا مشکل سے ہوتا ہے کیونکہ ولی اللہ پیدائشی طور پر ایسا ہی ہوتا ہے جیسا کہ اللہ چاہتا ہے اور وہ اپنی پیدائش سے لیکر آخرت تک بالکل ایک ہی سیدھی اور سچی راہ پر چلتا رہتا ہے اور دنیاوی انسانوں سے کنارہ کش رہنا پسند کرتا ہے تا کہ ان کی عبادت میں کوئی خلل واقع نہ ہو اور حضرت سلطان باھو کے ایک شعر کے مطابق ان کی سوچ اس قسم کی ہوتی ہے (دنیادار کمینے ھو) یہ انہی کے ایک شعر کا آخری فقرا ہے اس لئے عامل اور کامل میں زمین آسمان کا فرق ہوتا ہے اس بات کی مختصر تشریح اس لئے کی گئی ہے تا کہ واضح فرق بیان ہو سکے کہ قراٰن وحدیث سے لے کر کسی بھی اولیاء اللہ کا بتایا ہوا علم عملیات یا نقوش نہیں ہیں بلکہ علم کسبی ہے۔ جس میں موقع کی مناسبت سے کوئی عمل یا نقش کیا جاتا ہے جو بعض اوقات پورا ہو جاتا ہے اور بعض اوقات بالکل نہیں۔

جادو جھوٹ اور وہم نہیں

اس دنیا میں اب بھی ایسے پڑھے لکھے افراد موجود ہیں جو جادو ٹونہ آسیب جن یا کسی بھی غیر انسانی مخلوق کا تصور کرنا من گھڑت کہانی سمجھتے ہیں اور اسے فضول سا موضوع سمجھ کر اس پر بات کرنا بھی پسند نہیں کرتے اور اگر کوئی جادو میں مبتلا فرد ان کو اپنی روداد سنائے تو یہ اسے سمجھانے کی بجائے الٹا اس فرد کا مذاق اڑاتے ہیں جب کہ ایسا بالکل نہیں ہونا چاہئے ایسا اس فرد کے ساتھ کرنا بنتا ہے جو جادو اور ارواح خبیثہ کی حقیقت کو نہ جانتے ہوئے خود کو ان سے منسوب کرے یا اپنی جسمانی بیماری کو کسی جادو ٹونے کا نام دے میرے پاس اس بات کے کئی ثبوت موجود ہیں کہ جادو بالکل برحق ہے اور کسی پر بھی یہ ہو سکتا ہے۔ اس کی سب سے بڑی مثال ہم سب کی زندگی میں حضور نبی کریم ﷺ کی مثال ہے کہ ان پر بھی جادو کیا گیا تھا اور اس کے اثرات سے آپ ﷺ بھی متاثر ہوئے سرکار مدینہ ﷺ پر کئے گئے جادو کا ایک نمونہ پیش ہے کہ جب ان کو دفینہ ملا تو یہ ایک موم کا پتلہ اور اس میں سوئیاں چبھوئی ہوئیں تھیں جس سے سرکار دو عالم ﷺ کے جسم میں درد تھی آج لوگوں کے گھروں میں خون کے چھینٹے پڑتے ہیں اور چھینٹے لگانے والا نظر نہیں آتا انسان کو ایسی بیماری لگ جاتی ہے جس سے ڈاکٹر وحکیم پریشان ہوتے ہوئے اس مرض کو لاعلاج ٹھہراتے ہیں اور پھر یہی شخص دم جھاڑوں سے بالکل ٹھیک ہو جاتا ہے اور اسے آرام وسکون مل جاتا ہے کسی کا اچھا بھلا چلتا ہوا کاروبار بالکل ہی بند ہو جاتا ہے اور کوئی بھی واضح وجہ سامنے نہیں آتی اس طرح کی کئی اور مثالیں اس دنیا میں اب بھی موجود ہیں اور روز بروز ان میں اضافہ اور ترقی ہو رہی ہے۔ اور لوگ زیادہ سے زیادہ پریشان رہتے ہیں جیسے سب کچھ جادو کی بنیاد پر کیا جاتا ہے اسی طرح اس کا علاج بھی آیات الٰہی، یا کسی بھی کلام کے ماتحت مخلوق اس کو ورد کرنے اور اس کا توڑ کرنے میں مدد دیتی ہے۔ اور کوئی بھی دنیاوی دوائی یا ڈاکٹری نسخہ اثر نہیں کرتا میں اب تک کئی ڈاکٹر حضرات کا روحانی علاج آیات الٰہی سے کر چکا ہوں اور کر رہا ہوں اسی طرح اس فن میں مہارت حاصل کرنے کیلئے زیادہ سے زیادہ محنت کی جائے اور اللہ کی جانب رجوع کیا جائے تا کہ اللہ تعالیٰ کا کامل قرب حاصل ہو اور انسان اس دنیا میں دکھی عوام کی مدد بذریعہ کلام اللہ کرتا رہے۔ اس کتاب میں جو طریقہ کار درج ہیں یہ سب ہی

Scanned with CamScanner

مجرب المجرب ہیں اور جادو کے دفعیہ کیلئے نہایت ہی پر تاثیر ہیں اس لئے جو کوئی بھی فرد اپنا علاج خود کرنا چاہے یا کسی دوسرے انسان کی مدد کرنی چاہے تو وہ جیسے اس کتاب میں طریقہ کار لکھے ہوئے ہیں ان سب کو آزمائے اور خود دیکھ لے کہ یہ اعمال و نقوش سینوں کے کن رازوں سے متعلق ہیں۔ کیونکہ جادو ٹونہ آسیب جنات اور دیگر مخفی مخلوقات کوئی جھوٹ یا وہم نہیں ہیں۔ بلکہ ان کے اندر ایک صداقت موجود ہیں جس کو آج اس مادی دور میں جھوٹ بنایا جا رہا ہے۔ جس سے روحانیت کا سلسلہ بری طرح متاثر ہو رہا ہے اور جگہ جگہ روحانیت رکھنے والے بابے اپنا ڈیرہ ڈال کر بیٹھ گئے ہیں اور لوگ اللہ کی بنائی قسمت کو صحیح نہ سمجھتے ہوئے جادو تصور کر کے ان سے اپنا روحانی علاج کرواتے ہیں اور نتیجہ پہلے کی طرح زیرو ہی نکلتا ہے اس کی سب سے بڑی وجہ یہی ہے کہ جادو تب ہی کلام الٰہی و مختلف روحانی طریقہ کار سے باطل ہوگا۔ جب جادو کروایا یا کسی نے کیا ہوگا۔ جب جادو ہی نہیں ہوگا۔ تو (باطل) کیا؟ اب اسی بات کا فائدہ اٹھاتے ہوئے جاہل عامل معصوم عوام کو بیوقوف بناتے ہیں اور ان کے اپنوں کے نام ان کی زبان سے سن کر حساب لگا کر وہی نام ان کو بتا کر خوش کرتے ہیں کہ اس آدمی یا عورت نے تم پر جادو کیا ہوا ہے۔ جب کہ سوال کرنے والا تو وہی نام بتائے گا جن کو وہ جانتا ہوگا۔ اور دنیا میں ایسا کون خوش نصیب شخص ہوگا۔ جس کے ساتھ کوئی بغض و عداوت نہیں رکھتا ہوگا۔ یا گھریلو جھگڑے نہیں ہوتے ہونگے جب ایسے افراد ان عاملان سے اپنا حساب لگواتے ہیں تو وہ ان سے پوچھتے ہیں کہ جن سے تمہاری نہیں بنتی ان کے نام بتاؤ تو عامل صاحبان انہی ناموں میں سے کسی کا بھی نام یا کئی نام بتاتے ہیں کہ فلاں نے تم پر جادو کیا ہے۔ اور حساب لگوانے والا فرد اس بات کو پتھر پر لکیر سمجھتے ہوئے اس شخص کا دشمن بن جاتا ہے اور یہ سلسلہ چلتا ہوا قتل و غارت اور صحیح دشمنی پر ساری زندگی چلتا رہتا ہے اور عامل صاحب کی جیب گرم ہوتی رہتی ہے۔ بعض حالات میں جادو ٹونے کا خاتمہ ہوتے ہوئے کئی عرصہ بھی لگ جاتا ہے کیونکہ کالے علم میں بہت زیادہ مہارت رکھنے والے عاملین ایسے کئی نسخہ جات کو جانتے ہیں جس سے کسی کی بھی زندگی کا فیصلہ وہ کرتے ہیں اور اسے دنیاوی مصائب میں گرفتار کرنے کے ساتھ ساتھ اس کی زندگی بھی آہستہ آہستہ ختم کر دیتے ہیں جسے سیدھے الفاظ میں رضائے الٰہی کے آگے سر اٹھانا اور ایک قسم کا قتل کر دینا ہوتا ہے۔

آغاز و ابتداء جادو

میرے نزدیک جادو سکھانے کے طریقہ کار اور اس کے ذریعے سے پیدا ہونے والے تمام نقصان دہ اثرات کے موجد ہاروت و ماروت ہیں جن کا ذکر سورۃ البقرۃ کی آیت نمبر ایک سو دو میں ہے۔ کہ وہ لوگوں کو کچھ نہیں سکھاتے تھے جب تک یہ نہ کہہ دیں کہ ہم تو ذریعہ آزمائش ہیں یہ اسی سورۃ کی ایک آیت کا ترجمہ ہے۔ جس کیلئے میں نے شروع میں (میرے نزدیک) کا لفظ استعمال کیا ہے۔ یعنی ہاروت و ماروت کا ذریعہ آزمائش بننا اس طرح تھا کہ ان دو فرشتوں کا اس دنیا میں آنا ایک خاص مشن کے تحت تھا کیونکہ اس وقت کے لوگ نبی علیہ السلام اور جادوگر میں کوئی واضح فرق محسوس کرنے کا شعور نہیں رکھتے تھے اور ان کا ایک ہی مقصد تھا کہ دنیا کے لوگوں کو جادوگروں کے کسبی علم اور نبی علیہ السلام کے معجزات میں واضح فرق کے منفی و مثبت اثرات سے دوچار کر سکیں کیونکہ ان وقتوں میں جو معجزہ نبیؑ دکھاتے اس کا مقابلہ کرنے کیلئے جادوگر اپنا فن پیش کرتے جس سے دوسرے لوگوں کے ذھنوں میں انتشار پیدا ہونے کے ساتھ ساتھ وہ نبیؑ کے کام کو بھی جادو یا شعبدہ بازی تصور کرتے تھے جادو اور معجزے کے واضح فرق کو دکھانے کیلئے ان دو فرشتوں نے دوسرے لوگوں میں تمیز پیدا کرنے کیلئے ایک مشن کا آغاز کیا کیونکہ اصل میں ان دو فرشتوں کا تعلق مقام سفلیہ سے تھا۔ جو جادو کے بہت زبردست ماہر تھے اور دنیاوی ہر کام کو جادو کے ذریعے بخوبی انجام دیتے تھے اور لوگوں کو اپنے کرشمے دکھاتے تھے جس سے دوسرے افراد ان سے متاثر ہو کر ان کے مرید بن گئے اور ان سے اس کام کو سیکھنے کا اصرار کرنے لگے پھر جب اللہ کی طرف سے انہیں سزا ملی تو میرے نزدیک ان کا یہی عمل ہو سکتا ہے جیسا کہ اپنے جادوئی علم کو دوسرے لوگوں کو سکھانا اور دنیاوی چیزوں کی مدد سے حب و بغض کے عملیات کرنا جس سے فوراً ہی اثر پذیر ہوتے ہوئے سمجھ نہ آتی اور کام فوراً ہو جاتا پھر اسی سورۃ کی ایک آیت کا ترجمہ یہ بھی ہے کہ لوگ ان (ہاروت و ماروت) سے ایسا جادو سیکھتے جس سے یہ دو میاں بیوی میں جدائی کروا دیتے اب اس آیت کا ترجمہ غور سے سمجھئے کہ قرآن میں اس بات کی گواہی ہے کہ وہ اتنے جادو کے فن میں ضرور مہارت رکھتے تھے جو ہنستے بستے میاں بیوی کی زندگی کو جہنم بنا کر ان کی آپس میں جدائی کروا دیتے اب اسی کی تشریح اگر کی جائے تو جادو کی

Scanned with CamScanner

ایسی بہت سی مثالوں سے دنیا بھری پڑی ہے یعنی جادو کے اثر میں اتنی کشش ہوتی ہے اور ہے اور جو فرد موقع کی مناسبت سے جس قسم کا بھی جادو کرتا ہے وہ اپنا اثر ضرور دکھاتا ہے لیکن آج اس مادی دور میں بھی نام تو جادو کا استعمال کیا جاتا ہے اور اندر سے کام کوئی اور ہی ہو رہا ہوتا ہے درویشوں اور فقیروں کے چولے پہن کر کئی افراد دوسرے افراد کو بیوقوف بناتے ہیں اور کئی اپنے اس فن کی شہرت کیلئے داڑھی مونچھ بھی نہیں رکھتے تاکہ دوسرے لوگ یہی سمجھیں کہ یہ بڑا زبردست جادو کا ماہر ہے۔ اور ہمارا کام ہو جائیگا۔ لیکن وقت گذرنے کے ساتھ ساتھ پھر افسوس ہی باقی رہتا ہے اور کچھ ہاتھ نہیں آتا کیونکہ جو فرد جادوگر کے پاس جاتا ہے اس کو مکمل یقین اس بات کا ہوتا ہے کہ یہ جادوگر میرا یہ فلاں کام ضرور کر دیگا۔ اور جب سب کچھ کر کے جادو کیا بھی جاتا ہے تو اس کا ایک رتی بھی اثر واقع نہیں ہوتا یہ کیا ہے؟ یہ جاہل عامل اپنے آپ کو دوسروں لوگوں کی نظروں میں اپنی بڑائی پیش کرنے کیلئے اور اپنی کرامات کو دکھائے بغیر صرف سناتے ہیں کہ ہم نے فلاں کر دیا اور ڈھمکاں کر دیا جس کا حاصل وصول کچھ بھی نہیں ہوتا کیونکہ جادو اور اس قسم کے کام صرف ایسے افراد ہی کر سکتے ہیں جو پیدائشی طور پر مسلمان نہ ہوں جو فرد بھی غیر مسلم ہوگا اور اس فن سے لگاؤ رکھتا ہوگا تو اسے ضرور کچھ نہ کچھ ایسی جادوئی کلام یا طریقہ کار پتہ ہونگے جس سے وہ خود کو جادوگر کہلوائے اور اگر کوئی مسلمان اس کالے جادو کو سیکھے تو اس کے راستے میں کئی ایسی مشکلات اور پریشانیاں آئینگی جس سے یا تو وہ اس کام کو چھوڑ دیگا یا وہ اس دنیا سے بالکل ہی علیحدہ ہو جائیگا ان تمام اقسام میں نقصان صرف اسی کو پہنچتا ہے جو نبی ﷺ کا امتی ہے۔ کیونکہ پیدائش ہونے کے ساتھ اس کے کان میں اذان کا اثر مرنے تک اسے اس بات کی یاد دلاتا ہے کہ میں سچے نبی ﷺ کا امتی ہوں اور اللہ وحدہ لاشریک ایک لازوال ہستی ہے۔ جو تمام کائنات کا مالک اور اسے بنانے سے لیکر مٹانے والا ہے۔ اسی بات کے بالکل برعکس عیسائی، ہندو، نصرانی، یہودی، یا کسی بھی غیر مذھب سے تعلق رکھنے والے افراد پیدائش کے وقت کانوں میں کسی بھی قسم کی کوئی اذان یا کوئی اللہ کا دین نہیں بتاتے اور نہ ہی انہیں اس بات کا بھی اندازہ ہوتا ہے کہ مسلمان کیا ہے؟ اور اس کی روحانی طاقت کتنی ہے اس لئے وہ اپنے جنتر منتر کو باقاعدگی سے سیکھتے ہیں اور اس کے عوض میں پیدا ہونے والی طاقت کے عامل بن جاتے ہیں۔

جادو کے تکلیف دہ اثرات

جادو کسی بھی نقش یا تعویذ کے ذریعے نہیں ہوتا اور نہ ہی اس فن کے ماہر ایسا کرتے ہیں اور نہ ہی کسی کو نقصان سے دوچار کرنے کیلئے جادوگر افراد کسی تعویذ یا نقش کا سہارا لیتے ہیں ان کے طریقہ کار ہی ایسے ہوتے ہیں کہ سننے والا حیرت ظاہر کرتا ہے کہ بتانے والا کیا بتا رہا ہے جب کہ وہ سب کچھ سچ بیان کر رہا ہوتا ہے۔ مثلاً اگر کسی جادوگر نے حب کا عمل کرنا ہو تو وہ ہرگز کسی عورت کے دل میں پیار و محبت ڈالنے کیلئے یا کسی مرد کے دل میں عورت کا پیار ڈالنے کیلئے کسی بھی نقش یا تعویذ کا سہارا نہیں لیتا بلکہ ایسا عمل دونوں میں سے کسی ایک کے کرنے والا بتاتا ہے جس کو سن کر ایک مرتبہ مسلمان کا دل ہل جاتا ہے پھر اپنی ضرورت کے پیش نظر عمل کر کے کامیابی تین دنوں کے اندر حاصل کی جاتی ہے۔ اور اس گندے و غلیظ عمل کے اثر سے کوئی بھی محفوظ نہیں رہ سکتا اصل میں جادو اسی کا نام ہے جو دوسروں کو پریشان اور نقصان سے دوچار کرے اسی طرح اگر جادوگر نے کسی کی دکان کو باندھنا ہو قوت مردمی کو باندھنا ہو کسی عورت کی کوکھ کو باندھنا ہو کسی عورت کا بلاوجہ خون چھڑوانا ہو یا کوئی بھی کام کرنا ہو تو وہ کسی بھی نقش یا تعویذ سے کام نہیں لیتا اور جس طریقے سے وہ جادو کا عمل کر کے اپنے مقصد کا تصور باندھتا ہے تو اس کے اثرات ضرور اثر انداز ہوتے ہیں۔ اس کا شاہد میں خود ہوں اسی حوالے سے میں موضوع کی تشریح کر کے ان تمام افراد کو کھول کر بتاؤں گا۔ کہ جادوگر کس کام کیلئے کس جادو کو کرتا ہے۔ اور بار بار کرتا ہے اور کسی نقش کو ہرگز ہرگز استعمال نہیں کرتا کیونکہ اس کے علوم کی بنیاد سفلی علم پر ہوتی ہے جو حکم کے ماتحت ہونے کے ساتھ دنیاوی کسی بھی نوعیت کے کام کو اسی وقت کر دیتے ہیں کیونکہ انہوں نے اپنی جان کو عذاب میں مبتلا کر کے اس فن پر عبور حاصل کیا ہوتا ہے۔ لیکن اس کا مقصد یہ نہیں کہ ہمیشہ ہی ان کی کامیابی ہوتی ہے بلکہ کئی مرتبہ انہیں سخت ناکامی بھی ہوتی ہے جس سے وہ پھر نئے نئے راستے نکالتے ہیں۔ کیونکہ علم کوئی بھی ہو اس کی مثال ایک گہرے سمندر کی طرح ہے۔ جس کی انتہا مشکل سے ہوتی ہے۔ اور اس فن کو سیکھنے والے انسان کی زندگی ایک پانی کا بلبلہ جس کا کچھ بھی پتہ نہیں کیا سے کیا ہو جائے اس علم کے سمندر کے چند قطرے ملنے پر اتنا کچھ ہو جاتا ہے تو سمندر کو سر کرنے والا بےشک پیر کامل ہی ہوتا ہے۔

Scanned with CamScanner

جادو کے ذریعے عمل حب

مثال کے طور پر اگر کوئی بیوی اپنے مرد کو اپنے قابو میں کرنا چاہے یا کوئی مرد اپنی بیوی کو قابو میں کرنا چاہے یا کوئی دو پیار کرنے والے اپنے درمیان حائل رکاوٹوں کا خاتمہ کرنا چاہتے ہوں تو جادو کی بنیاد پر جس عمل کو کیا جائیگا۔ یہ غور سے پڑھیے اس عمل کیلئے بھی کوئی نقش یا تعویذ استعمال نہیں کیا جاتا اور نہ ہی کوئی ایسا وظیفہ بتایا جاتا ہے جس کو کرنے پر اس معاملے میں کسی کو کامیابی ملے بلکہ وہ اپنے جادو کے طور پر اس عورت کو ایسا عمل بتاتا ہے، جس سے اس کے اندازے اور تجربے کے مطابق شوہر مطیع و فرمانبردار ہو یا کوئی غیر مرد بھی غیر عورت کی تسخیر کر سکے جو عمل عورت کو بتایا جاتا ہے اس کی بنیاد کچھ اس طرح سے ہوتی ہے کہ جب تمہارے مخصوص دن آئیں تو اس غلیظ خون کو گوشت میں ڈال کر کھلاؤ اس کے کھاتے ہی اس کا شوہر یا کوئی بھی غیر مرد اس کا دیوانہ بن جائیگا اگر دیوانہ نہیں ہوگا تو پاگل ضرور بن جائیگا اپنے مقصد کی چاہت میں وہ عورت کچھ سوچے سمجھے بغیر اس عمل کو کرتی ہے اور جو نتیجہ نکلتا ہے اس کا بھی اسے معلوم ہوتا ہے اسی طرح اگر کوئی مرد ہو تو اس کو مادہ سفید کے متعلق عملیات بتائے جاتے ہیں جس سے وہ کسی بھی عورت کو کھلا کر اپنے قابو میں کر سکے ان افراد کے نزدیک ان اعمال سے حب پیدا ہوتی ہے اور ان عملیات کے توڑ بھی بہت مشکل سے ہوتے ہیں۔ اب خود دیکھئے کہ کیسے طریقہ کار سے پیار و محبت قائم کی جارہی ہے اور ایسا ہمارے معاشرے میں ہو رہا ہے۔ اسی طرح کوئی بھی کام ہو جادوگر افراد یا اس طرح کے عامل ہرگز تعویذ دھاگے استعمال نہیں کرتے بلکہ اس قسم کے کئی اور عملیات موقع کی مناسبت سے بتاتے ہیں اور جو افراد ان کے کہنے پر عمل کرتے ہیں وہی اس کے اثرات بتا سکتے ہیں اسی طرح اگر کوئی عورت کسی غیر مرد کو اپنا تابعدار بنانا چاہے تو جادو کے طور پر عمل کچھ اس قسم کا ہوتا ہے جب عورت اس غیر مرد سے ہم بستری کرے تو بعد فراغت کے اسی وقت تھوڑا سا گڑ اپنی شرمگاہ میں ڈال کر گھسائے اور اسے بعد میں اسی مرد کو کھلا دے جس سے ہمبستری کی ہے اس گڑ کے کھاتے ہی وہ مرد نا چاہتے ہوئے بھی اس عورت کی تسخیر میں با آسانی آجائیگا اسی طرح کے اور بہت سے جادوئی اعمال ہیں جو ہمارے اس معاشرے میں کثرت سے ہو رہے ہیں بعض حالات میں کامیاب اور بعض حالات میں ناکامیاب۔

جادو کے ذریعے کاروبار باندھنا

اسی طرح اگر کوئی کسی دکان کو باندھنا ہو یا رزق بند کرنا ہو یا کسی کو بھی اذیت میں مبتلا کرنا ہو تو تب بھی کسی نقش یا تعویذ کا استعمال نہیں ہوتا بلکہ مردار اور حرام جانوروں کی ھڈیوں پر جنتر منتر دم کر کے دبائے جاتے ہیں جس سے کاروبار فوراً متاثر ہو کر فنا و برباد ہو جاتا ہے۔ اس کے علاوہ اور بہت سے اس قسم کے عملیات کئے جاتے ہیں جس کی بنیاد پر کسی کو بھی جادو کی لپیٹ میں لایا جا سکے اور اسے اذیت کا نشانہ بنایا جائے۔ ان اعمال کے حل بہت مشکل سے ملتے ہیں اور نقصان پر نقصان ہوتے چلے جاتے ہیں۔ یا الو کے خون سے لکھے نقوش کو دکان کی چوکھٹ میں دبایا جاتا ہے یا دکان کے اندر وزن کے نیچے رکھا جاتا ہے ان تمام طریقہ کار سے کاروبار فوراً ہی بند ہو جاتا ہے اور کوئی بھی خاص وجہ نظر نہیں آتی۔

اسی طرح اور بہت سے دنیاوی کاموں میں رکاوٹیں اور اللہ تعالیٰ کی مخلوق کو زیادہ سے زیادہ پریشان کرنے کیلئے مختلف قسم کے جادوئی اعمال کئے جاتے ہیں جس سے فوراً متاثر ہوتے ہوئے کوئی بھی شخص مغلوب ہو کر ہلاکت کا نشانہ بن جاتا ہے یا جیتے جی ان کا شمار مردوں میں ہوتا ہے اور نہ ہی زندوں میں جب تک اس کا صحیح حل یا توڑ نہ کیا جائے تب تک اس کا اثر زائل نہیں ہوتا اور کسی بھی معمولی مثبت قسم کے عمل کا اثر نہیں ہوتا اور نہ ہی کتابوں سے دیکھ کر اس کے توڑ ملتے ہیں جب تک کہ کوئی خود زبردست قسم کا عامل نہ ہو اور نہ ہی اس کا توڑ ایسے ہوتا ہے کہ کسی عملیاتی کتاب سے دیکھ کر کوئی نقش یا تعویذ لکھ کر دیا جائے تو ایسے عملیات بھی اپنا اثر نہیں دکھاتے بلکہ کوئی نہ کوئی فرد کسی کلام کا عامل ضرور ہوتا ہے۔ اور اپنے علم کی بنیاد پر ایسے اعمال کرتا ہے جس سے کوئی بھی دکھوں اور پریشانیوں میں مبتلا ہو سکے جس طرح کوئی کسی عزیمت یا ہندی کلام کا ماہر ہو اور اپنے علم کے زور پر ایسے اعمال کرے تو اس کے توڑ کیلئے بھی کسی کو آیت الٰہی، اسم اعظم، یا کسی سورۃ کا عامل بننا پڑیگا۔ تاکہ اس کی کلام کی کاٹ ہو اس تمام سلسلے کا سارا دارومدار جنتر منتر پر ہوتا ہے۔ جو کسی بھی انسان کو زیادہ سے زیادہ پریشان کر سکتے ہیں کیونکہ مختلف طریقہ کار کے حوالے سے مختلف قسم کے کام ہوتے ہیں جن کی مختلف کلام ہوتی ہے جس سے عامل اپنے مقصد کا تصور باندھ کر کوئی بھی دنیاوی کام کو کر سکتا ہے اور زیادہ سے زیادہ کسی کو پریشان کر سکتا ہے۔

Scanned with CamScanner

جادو کے ذریعے نکاح بندی

ہمارے معاشرے میں کئی ایسے عامل ہیں جو غیر عربی کلام کے ماہر ہوتے ہیں اس کے اثرات سے کسی کنواری لڑکی کا نکاح باندھ دیتے ہیں جس سے رشتے تو آتے رہتے ہیں لیکن کہیں بات نہیں بنتی اور جب تک اس کا توڑ یا اپاؤ نہ کیا جائے تب تک وہ لڑکی کنواری ہی رہتی ہے اسی طرح اگر کوئی شادی شدہ عورت ہو تو اس پر بھی اس قسم کا کوئی عمل کر کے اس کے خاوند کو بدزن کیا جاتا ہے۔ جس سے اس عورت کی ہر وقت اپنے شوہر سے لڑائی ہوتی رہتی ہے۔ اور کوئی صحیح وجہ سامنے نہیں آتی بس اس عورت کا دل یہی چاہتا ہے کہ وہ اپنے خاوند سے علیحدگی اختیار کر لے اس کا بھی اگر صحیح توڑ نہ کیا جائے تو زن و شوہر کی آپس میں علیحدگی باعث طلاق بن جاتی ہے۔ اور ایک ہنستا بستا گھر دیکھتے ہی دیکھتے اجڑ جاتا ہے۔ اسی طرح کسی کنوارے لڑکے کا نکاح باندھ دیا جاتا ہے اور لاکھ رشتے دیکھنے پر بھی پسند نہیں آتے اور لڑکا کنوارہ ہی رہ جاتا ہے غرض کہ ان تمام قسم کی قباحتوں سے محفوظ رہنے اور اس کا توڑ کر کے اپنے مقصد میں کامیاب ہونے کیلئے انتھک قسم کی محنت کرنا پڑتی ہے اور اللہ اپنی مدد سے کوئی ایسا حل نکال دیتا ہے جس سے اس جادوگر یا عامل کا منہ کالا اور اللہ کے ماننے والوں کی جیت ہوتی ہے۔ اس لئے کتاب میں جو بھی اعمال درج ہونگے اس پر عمل کرنے کیلئے لازم ہے کہ محنت کی جائے اور اپنی تکلیف کو دور کرنے کیلئے اپنی مدد آپ کے تحت کامیاب ہوں اس کتاب میں خاص طور پر مصنف کتب پیر السید علی حسین شاہ کی ہر انسان کو اجازت ہے جو پاکی و پلیدی کا نسلی امتیاز رکھتے ہوئے اللہ کے ہر حکم کا تائب ہے اور اس ذات کے نام پر اپنا سر پیش کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے تا کہ ایسے افراد کو اجازت ہے جو اس کو سیکھ کر خلق خدا کو زیادہ سے زیادہ لوٹیں اور ان کی عزت کا ناجائز مذاق اڑائیں کتاب میں سے مستفیض ہونے اور اس کی عاملیت کو دیکھنے اور آزمانے کیلئے اپنی نیت میں اس کا کمال پیدا کریں اور خود جس طریقے سے مرضی کسی بھی عمل یا نقش کا اثر خود دیکھ لیں اور اگر نیت میں کھوٹ ہوگا تو پھر اعمال و نقوش بھی بدنیت بن کر سامنے آئینگے۔ اس بات کو ہر کوئی ذھن نشین کر لے کہ خواہ کوئی عمل ہو یا تعویذ و نقش اس کا بیکار اور اس کے اندر طاقت انسان خود اپنی صلاحیت سے پیدا کرتا ہے کیونکہ یہ بھی ایک قسم کا دنیاوی نسخہ ہوتا ہے۔

اقسام نوری جادو

اب تک لاکھوں افراد کو اسی بات کا پتہ ہے کہ جادو بہت بری چیز ہے اور جو افراد اس کو سیکھتے ہیں وہ اس کے ذریعے دوسرے انسانوں کو پریشان کرتے ہوئے انہیں اذیت میں بھی مبتلا کرتے ہیں اس لئے ایسا ذھن رکھنے والے افراد کو اس بات کو نہیں بھولنا چاہئے کہ جادو جس کلام سے تسخیر میں آتا ہے وہ ہندی، فرنچ، انگلش، یا کسی بھی غیر عربی کلام میں ہوتا ہے یعنی اس کلام کا تعلق عربی زبان سے نہیں ہوتا اور جو افراد عربی زبان کو بھی جادو کرنے میں استعمال کرتے ہیں وہ بھی اسے سیدھی طرح نہیں پڑھتے بلکہ کسی بھی اللہ کی کلام کو الٹا پڑھتے ہیں اور اپنے مقصد کو کامیاب کرنے کا ایک یہی وسیلہ سمجھتے ہیں۔ اور عربی کو الٹا پڑھ کر اس کا عامل بننے کے بعد دوسرے افراد کو زیادہ سے زیادہ پریشان کرتے ہیں اس لئے تمام افراد اس بات کو بھی ضرور یاد رکھیں کہ بے شک جادو اللہ کی کلام نہیں ہے۔ اور نہ ہی اللہ کی ذات کا ایسے افراد سے کوئی تعلق ہے جو اس کی مخلوق کو پریشان کرتے ہیں لیکن ہم میں بعض ایسے افراد ضرور شامل ہیں جو ایسا کرنے سے بھی گریز نہیں کرتے اور اپنے مقصد میں کامیابی حاصل کرنے کیلئے اللہ کی پاک اور سچی کلام کو الٹا پڑھنے سے بھی گریز نہیں کرتے اور بے شک اللہ انہیں سزا اور عذاب ضرور دیگا۔ اسی طرح بعض ایسے عامل ہیں جو قرآن مجید کی سورتوں کو الٹا نہیں پڑھتے بلکہ قرآن کی کلام کو اسی طرح پڑھتے ہیں اور عمل کی مناسبت سے طریقہ کچھ اس طرح کا رکھتے ہیں جس سے دشمن کو سخت سے سخت سزا مہیا کی جاسکے اسی طرح اللہ کی کلام کے ذریعے بغض و عداوت کے اعمال کرنے کو نوری جادو کا نام دیا جاتا ہے۔ جس میں اسم اعظم، قرآن مجید کی سورۃ یا کسی آیات کا استعمال کیا جائے اور اس کا تعلق زبان بندی، اعمال ہلاکت، دشمن اور بغض و عداوت پر مبنی ہوتے ہیں۔ یا انہی سورتوں سے اخذ کئے ہوئے نقوش ہوتے ہیں جن کو موقع کی مناسبت سے درج کر کے متعلقہ جگہ دفن کرنے سے اس کا اثر آتا ہے لیکن جو اللہ کا خاص بندہ ہے اسے اس قسم کے اعمال کرنے کی کوئی حاجت نہیں رہتی بلکہ اللہ خود اس فرد کو ضرور عذاب دیتا ہے۔ جو اللہ کے اس نیک بندے کی طرف اپنی نگاہ کو برا رکھتا ہے اس لئے نوری اعمال میں اس قسم کے اعمال بھی درج ہوتے ہیں جو دشمنوں کی زبان بند کر سکتے ہیں اور اس کی جان بھی لے سکتے ہیں۔

سورۃ یسین سے رزق باندھنا

دنیا میں تقریباً سبھی مسلمان جانتے ہیں کہ سورۃ یسین شریف قرآن مجید کا دل ہے اور بہت جلیل القدر سورۃ شریف ہے۔ اور باعث رحمت کیلئے اس کا ورد کرنا سو فیصدی اللہ کا قرب حاصل کرنا ہے۔ لیکن بغض و عداوت کی بنیاد پر کئے جانے والے اعمال میں یہ سورۃ رحمت کی بجائے زحمت کی شکل میں دشمن کو نیست و نابود کرنے کی بھی طاقت رکھتی ہے۔ اور بغض و عداوت والے اعمال میں بھی اور بہت سے عامل حضرات اس سورۃ اور دیگر سورۃ شریف کو مختلف حوالہ جات سے اعمال کرتے ہیں اور کامیابی بھی حاصل کرتے ہیں مثلاً اگر کسی دشمن کا رزق باندھنا ہو اور اسے مصیبت میں مبتلا کرنا ہو جس سے وہ دن بدن نئی نئی پریشانیوں میں مبتلا ہو اور اس کو کوئی بھی حل نہ ملے تو عامل حضرات قبرستان کی مٹی کو آٹے کی طرح گوندھ کر سورۃ یسین کو چالیس مرتبہ اس پر دم کرتے ہیں اور دشمن کے گھر کے باہر اسے پیڑے کی شکل میں مارتے یا مرواتے ہیں۔ اس عمل کو کرنے کے بعد دشمن دن بدن اذیتوں میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ اور اس کا رزق بندھ جاتا ہے اور اس کے کمائے ہوئے روپے پیسے کی برکت ختم ہو جاتی ہے۔ اسی طرح دشمن کو کسی اذیت یا بیماری میں مبتلا کرنے کیلئے اس کا موم کا پتلہ تیار کیا جاتا ہے۔ اور اس کے سوراخوں والی جگہ پر جن سوئیوں کو لگایا جاتا ہے وہ سورۃ الفیل کو دم کر کے لگائی جاتی ہیں اور اسے گرم جگہ یا قبرستان میں دبانے سے دشمن کسی ایسی بیماری میں مبتلا ہو جاتا ہے جس سے اس کا علاج ناممکن بن جاتا ہے اسی طرح اور کئی ایسے اعمال ہیں جس سے سورۃ شریف سے کام لیا جاتا ہے اور مقصد میں کامیابی حاصل کی جاتی ہے۔ اسی طرح اگر کسی دشمن کو برباد کرنا ہو اسے تکلیف میں مبتلا کرنا ہو اور اس کے ساتھ نہایت ہی ظالمہ رویہ برتنا ہو تو ایک عدد بکرے کی کلیجی سامنے رکھ کر ببول کا ایک کانٹا منہ میں رکھ کر چالیس مرتبہ سورۃ تبت یدا کو بغیر بسم اللہ پڑھ کر اس کلیجی میں لگائے اس طرح کل چالیس ببول کے کانٹے کلیجی میں لگائے اور اپنے مقصد کا مکمل تصور باندھے اور اسے قبرستان میں کسی بھی قبر میں دفن کر دے اس عمل کی بدولت دشمن چند دنوں میں ہلاکت کے گھاٹ اتر جائیگا۔ اس کا کاروبار تباہ و برباد ہو جائیگا وہ مالی ایسے حالات اور گردش میں مبتلا ہو جائیگا کہ کسی کی سمجھ میں اس کا مرض بھی نہیں آئیگا۔

نوری جادو کے توڑ

اگر کوئی فرد اپنے گھر یا دکان کے باہر کسی مٹی کے نشانات دیکھے اور وہ کسی سختی کی لپیٹ میں بھی آیا ہو یا گھر کے کسی کونے سے سورۃ لکھی ہوئی برآمد ہو (جیسے تعویذ لپیٹے جاتے ہیں) یا اس بات کا علم ہو جائے کہ دن بدن پستی میں جانے کی کوئی واضح وجہ سامنے نہ آرہی ہو اور گھر سے کوئی مدفونہ شے بھی برآمد ہو جائے تو اس قسم کی تمام ملنے والی اشیاء کو ایک مٹی کے پیالے میں رکھ کر اس میں دریا کا پانی ڈالے اور اس پر باوضو حالت میں سورۃ فاتحہ سورۃ اخلاص سورۃ الفلق اور سورۃ والناس کو سو سو مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور اس پیالے کو ان اشیاء سمیت دم کرکے دریا یا نہر میں پیالے سمیت بہا دے اور گھر آکر تازہ غسل کرے اور دو رکعت نفل اس عمل یا نقش کو باطل کرنے کی نیت سے ادا کرے نوری نقوش کو برے مقصد کی خاطر لکھے جانے پر اس کا اثر باطل ہو جائیگا۔ اور اگر گھر کے باہر مٹی کے نشانات پائے جائیں تو صندل کی ایک اتنی بڑی لکڑی کا ٹکڑا لے جس پر سورۃ الفاتحہ مکمل درج ہو سکے اسے ایک مٹی کے گھڑے میں ڈال دے اور اس میں تازہ پانی بھرے کم از کم اس لکڑی کو بارہ گھنٹے پانی مین رکھے اور اس پانی کے چھینٹے اس مٹی والے نشانات پر اسی لکڑی کو نکال کر مارے مٹی کے اثرات باطل ہونگے اور کوئی بھی دوبارہ سے اپنے کاروبار یا رزق میں فراخی محسوس کریگا۔ حتیٰ الامکان اگر کسی بھی قسم کا نورانی کلام سے کوئی منفی اثرات کا کام کیا ہو جیسے کسی کو سورۃ الکوثر، سورۃ الفیل، سورۃ تبت یدا، یا کسی بھی آیت کو پڑھ پڑھ کر مغلوب کیا ہو تو اوپر درج صندل والی لکڑی کو اسی طرح تیار کرے اور اسی طرح درج شدہ سورۃ کو پڑھ کر دم کرے اور مٹی کے پیالے میں رکھ کر پانی ڈال کر اس مریض کو اس کا پانی پلایا جائے اور انہی سورتوں کو زعفران سے لکھ کر مریض کے گلے میں باندھا جائے اور کاروباری مقام اور گھر کی چوکھٹ کے اوپر زعفران سے سفید کاغذ پر لکھ کر لگایا جائے نوری اعمال کو منفی طریقے سے استعمال کرنے والے کی طاقت زائل ہوگی اور جو کچھ پہلے سے اس کے منفی اثرات چھا چکیں ہونگے ان کا خاتمہ ہوگا۔ اگر کوئی فرد جادو جیسی قباحت میں مبتلا ہو تو وہ اس نقش کا سب سے پہلے عامل اس طرح بنے کہ روزانہ اس نقش کو بہتر مرتبہ زعفران سے سفید کاغذ پر لکھے اور اسے آٹے میں بند کر کے گولی بنا کر دریا میں مچھلیوں کو ڈالے اس عمل کو اکتالیس دنوں تک کیا جائے پھر سب

سے آخری دن والا نقش کسی بھی جادو ٹونے کے باطل کیلئے تحریر کرے اللہ کے فضل سے شفاء ہر حال میں ہوگی۔ مثلاً اگر کوئی جادو ٹونے نما یا آسیب یا جناتی اعمال میں مبتلا ہو تو اس نقش کو تین عدد زعفران سے لکھے ایک کو مریض کے گلے میں پہنائے دوسرے کو پانی میں گھول کر صبح نہار منہ پلایا جائے اور تیسرے کو ایسی جگہ لگایا جائے جہاں اس کی ہر وقت نظر پڑتی ہو اس نقش کو اگر کاروباری مقام پر لگایا جائے تو باعث برکت کیلئے نہایت ہی پر اثر نقش مبارک ہے۔ اس نقش کو گھر میں لگانے سے گردش ور کاوٹ کا خاتمہ ہوتا ہے۔

وننزل من القرآن
ماهو شفاء و رحمة للمومنین

وشفی	صدور	قوم	مومنین	وشفاء	لما	فی	الصدور	وهدی	ورحمة	للمومنین
صدور	قوم	مومنین	وشفاء	لما	فی	الصدور	وهدی	ورحمة	للمومنین	ونزل
قوم	مومنین	وشفاء	لما	فی	الصدور	وهدی	ورحمة	للمومنین	ونزل	من
مومنین	وشفاء	لما	فی	الصدور	وهدی	ورحمة	للمومنین	ونزل	من	القرآن
وشفاء	لما	فی	الصدور	وهدی	ورحمة	للمومنین	ونزل	من	القرآن	ماهو
لما	فی	الصدور	وهدی	ورحمة	للمومنین	ونزل	من	القرآن	ماهو	شفاء
فی	الصدور	وهدی	ورحمة	للمومنین	ونزل	من	القرآن	ماهو	شفاء	ورحمة
الصدور	وهدی	ورحمة	للمومنین	ونزل	من	القرآن	ماهو	شفاء	ورحمة	للمومنین
وهدی	ورحمة	للمومنین	ونزل	من	القرآن	ماهو	شفاء	ورحمة	للمومنین	فیه
ورحمة	للمومنین	ونزل	من	القرآن	ماهو	شفاء	ورحمة	للمومنین	فیه	شفاء
للمومنین	ونزل	من	القرآن	ماهو	شفاء	ورحمة	للمهمنین	فیه	شفاء	للناس

فیه شفاء للناس

الشافی الکافی المعافی

تعارف ارواح وجنات

ایسے تو کئی ہزاروں جنات اور ارواح اس کائنات میں موجود ہیں جو موقع کی مناسبت سے عامل حضرات اپنے تائب کر کے ان سے کام لیتے ہیں ان میں سے بعض اچھے اور بعض برے ہیں جس طرح انسان سب سے بڑا ظالم بھی ہوسکتا ہے اور سب سے بڑا مومن اور سخی بھی شر پسند بھی بالکل اسی طرح دنیا میں جتنے بھی مذاہب ہیں اسی طرح ان ارواح اور جنات کے بھی مذاہب ہیں کوئی ہندو ہے تو کوئی مسلمان کوئی یہودی ہے تو کوئی نصرانی غرض کے دنیا کے تمام مذاہب سے تعلق رکھنے والے جنات اور ارواح اپنے کرنے والے کاموں کو کرتے ہیں جس سے دنیاوی مقاصد پورے ہوتے ہیں۔ ان کو مسخر کرنے کیلئے مختلف عزیمات کی زکات ادا کی جاتی ہے۔ جس کے ماتحت یہ مخلوق ہوتی ہے اور مسخر ہونے کے بعد عامل ان سے کئی قسم کے کام لے سکتا ہے زیادہ تر عزیمت سے مسخر ہونے والی مخلوق انسانوں کو پریشان اور اذیت میں مبتلا کرتی ہے کسی اچھے بھلے چلتے ہوئے کاروبار کو یہ مخلوق باندھ دیتی ہے۔ کسی ہنستے بستے گھر کو برباد کر دیتی ہے۔ اور کئی قسم کے ایسے اعمال بھی یہ مخلوق کر جاتی ہے۔ جس پر کوئی صاحب علم فرد یقین نہیں کرتا اور اسے جھوٹ اور فریب کا نام دے کر اس موضوع کو بند کر دیتا ہے لیکن یہاں ایسے افراد کو ضرور یاد رکھنا چاہئے کہ جو کام اپنے بس کا نہ ہو اسے ناممکن نہیں سمجھنا چاہئے بلکہ جو کسی کا کام ہو وہ اپنے کام میں ماہر ہوتا ہے جیسے جہاز کی ایجاد میری نہیں ہے اور نہ ہی میں اسے بنا سکتا ہوں لیکن بنانے والے نے اسے بنا کر اڑا بھی دیا ہے اسی طرح جو عاملین اس سلسلے سے تعلق رکھتے ہیں یہ آبادیوں میں کم ہی نظر آتے ہیں اور اس بات کا بھرپور فائدہ اٹھاتے ہوئے ایسے جاہل عامل کام کرتے ہیں اور ایسے ایسے حساب نکالتے ہیں جس سے اس تمام سلسلے کو فراڈ اور دھوکہ کہنا ہی مناسب رہیگا۔ اس کھیل کے تمام کھلاڑی اس مخلوق سے زبردست قسم کے کام لے سکتے ہیں اور ان کے عمل کے شکار افراد اس بات کی تصدیق کریں گے کہ واقعی ہمارے ساتھ ایسا ہوا ہے یا ہمارے ساتھ ہو رہا ہے اصل میں یہ مخلوق اللہ کی بنائی ہوئی ہے اور ان کے اندر طاقت اللہ کی بخشی ہوئی ہے۔ جیسے انسانوں کے اندر مختلف طاقتیں پائی جاتی ہیں۔ اور مختلف طریقہ کار سے دنیا میں ایک انسان کو قتل کرنے والا دوسرا انسان ہی ہوتا ہے۔

Scanned with CamScanner

پہلے درجے کا عامل

یہاں موضوع کے اعتبار سے کچھ ایسے حوالہ جات سامنے آئینگے جس سے اس بات کا اندازہ ہوسکتا ہے۔ کہ کونسا عامل کس کلام کا عامل ہے اور لوگوں پر کئے جانیوالے جادو کی نوعیت کسی حیثیت کی مالک ہے کیونکہ کسی نہ کسی کلام کے ماتحت ایسے سفلی موکلات یا روحانی مخلوق ضرور ہوتی ہے جس سے عمل میں طاقت اور جائز وناجائز کاموں میں کامیاب ہوا جاسکتا ہے۔ اس لئے بعض عاملین کی تسخیر میں ارواح خبیثہ کی بھی ایسی مخلوق مسخر ہوتی ہے جو عامل کے حکم پر کسی گھر یا مکان میں اپنی رہائش بنا لیتے ہیں اور جیسے جیسے عامل کہتا ہے ویسا ہی اس گھر میں ہوتا رہتا ہے۔ مثلاً یہ ارواح گھر کے تمام افراد پر اپنا قبضہ جما کر انہیں مغلوب کر دیتی ہے جس سے گھر میں رہنے والے افراد کسی نہ کسی اذیت اور تکلیف میں اکثر مبتلا رہتے ہیں جس کی کوئی بھی واضح نشانی نظر نہیں آتی اور سوائے زبردست عامل کے یہ مخلوق کسی کو نظر بھی نہیں آتی ایسا وہی عامل کرسکتا ہے جو تعویذ گنڈوں کے بغیر اس مخلوق کے ذریعے غیر کے گھر میں اپنی حکومت قائم کر سکے اور جب تک اس کا صحیح اور ڈٹ کر مقابلہ نہ کیا جائے تو کسی بھی طرح سے شفاء نہیں ہوسکتی اور یہ مخلوق اپنے اثرات سے گھر میں کھانے و پینے والی اشیاء کو پاخانے کی شکل میں بنا دیتی ہیں۔ اور گھر سے ہر وقت عجیب سی بدبو آتی رہتی ہے۔ گھر کے سامان کا نقصان کرنا اور آگ سے جلنے والی اشیاء کو جلا کر بیکار کر دینا بھی انہی سے منسوب ہے اور جب تک اس کا صحیح اور کامل علاج نہ کیا جائے تو یہ مخلوق آہستہ آہستہ اس گھر میں اپنا بسیرا کر لیتی ہے اور یہ سلسلہ ساری زندگی ہی چلتا رہتا ہے ایسے عاملین کا شمار کتاب کے موضوع کے برابر لکھا جا رہا ہے اس درجے کا عامل اپنی کلام کے بل بوتے پر ایسی مخلوق کو اپنا تابعدار و فرمانبردار بنا لیتا ہے جو دنیاوی کسی بھی کام کو کرنے پر معمور ہوتی ہے اور کسی بھی انسان کا لحاظ نہ رکھتے ہوئے اپنا کام کر کے چلی جاتی ہے یا جیسا عامل کا حکم ہو ایسے ہی کرتی ہے۔ اگر کسی معصوم انسان کا اس درجے کے عامل سے پالا پڑ جائے تو اس انسان کی جان چھڑوانی مشکل ہو جاتی ہے اور وہ بیچارا ساری زندگی تاریکیوں و اندھیروں میں مارا مارا پھرتا رہتا ہے۔ اس درجے کا عامل جو چاہے وہ اپنے زیر مخلوق سے کروا سکتا ہے۔

دوسرے درجے کا عامل

اس درجے کا عامل سفلی علم اور ارواح خبیثہ کو اپنے ماتحت کر کے اچھے بھلے افراد کے درمیان پھوٹ ڈلوا سکتا ہے اور گھر میں رہنے والے افراد کے درمیان خود بخود پھوٹ پڑ جاتی ہے۔ اور یہ ہر وقت لڑنے مرنے پر تیار رہتے ہیں کسی فرد کے جسم کے حصے کو بیکار کر دیتے ہیں جس سے اس فرد کا وہ حصہ متاثر ہو کر شل ہو جاتا ہے یا اس پر کوئی زخم نمودار ہو کر آہستہ آہستہ کینسر کی شکل اپنا لیتا ہے۔ اور کوئی بھی ڈاکٹری و حکیمی طریقہ کار اپنا اثر نہیں کرتا بعض اوقات یہی مخلوق کسی فرد کو ایسی جسمانی بیماری اور تکلیف میں مبتلا کر دیتی ہے۔ جس سے پورے جسم میں عجیب سا درد ہوتا رہتا ہے۔ اور کوئی بھی دوا یا علاج اپنا اثر نہیں کرتا اگر ایسے افراد کا بروقت علاج نہ کیا جائے تو موت بھی واقع ہوسکتی ہے کیونکہ اس نوعیت کی مخلوق کسی بھی انسان کے جسم کے اندر گھسنے کی ماہر ہوتی ہے اور جسم کے اندر داخل ہو کر کسی بھی انسان کو نقصان اور تکالیف سے دوچار کر سکتی ہے۔ کیونکہ انہیں جسم کے اندر گھسنے کا طریقہ کار آتا ہے اور تب تک یہ اس فرد کے جسم کو نہیں چھوڑتے جب تک وہ عامل انہیں واپس نہ بلا لے یا کوئی زبردست نوری کلام کا ماہر اس کے اثر کو باطل نہ کر دے جب تک دونوں میں سے کوئی کام نہیں ہوگا۔ تب تک یہ مخلوق اس فرد کی زندگی کو جہنم بنائے بغیر نہیں رہ سکتی اس قسم کے عامل کی ایک اور شاخ ہوتی ہے جو ہندو مذہب سے تعلق رکھنے والے ان کے روحانی پیشواؤں کی دعوات پڑھتے ہیں جس سے وہ آتے ہیں اور ان سے قول و اقرار لے کر رخصت ہو جاتے ہیں اور بوقت ضرورت ان کو بلایا جاتا ہے جس سے وہ فوراً حاضر ہوتے ہیں اور جو کام کہا جائے اسے کرتے ہیں مثلاً اگر کوئی ہنومان کی دعوت پڑھتا ہے تو یہ اپنے اندر ایک ایسی طاقت رکھتا ہے کہ یہ کسی بھی جسم کے اندر حلول کر سکتا ہے اور جس کے اندر یہ حلول کرتا ہے اسے یہ اپنا غلام بنا لیتا ہے اور اپنا کام کر کے چلا جاتا ہے۔ اور اگر اس کی ڈیوٹی اس کام پر لگائی ہو کہ یہ کام کر کے اس فرد کو بھی مار ڈالنا ہے تو یہ سات دنوں تک اس کے جسم میں رہ کر آٹھویں دن اس شخص کو موت کے گھاٹ اتار کر چلا جاتا ہے اور مرنے والے کی کوئی بھی صحیح علامت نظر نہیں آتی اس کے علاوہ ہندو مذہب سے تعلق رکھنے والی ایسی کئی مخلوقات ہیں جو ایسے کام کرتی ہیں۔

تیسرے درجے کا عامل

ایسے عامل جس مخلوق کو اپنا تابعدار و فرمانبردار بناتے ہیں ان کی رہائش مذبح گاہوں یعنی بوچڑ خانوں میں ہوتی ہے اور جس کلام کے یہ ماتحت ہوتے ہیں اگر کوئی اسی کلام سے انہیں پکارتے ہیں تو یہ مخلوق حاضر ہو کر عامل کی اطاعت و فرمانبرداری قبول کرتی ہے اور اس کے کہنے پر کسی بھی ہنستے بستے گھر میں خون کی بارش کر سکتے ہیں اور وہاں کے رہائشی افراد کو تکلیف سے دوچار کرتے ہوئے ان کے گھر میں ہر وقت نا انجانا سا خوف و ہراس پھیلا سکتے ہیں جس سے گھر میں رہنے والے افراد ہر وقت ڈر اور خوف محسوس کرتے ہیں اور ان کے گھر میں کوئی نہ کوئی کسی نہ کسی خوف سے خوفزدہ ضرور رہتا ہے۔ اور فساد اس گھر میں روز بروز جنم لیتے ہیں کاروبار تباہ اور گھر کا سکون برباد ہو جاتا ہے ایسے عاملین جن اعمال کو کرتے ہیں وہ سب میعادی قسم کے ہوتے ہیں جو صحیح علاج نہ ہونے پر ہلاکت جیسا عذاب بن کر اترتے ہیں۔ اس لئے اگر کوئی فرد کتاب ھذا میں سے اپنے متعلق کچھ ڈھونڈے تو اس پر لازم ہے کہ فوری طور پر اس کا بندوبست کرے ورنہ ایسے اعمال اور نقش وغیرہ اپنی میعاد ختم کر کے ہلاک کر دیتے ہیں۔ اور نماز و روزے کی سختی سے پابندی کرے تا کہ اللہ کی رحمت زیادہ سے زیادہ اس فرد پر غالب ہو جو جادو جیسے قبیح عمل میں پھنس گیا ہو ایسے عاملین روپوں پیسوں کے لالچ میں کسی بھی انسان کو تکلیف اور اذیت سے دوچار کر سکتے ہیں کیونکہ انہوں نے زندگی کی آسائشوں کے بدلے میں ایمان کا سودا کیا ہوتا ہے اور وہ یہی سمجھتے ہیں کہ ہم نے ساری زندگی اس فانی دنیا میں رہنا ہے۔ اور دنیا جو کچھ بھی ہے بس یہی ہے اس سے آگے کچھ نہیں یہی سوچ ان کو زیادہ سے زیادہ انسانوں کو دکھ اور تکلیف دینے پر اکساتی ہے۔

چوتھے درجے کا عامل

اس نوعیت کا عامل کسی جنتر منتر کے ذریعے ایسی مخلوق کو اپنی تسخیر میں کر لیتا ہے جس سے کسی کے بھی کاروبار، نکاح، رزق، دولت، شہرت، عزت، شوہر، بیوی، اولاد، اور کسی بھی فائدہ بخش شے کو باندھا جا سکتا ہے۔ اس کا بھی اگر بروقت اور صحیح توڑ نہ کیا جائے تو یہ اپنی میعاد کو ختم کر کے نقصان کرتا چلا جاتا ہے اور نقصان ہونے کی کوئی صحیح علامت معلوم نہیں ہوتی اس درجے کا عامل اس مخلوق کے ذریعے ایسا سب کچھ کر سکتا ہے۔ اور پیسوں یا کسی بھی مفاد کیلئے ایسا کر سکتا ہے۔ اس کے علاوہ ایسے اعمال کرنے والے عاملوں کے کئی روپ اور بھیس ہیں جو کسی نہ کسی کلام کے عامل ہوتے ہوئے اور بھی کئی ایسے کام کرتے ہیں جو کسی کا نقصان کرنے میں ذرا بھی دیر نہیں لگاتے جادو یا کوئی بھی تکلیف دہ عمل ہو اس کا تعلق عمل کسبی سے ہوتا ہے اور اس کو کرنے میں مختلف اشیاء کا استعمال کر کے کسی کو بھی نقصان سے دوچار کیا جا سکتا ہے۔ لیکن جہاں جہاں ایسے عاملین پیدا ہوتے ہیں وہاں ایسے نوری کلام کے بھی ایسے عامل ہوتے ہیں جو اللہ تعالیٰ کی کلام سے اس جادو کو توڑ کر اس کا اثر ختم کر سکتے ہیں لیکن دیکھنے میں اب تک یہی آیا ہے کہ کئی جاہل عامل اس بات کو فخریہ طور پر بتاتے ہیں کہ نوری کلام جادو کو توڑ نہیں سکتی اس کا توڑ کالے جادو سے کیا جائیگا۔ حقیقت میں ایسا کچھ بھی نہیں ہے۔ بلکہ ازل سے قرآن مجید روحانی اور لافانی کلام ہے۔ جس میں ہر قسم کے دینی و دنیاوی طور پر حاصل ہونے والے مقاصد درج ہیں لیکن یہی پاک کلام اگر کسی کا ورد بن جائے اور ورد بننے سے لے کر کوئی اس کا عامل بن جائے تو جادو جیسی قباحت کو اپنی ایک نظر سے جلا کر راکھ بنا دیتا ہے اور اگر کوئی عامل نہ بھی ہو تو یہ پاک کلام اپنا اثر دکھا دیتی ہے۔ جیسا کہ ہمارے معاشرے میں اب جتنے نئے گھر یا دکانیں بنتی ہیں ان سب کے فرش پکے بنے ہوتے ہیں یعنی اگر اس میں کچھ دفن کرنا ہو تو اس کو توڑا جائیگا پھر اس میں جادو کی کوئی شے دبائی جائیگی لیکن ایسے عاملین اپنی کلام کے زور پر جو بھی تکلیف دہ اور رزق بندی والا عمل کرتے ہیں اس عمل کو بذریعہ اپنی تسخیر شدہ مخلوق کے ذریعے دفن کروا دیتے ہیں۔ پھر جو کوئی اس کے اوپر سے گزرتا رہتا ہے اس کے منفی اثرات اس خاص فرد یا گھر و دکان کی حالت بگاڑ دیتے ہیں۔

Scanned with CamScanner

ہر کلام کا توڑ قرآن میں موجود ہے۔

اگر کوئی فرد کسی اسم الٰہی یا قرآن مجید کی سورۃ یا کسی بھی آیت کا صحیح اور بھرپور قسم کا عامل ہو تو وہ ایک سیکنڈ کے اندر کالے علم کی کاٹ کر سکتا ہے جبکہ اب موجودہ دور میں کوئی کسی شے کا عامل نہیں ہے اب صرف لکھے گئے طریقہ کار کو آزمایا جاتا ہے۔ اس لئے صحیح علاج نہیں ہوتا اور یہ بات کہہ کر موضوع کو بند کر دیا جاتا ہے کہ اس کا توڑ کوئی کالے جادو کا ماہر کر سکتا ہے۔ جب کہ قرآن میں اللہ تبارک وتعالیٰ (وننزل من القرآن ما ھو شفاء ورحمۃ للمومنین) خود فرما رہا ہے۔ اس کے علاوہ اور کئی آیات ہیں جن سے جادو کو توڑا جا سکتا ہے، بند کاروبار کو پھر سے جاری کیا جا سکتا ہے، جس کی اولاد باندھ دی گئی ہو اس کو صاحب اولاد کیا جا سکتا ہے، جن کی نکاح بندی کی ہو ان کی شادی ہو سکتی ہے، اجڑے ہوئے گھر دوبارہ سے بس جاتے ہیں، اور اسی پاک کلام کو پڑھنے سے کئی ایسے فوائد حاصل ہوتے ہیں جن کا احاطہ کرنا مشکل نہیں بلکہ ناممکن ہے۔ لیکن بات اصول طریقے اور سچی لگن کی ہے تا کہ اس کلام کو پڑھنے کی بجائے سمجھا جائے اور اس کے ذریعے سے حاصل ہونے والے فوائد کو حاصل کیا جائے اس میں کچھ تھوڑی بہت محنت درکار ہوتی ہے لیکن مقصد ضرور حل ہو جاتا ہے۔ اب آپ خود دیکھ لیجئے کہ اس کلام کے کتنے فوائد ہیں۔ اللہ کی رحمت غالب آئیگی، کام اپنا ہی ہوگا، اللہ کی مخلوق محبت و پیار کی نظر سے دیکھے گی، اللہ تعالیٰ گناہوں کی بخشش فرمائیگا، اللہ تعالیٰ عرش پر اس کا ذکر کریگا جو اس دنیا میں اس کا ذکر کریگا، رحمتوں کا بے تحاشہ حصول اب اس سے آگے لکھنا ہی کیا ہے۔

(وننزل من القرآن ما ھو شفاء ورحمۃ للمومنین)

میں اس بات کا دعویٰ کرتا ہوں کہ جو کوئی بھی فرد اس آیت کو ہی سوا لاکھ مرتبہ پڑھ کر جس کسی کو بھی دم کریگا تو وہ اللہ کے حکم سے بالکل ٹھیک ہوگا۔ بڑے سے بڑا جادو اور کوئی بھی بد کلام اس کے آگے کوئی معنی نہیں رکھتی لیکن محنت کرتا کوئی نہیں اور خوامخواہ کلام یا عمل کو بیکار کہہ کر اس سلسلے کو بند کر دیتے ہیں ایسا نہیں کرنا چاہیئے بلکہ ہر بات کی مکمل تحقیق کرنے کے بعد کوئی ختمی فیصلہ کرنا چاہیئے تا کہ بات اور عمل دونوں میں وزن پیدا ہو جائے اس کے علاوہ قرآن مجید میں کئی اور ایسی سورتیں اور آیات ہیں جن کو پڑھنے سے جادو اپنا اثر نہیں دکھاتا اور اس

کے سامنے ہیچ ہو کر باطل ہو جاتا ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے مقام علوی کو سفلی کا سردار بنایا ہے اس لئے محنت کرنے کے عوض میں جو کچھ بھی حاصل ہوگا۔ اس کے فوائد بے شمار ہونگے اور ثواب و نیکیاں ملنے کے ساتھ کام بھی اپنا ہی ہوگا۔ اس لئے کلام اللہ کو ہر کلام پر برتری دینی چاہیئے اور اس کا زیادہ سے زیادہ ورد کرنا چاہیئے ایسا بالکل نہیں کہنا چاہیئے کہ جادو کا توڑ جادو سے ہی ہوگا۔ بلکہ جادو اور ہر قسم کی عزیمت و جنتر و منتر کا توڑ قرآن مجید کے اندر موجود ہے۔ جس کا آگے تفصیلاً ذکر ہے اسی طرح قرآن مجید میں سات سلام ہیں اگر کوئی روزانہ ان سات سلاموں کو ہر فرض نماز کے بعد ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیئے اور ان کو سوا لاکھ کی تعداد میں پڑھ لے تو وہ اس کا عامل بن جائیگا۔ پھر جس کسی کو بھی دم کیا جائیگا یا دم شدہ پانی پلایا جائیگا وہ اسی وقت صحت یاب ہوگا۔ یا ان نقوش کو سفید کاغذ پر زعفران سے بنا کر پلایا جائے اور گلے میں باندھا جائے تو اللہ کے حکم سے شفاء مل جائیگی۔ اسی عمل کو کرنے کیلئے اگر پرہیز جلالی و جمالی کر لی جائے تو سونے پر سہاگہ والی مثال بن جائیگی۔ یعنی ان سات سلاموں کو ایک ایک مرتبہ پڑھ کر تسبیح کے ایک دانے پر شمار کیا جائے اس حساب سے کوئی بھی سوا لاکھ مرتبہ ان سلاموں کو پڑھ لے گا وہ ان کا عامل بن جائیگا۔ اور اس کے عوض میں حاصل ہونے والی طاقت اس کے قابو میں آجائیگی پھر اگر کوئی جادو میں مبتلا ہو تو اس کو یہ تمام سلام زعفران سے لکھ کر دئے جائیں ایک کو گلے میں باندھا جائے اور دوسرے کو گلاب کے عرق یا سادے پانی سے دھو کر پیا جائے اللہ کے حکم سے شفاء ہر حال میں ہوگی۔ انہی سات سلاموں کی بدولت بڑے سے بڑے جادو کا خاتمہ کیا جا سکتا ہے جو آگے درج ہوگا۔ ہر سلام کی تکسیر کرنے کے بعد اس کے اثرات سو گناہ زیادہ ہو کر اس فرد کو ضرور شفاء پہنچاتے ہیں جو جادو جیسی قباحت میں مبتلا ہو اس لئے میرا دعویٰ ہے کہ جو کوئی بھی فرد ان سلاموں کو نقوش کے بغیر پڑھ کر دم کرے تب بھی یہ اپنا اثر دکھائے بغیر نہیں رہیں گے۔ اگر کوئی صبح نہار منہ روزانہ اکیس دنوں تک ان سات سلاموں کو چینی کی سادہ سفید سات پلیٹوں پر زعفران سے لکھ کر باری باری گلاب کے عرق سے دھو کر پیئے تو سو سالہ پرانے امراض بھی جل جائیں گے اور ہر قسم کی بیماری میں اس عمل کو کیا جائے اور مریض کو کوئی ایک سلام زبانی یاد کروایا جائے تا کہ وہ اسے اپنا ورد بنا لے اس عمل سے جادو ٹونہ اور دیگر کئی مخفی مخلوقات کا خاتمہ ہوتے ہوئے شفاء ضرور ہوگی۔ انشاء اللہ

پہلا سلام (ہفتہ)

سلام علی نوح فی العلمین۔

دوسرا سلام (اتوار)

سلام علیٰ موسیٰ و ھارون۔

تیسرا سلام (پیر)

سلام علیٰ آل یسین۔

چوتھا سلام (منگل)

سلام قول من رب الرحیم۔

پانچواں سلام (بدھ)

سلام علی من اتبع الھدیٰ۔

چھٹا سلام (جمعرات)

سلام علیکم طبتم فادخلوھا خلدین۔

ساتواں سلام (جمعہ)

سلام ھی حتیٰ مطلع الفجر۔

ہفتہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سلام	علی	نوح	فی العلمین
فی العلمین	سلام	نوح	علی
علی	فی العلمین	نوح	سلام
سلام	علی	نوح	فی العلمین

ونتنزل من القرآن ما ھو شفاء و رحمۃ للمومنین

اتوار

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سلام	علیٰ	موسیٰ	و ھارون
و ھارون	سلام	موسیٰ	علیٰ
علیٰ	وھارون	موسیٰ	سلام
سلام	علیٰ	موسیٰ	وھارون

ونتنزل من القرآن ما ھو شفاء و رحمۃ للمومنین

پیر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سلام	علیٰ	آل	یسین
یسین	سلام	آل	علیٰ
علیٰ	یسین	آل	سلام
سلام	علیٰ	آل	یسین

ونتنزل من القرآن ما ھو شفاء و رحمۃ للمومنین

منگل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سلام	قول	من رب	الرحیم
الرحیم	سلام	من رب	قول
قول	سلام	من رب	سلام
سلام	قول	من رب	الرحیم

و ننزل من القرآن ما ھو شفاء و رحمۃ للمومنین

بدھ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سلام	علیٰ	من اتبع	الھدیٰ
الھدیٰ	سلام	من اتبع	علیٰ
علیٰ	الھدیٰ	من اتبع	سلام
سلام	علیٰ	من اتبع	الھدیٰ

و ننزل من القرآن ما ھو شفاء و رحمۃ للمومنین

جمعرات

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سلام علیکم	طبتم	فادخلوھا	خلدین
خلدین	سلام علیکم	فادخلوھا	طبتم
طبتم	خلدین	فادخلوھا	سلام علیکم
سلام علیکم	طبتم	فادخلوھا	خلدین

و ننزل من القرآن ما ھو شفاء و رحمۃ للمومنین

جمعہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سلام	ھی حتیٰ	مطلع	الفجر
الفجر	سلام	مطلع	ھی حتیٰ
ھی حتیٰ	الفجر	مظلع	سلام
سلام	ھی حتیٰ	مطلع	الفجر

و ننزل من القرآن ماھو شفاء و رحمۃ للمومنین

اس عمل کے دیگر فوائد

اس عمل مبارک کے اور بھی بہت سے فوائد ہیں اور اس کو کسی بھی نوعیت کے جادو کو باطل کرنے کیلئے استعمال کیا جا سکتا ہے مثلاً اگر کوئی بچہ دن بدن کمزور ہو رہا ہو یا اس کو ام الصبیان کا عارضہ ہو یا اس کے کمزور ہونے کی کوئی واضح وجہ سامنے نہ آ رہی ہو تو اس عمل کو بتائے گئے طریقہ کار کے مطابق استعمال کرے اللہ کے حکم سے بچہ صحتمند و تندرست ہوگا۔ اگر دو میاں بیوی کی آپس میں کوئی تیسرا پھوٹ ڈلواتا ہوتا ہو تو اس عمل کو دونوں یا ایک ہی فرد استعمال کرے اللہ کے حکم سے دونوں کا آپس میں اتفاق قائم ہوگا۔ اسی طرح جادو کی جکڑ بندی میں جو کوئی بھی قید ہو گیا ہو وہ اس عمل کو ضرور ایک مرتبہ آزمائے اللہ کے فضل سے شفاء ضرور بر ضرور ملے گی۔ یہ ان سات سلاموں کی علم الجفر کے قاعدے اصول سے تکسیر کی گئی ہے جو اثر و طاقت کے لحاظ سے بالکل پر اثر ہے اور جادو میں مبتلا مریض کیلئے ایک کرنٹ سے کم نہیں اس عمل کی بدولت۔ بہت سے دنیاوی کاموں میں کامیابی حاصل کی جا سکتی ہے اور اس کے ذریعے بڑے سے بڑے جادو کا خاتمہ کیا جا سکتا ہے اگر کسی کو ان سات سلاموں کا عامل بننا ہو تو وہ روزانہ ان سات سلاموں کے نقوش کو بہتر بہتر مرتبہ لکھے یعنی ایک نقش کو بہتر مرتبہ لکھے اور انہیں آٹے میں بند کر کے گولیاں بنا کر دریا میں مچھلیوں کو ڈالے اور ان سات سلاموں کو نو چندی جمعرات سے پڑھنا شروع کرے اور سوا لاکھ کی تعداد میں ان سات سلاموں کو پڑھ لے پرہیز جلالی و جمالی کا مکمل طور سے خیال رکھے اللہ کے فضل و کرم سے اس نادر و نایاب عمل کا عامل بن جائیگا۔

Scanned with CamScanner

ایک نقش ہزار کام

اس نقش کے اتنے بے بہا فوائد ہیں جن کا احاطہ کرنا مشکل نہیں بلکہ ناممکن ہے اثر وطاقت کے لحاظ سے یہ اتنا پر اثر ہے کہ جس مقصد کیلئے بھی قوائد پر عمل کر کے حل کیا جائے تو کام فوراً اور جلد ہوتا ہے یہاں اس کو خصوصاً جادو کے توڑ اور اس کے دفعیہ کیلئے درج کیا جارہا ہے۔ اس نقش کا جو کوئی بھی عامل بن جائیگا۔ وہ اس سے کئی کام لے سکے گا اور جادو کے توڑ کیلئے جس کسی کو بھی ایک مرتبہ زعفران سے لکھ کر گلے میں باندھنے اور جس کسی کو زعفران سے لکھ کر پانی میں گھول کر پلائے گا اللہ کے حکم سے جادو اسی وقت باطل ہوگا۔ اور مریض کو صحت ہوگی۔ اس کے علاوہ کسی بھی قسم کی رکاوٹ یا بندش کے خاتمے کیلئے اس نقش کو زعفران سے لکھ کر استعمال اس طریقے سے کیا جائے کہ اگر کسی کے کاروبار میں رکاوٹ آگئی ہو تو اس نقش کو زعفران سے لکھ کر دکان میں ایسی جگہ لگائے جہاں تمام گاہکوں کی نظر پڑتی ہو گھر میں اس نقش کو چوکھٹ کے اوپر لگایا جائے خیر و برکت ہوگی۔

ا ل ل ه

بسم الله الرحمن الرحيم۔
الله نور السموات والارض مثل نوره
كمشكوة فيها مصباح لمصباح في
زجاجة كانها كوكب دري يوقد
من شجرة مباركة زيتونة لا شرقيه
ولا غربية يكاد زيتها يضي ولا لم
تمسسن نار نور علي نور يهدی
الله لنوره من يشاء ويغرب الله
الامثال للناس۔

جادو کے عوض پہنچنے والے اثرات اور توڑ

یہاں کچھ ایسے طریقہ کار لکھے ہیں جن کی بنیاد پر جادو کیا جاتا ہے اور اس کے نتیجے میں جو کچھ بھی برآمد ہوتا ہے۔ وہ مریض کو محسوس ہوتا ہے عوام الناس کی سہولت کیلئے اس کے آگے ہی اس کا توڑ بھی تحریر کیا گیا ہے۔ تا کہ کوئی فرد بھی اپنی جسمانی و روحانی تکلیف کو دیکھتے ہوئے اسی طریقہ کو اپنائے اور جادو کا توڑ ہونے کے ساتھ ساتھ مریض شفاء پائے لیکن ان کے ساتھ جس بات کو ضروری سمجھا گیا ہے۔ اس کا تعلق کامل پرہیز گاری اور منجانب اللہ تعالیٰ سے ہے۔ یعنی اگر کوئی فرد اپنے ساتھ اس بتائی ہوئی کیفیت کو محسوس کرے تو وہ باوضو حالت میں اس کے طریقہ کار کو کرے اور اس کو کرنے کیلئے چاند چڑھنے پر جو پہلے پندرہ دن ہوں اس کے اندر اندر اس عمل کو کرے ان دنوں میں جو بھی نیک کام کئے جاتے ہیں وہ ضرور پورے ہوتے ہیں۔ اور اپنا اثر دکھاتے ہیں اس لئے اگر کوئی اس علاج کیلئے اس دن روزہ رکھ لے یا مقررہ دنوں تک روزے رکھ کر اس کا علاج کرے تو اللہ کے حکم سے ضرور بر ضرور کامیابی ہوگی۔ اور جادو کا توڑ یقیناً ہوگا۔ کامل پرہیز گاری عمل میں شرط اول ہے اور زیادہ سے زیادہ اللہ کی طرف مائل رہے تا کہ اللہ تعالیٰ اس فرد کو مصیبت و مشکل سے نکالے اور اسے جسمانی تکالیف سے نکالے جو طریقہ کار بھی یہاں درج کئے گئے ہیں یہ سب سینہ بہ سینہ اعمال ہیں۔ اور مجرب ہیں اور میں انہیں طریقہ کار کی بدولت کئی افراد کا علاج کر چکا ہوں اور کر رہا ہوں اس لئے جو شرط متعلقہ اعمال کی بتائی ہیں ان پر سختی سے عمل کیا جائے تا کہ جادو کا توڑ ہو اور تکلیف سے جان چھوٹے اللہ تعالیٰ دلوں کے بھید اور نیتوں کو خوب جانتا ہے اور اس کی مرضی کے بغیر ایک پتہ بھی نہیں ہل سکتا لیکن اس کلام اس تک ذات تک رسائی کا بہترین راستہ ہے۔ عامل بننے کا آسان طریقہ اگر کوئی اسم الہیٰ، آیت، یا کسی قرآن مجید کا عامل بننا چاہے جس سے اس کو کسی بھی مشکل یا ناکامی کا سامنا نہ ہو تو وہ کتاب کے سب سے آخر میں کچھ اسماء الہیٰ، آیات، اور سورۃ شریف کو دیکھے اور کامل پرہیز جلالی و جمالی کے ساتھ ان کو اکیس دن یا اکتالیس دن تک سوا لاکھ کی تعداد میں پڑھ لے اور دوران عمل ان تمام شرائط کا پابند ہو جو میری ایک کتاب (شرائط چلہ) میں ہے۔

جسم میں سوئیاں اور چیونٹیاں چلنا

اکثر افراد پر اس قسم کا جادو کیا جاتا ہے جس سے ان کے جسم میں سوئیاں اور چیونٹیاں چلتی ہوئی محسوس ہوتی ہیں اس کیفیت میں مبتلا کرنے کیلئے اسی فرد کے ایسے تعلق دار افراد یا فرد عامل سے کچھ ایسا کرواتے ہیں جس سے عامل روپوں کے عوض اس شخص کو اس تکلیف سے دوچار کر سکتے ہیں مثلاً ایک عدد مٹی یا روئی کا پتلا اور اس کے جسم میں اپنی کلام کو پڑھ کر سوئیوں کو لگانا اور اسے دشمن یا جس پر عمل کیا ہے اس کے گھر یا باہر کسی جگہ اس کو دفن کرنا اور اس پر اپنی کلام پر تسخیر کی ہوئی مخفی مخلوق کو معمور کر دینا بس اسی دن سے جس فرد پر اس قسم کا جادو یا بد عمل کیا جاتا ہے اسے دنیاوی کسی بھی دوائی سے آرام نہیں ملتا اور وہ بیچارہ اپنی اس تکلیف میں تب تک مبتلا رہیگا جب تک کوئی اچھا سا عامل یا اللہ کا نیک بندہ مل نہیں جاتا اگر ایسے افراد کا توڑ کسی کتاب میں لکھے گئے طریقہ کار کے مطابق کیا جائے تو فائدہ کم اور نقصان زیادہ ہوتا ہے۔ اس لئے اگر کوئی فرد اس کیفیت میں مبتلا ہو جائے اور اسے کسی بھی عامل یا کسی بھی عمل سے فائدہ نہ مل رہا ہو تو وہ یہاں بتائے گئے طریقہ کار کے مطابق خود اپنا علاج کرے اللہ کے فضل سے چند دنوں کے اندر روحانی قوت کی بدولت کامیاب ہوگا۔ اور اگر اس جادو کا صحیح توڑ نہ کیا جائے تو اس قسم کا جادو اپنے دنوں کی مدت پوری کر جاتا ہے اور زیر اثر فرد کا علاج بند ہو جاتا ہے جس سے کسی بھی قسم کی کوئی کلام اپنا اثر نہیں کرتی اس لئے اس قسم کے جادو کے مکمل توڑ کیلئے آگے لکھے گئے طریقہ کار کو استعمال کرے اور پانچ وقت کی نماز ضرور ادا کرے اور اگر ہو سکے تو خود روزہ رکھے اور اس عمل کو کرے اللہ کے حکم سے اللہ ضرور بر ضرور اپنی کلام کے ذریعے شفاء دیگا اور مریض کو صحت ہوگی۔ اگر ہو سکے تو دوران عمل کسی کو اس عمل کا ذکر نہ کیا جائے کیونکہ کسی کے منہ پر کچھ نہیں لکھا ہوتا کہ کوئی فرد کسی کے متعلق کیا سوچتا ہے اس لئے ہر طرف سے محتاط رہنا چاہئے کسی سے بھی اس علاج کا ذکر نہ کیا جائے

ورنہ فائدے کی بجائے الٹا نقصان ہوگا۔ اسی قسم کے جادو سے جسم میں وزن محسوس ہوتا ہے۔ اور سر چکراتا رہتا ہے۔ اللہ کے فضل سے اس کا جو بھی توڑ ہے وہ آگے درج کر دیا گیا ہے جس سے سو فیصدی کامیاب علاج ہو جائیگا۔ اگر اس عمل کا عامل بننا ہو جس سے فوری طور پر اثر رونما ہو تو روزانہ چار عدد سوئیاں اپنے پاس رکھے اور بعد نماز عشاء مصلے پر بیٹھ کر ایک سوئی پر سورۃ الاخلاص شریف ایک ہزار مرتبہ پڑھے اور اسے کسی سفید کاغذ پر لگائے پھر اسی طرح سورۃ والناس کو ایک ہزار مرتبہ پڑھے اور سوئی پر دم کر کے اسی کاغذ پر دوسری سوئی کے ساتھ لگائے پھر تیسری سوئی پر سورۃ الکافرون کو ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور دو سوئیوں کے ساتھ لگائے پھر سورۃ الفلق کو ایک ہزار مرتبہ پڑھے اور تین سوئیوں کے ساتھ لگا دے رات سے لے کر دن چڑھنے تک کوئی قید نہیں ہے چاہے دوپہر ہو جائے لیکن اس عمل کا آغاز رات کو ہی کرنا ہوگا۔ اکیس دنوں کے اندر اس عمل کا عامل بن جائیگا۔ اور پھر بوقت ضرورت کسی آسیب یا جن گرفتہ کے پہنے ہوئے کپڑے پر ایک سوئی بھی سات مرتبہ ایک ایک مرتبہ پڑھ کر لگائے گا تو وہ جو کوئی بھی ہوگا۔ جسم کے اندر حاضر ہو کر ہم کلامی کریگا۔ اور اس کا جو بھی علاج ہوگا وہی بتائے گا۔ جب ہم کلامی ہو جائے تو اس سے اس کے جانے کا طریقہ کار پوچھا جائے وہ بتائے گا اس طریقے پر عمل کیا جائے اور اس سے دوبارہ نہ آنے کی قسم لی جائے اگر حضرت سلیمان علیہ السلام کی قسم نہ لی گئی تو وہ پھر دوبارہ حاضر ہو کر پریشان کریگا۔ اگر کوئی اسی عمل کو چار دنوں میں تقسیم کرے اور روز کی ایک سوئی پر ایک ہزار مرتبہ سورۃ کو پڑھ کر دم کرے اور عمل کرے تب بھی اسی میں اثر پایا جائیگا۔

گزرتی ہوئی سوئی اس طرح ہوگی۔



Scanned with CamScanner

علاج اکسیر اور مجرب توڑ

اگر کوئی پیچھے لکھے گئے جادو میں مبتلا ہو تو اس عمل کا آغاز نوچندی جمعرات سے کرے اور بدھ والے دن مصلے پر پاک و باوضو حالت میں بیٹھے اور بعد نماز عشاء چار عدد سوئیاں اپنے پاس رکھے اس عمل کو بدھ والے دن سے شروع کرنا ہوگا۔ کیونکہ اگلا دن جمعرات کا آئیگا۔ دریا سے کچھ مقدار میں پانی لایا جائے اور اسے مٹی کے پیالے میں ڈالے اور اس کے اندر قدرے گلاب کا عرق بھی ملائے پھر پہلی سوئی پر ایک سو مرتبہ اپنی آنکھیں بند کر کے اللہ کے نور کا تصور باندھ کر سورہ الاخلاص پڑھے اور اسے مٹی کے پیالے میں ڈال دے تا کہ وہ پانی عرق میں چلا جائے اس کو پھینکتے ہوئے اس بات کا تصور رکھے کہ جیسے میں نے پانی میں اس تکلیف دینے والی شے کو پھینک دیا ہے بالکل اسی طرح میرا مرض ختم ہوگیا ہے پھر دوسری سوئی بتائے گئے تصور کے مطابق سورۃ الفلق کو سو مرتبہ پڑھے اور پیالے میں پھینک دے پھر تیسری سوئی پر سورۃ الکافرون سو مرتبہ پڑھ کر پیالے میں پھینک دے پھر چوتھی سوئی پر سورۃ والناس سو مرتبہ پڑھ کر اسے بھی پیالے میں پھینک دے اور اس پیالے کو آگ پر رکھ کر اس کے اوپر کوئی ڈھکنا دے کر اس کا منہ بند کر دے اور آگ کی آنچ ہلکی رکھے اگلا دن جمعرات کا آئیگا اس دن بعد نماز فجر کاغذ پر ایک پتلا بنائے اور اپنا نام مع والدہ ضرور لکھے اور ایک کورا چراغ جلا کر اس کے سامنے اس کو رکھے اور روزانہ اس مقام پر نماز پڑھے یہ عمل خاص ایک بزرگ کے سینے کا راز ہے جس کو عوام الناس میں فی سبیل اللہ درج کیا جا رہا ہے۔ ورنہ آج سے پہلے کسی بھی دنیا کی کتاب میں اس عمل کو نہیں لکھا ہوگا۔ نہ میری کتاب کے علاوہ لکھا جائیگا۔ پیچھے جو طریقہ اس عمل کے عامل بننے کا لکھا گیا ہے اس میں اس بات کا ایک اور اضافہ کرنا ہوگا۔ کہ کسی کاغذ پر جو ذم کی ہوئی سوئیوں کو لگانا ہے۔ اس پر پہلے سے ایک پتلا زعفران سے لکھ لیا جائے تا کہ جسم کے جصے پر سوئیاں لگا کر جادو یا کسی بھی مخلوق کا

توڑ کرنا ہو وہاں سوئیوں کو لگا کر اپنے پاس رکھا جائے اور کسی مریض کا علاج کرتے وقت تازہ ہی اس عمل کو کیا جائے اور ہ فرض نماز کے بعد چاروں قل شریف کو بکثرت پڑھے اس عمل کی بدولت مرض سے متعلق جو کچھ پہلے بتایا گیا ہے اس کا توڑ ہوگا۔ اور مریض کو سو فیصدی کامیابی نصیب ہوگی۔ پتلا بنانے میں زعفران کا استعمال کیا جائے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قل	اعوذ	برب	الناس	ملک	الناس	الہ الناس
اعوذ	برب	الناس	ملک	الناس	الہ الناس	من
برب	الناس	ملک	الناس	الہ الناس	من	شر
الناس	ملک	الناس	الہ الناس	من	شر	الوسواس
ملک	الناس	الہ الناس	من	شر	الوسواس	الخناس
الناس	الہ الناس	من	شر	الوسواس	الخناس	الذی
الہ الناس	من	شر	الوسواس	الخناس	الذی	یوسوس
من	شر	الوسواس	الخناس	الذی	یوسوس	فی
شر	الوسواس	الخناس	الذی	یوسوس	فی	صدور
الوسواس	الخناس	الذی	یوسوس	فی	صدور	الناس
الخناس	الذی	یوسوس	فی	صدور	الناس	من الجنۃ
الذی	یوسوس	فی	صدور	الناس	من الجنۃ	والناس



ناانجانا خوف وڈر محسوس ہونا

اگر کوئی فرد اپنی زندگی میں ایک دم ہی ایسے محسوس کرنے لگ جائے کہ اس کے گرد کوئی گھومتا ہے یا اس کی نجی زندگی میں کوئی دوسرا مداخلت کر رہا ہے یا ڈر وخوف محسوس ہوتا ہے جس کی کوئی بنیاد نہیں ہوتی الٹے سیدھے خواب اور کاروبار زائل ہو رہا ہے اس کے علاوہ جسمانی تکالیف میں دن بدن اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ وغیرہ وغیرہ تو اس کا علاج اس طریقے سے کرے کہ ایک عدد سفید مرغ سرخ کلغی والا ایک ہفتہ تک پالے نوچندی جمعرات آنے سے پہلے اور اس تمام ہفتے میں اس کو روزانہ سورۃ الفاتحہ سو مرتبہ پانی پر دم کر کے پلائے پھر نوچندی جمعرات کو بوقت صبح سورج طلوع ہوتے ذبح کرے اور اس کے خون سے اس کو لکھے اور اس کے نیچے اپنا نام مع والدہ لکھے اگر نام اللہ یا حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی مشابہت کا ہو تو اس نام کے حروف ابجد کے ذریعے اعداد لکھے جائیں پھر انہیں روزانہ ایک ایک عدد بعد نماز عشاء کالے کپڑے میں لپیٹ کر جلائے عمل اپنا اثر دکھائے گا۔ اور ہر قسم کے اس جادو کا توڑ ہوگا۔ جس کا اوپر ذکر کیا گیا ہے۔ اگر اس علاج سے کوئی افاقہ نہ ہو تو اسی عمل کو بالکل اسی طرح سے کرتے ہوئے کوئلے لے اور روزانہ بعد نماز عشاء کوئلے کے ایک ٹکڑے پر اس نقش کو رکھ کر اس کی دھونی اپنے پورے جسم کو دے اور نیچے درج شدہ نقش کو اس عمل کو مکمل طور پر ختم کرنے کے بعد اپنے گلے میں چاندی میں بند کروا کر پہنے اللہ شفاء دیگا۔ اگر کسی کو قبروں کی مٹی یا قبروں میں پائی جانے والی خوشبو کا احساس اپنے گرد ہوتا ہو تو وہ بھی اسی عمل کو کرے اس کیفیت کا خاتمہ ہوگا۔ اور مکمل علاج ہوتے ہوئے آئندہ کیلئے بھی ایسی کیفیات سے محفوظ رہیگا۔

۱	۱۲۱ع	۱۱۸ع	۸
۱۱۹ع	ر	۲	۱۲۴ع
۶	۱۶ع	۱۴۳ع	۳
عـہ	عـہ	عـہ	عـہ
۱۲۲	عـہ	ع	۱۱۷ع

اس نقش کو پیچھے صفحے پر بتائے جانے والے طریقہ کار کے مطابق استعمال کرنا ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ونزل	من القرآن	ماھو	شفاء	ورحمة	للمومنین
للمومنین	ونزل	ورحمة	من القرآن	شفاء	ماھو
ماھو	للمومنین	شفاء	ونزل	من القرآن	ورحمة
ورحمة	ماھو	من القرآن	للمومنین	ونزل	شفاء
شفاء	ورحمة	ونزل	ماھو	للمومنین	من القرآن
من القرآن	شفاء	للمومنین	ورحمة	ماھو	ونزل
ونزل	من القرآن	ماھو	شفاء	ورحمة	للمومنین

اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم
بسم اللہ الرحمن الرحیم وبحق
اھدنا الصراط المستقیم

Scanned with CamScanner

جادو فن ہے معجزہ یا کرامت نہیں

جادوگر جو اعمال کرتے ہیں وہ ان جگہوں پر اس کو رکھتے ہیں جس سے ان کی پڑھی ہوئی کلام اپنا اثر دکھاتی ہے اور جس مقصد کیلئے ایسا کیا جاتا ہے وہ پورا ہو جاتا ہے پھر جس طریقہ کار سے جادو کے ذریعے نقصان پہنچایا جاتا ہے بالکل اسی طریقہ کار سے اللہ کی کلام کی بدولت شفاء بھی مل جاتی ہے اور جس جگہ جو کچھ بھی دفن کیا جاتا ہے اس کا سارا اثر باطل ہو جاتا ہے لیکن جادو کسی بھی صورت کسی بھی انسان کا فائدہ یا کسی کا بھلا نہیں کرسکتا اور نقصان کے طور پر زیادہ سے زیادہ نقصان کرسکتا ہے۔ جادو کن جگہوں پر اپنا اثر دکھاتا ہے اگر ان کا بروقت علاج نہ کیا جائے تو ہلاکت بھی ہوسکتی ہے

(1) عمل کی ہوئی اشیاء کو آگ کے پاس رکھنا تاکہ اسے گرمی کی حرارت پہنچے اس سے جس کیلئے ایسا عمل کیا جاتا ہے اس کا جسم آگ کی طرح ہو جاتا ہے اور جسم بوجھل سا رہتا ہے اور بعض اوقات اسی نوعیت کا جادو اپنا اثر دکھاتے ہوئے اس انسان کا جسم بھی پھلا دیتا ہے جیسے کسی غبارے میں ہوا بھری ہو اور اس کا زیادہ اثر جسم کے جس حصے پر ہوتا ہے اس کا تعلق پیر اور ہاتھ پر ہوتا ہے پاؤں اور ہاتھ پھول جاتے ہیں۔ جو دیکھنے پر عجیب سے معلوم ہوتے ہیں اس کا علاج کرنے کیلئے مریض کے کانوں میں دن میں تین مرتبہ صبح دوپہر شام کان میں اذان دی جائے اور اس نقش کو زعفران سے لکھ کر گلے میں باندھا جائے پھر آیت الکرسی کو سات مرتبہ پڑھ کر پیروں پر دم کیا جائے اور سات مرتبہ پڑھ کر ہاتھوں پر دم کیا جائے اللہ کے فضل سے مریض اسی وقت ٹھیک ہوگا۔ نقش سب سے آخر میں درج ہوگا کیونکہ ان تمام قسم کے جادو کے توڑ کیلئے ایک ہی کامل نقش لکھا گیا ہے جس کے طریقے تو مختلف ہونگے لیکن نقش ایک ہی رہیگا۔

(2) اسی سلسلے کی دوسری کڑی کا عمل مریض پر اس قسم کا ہوتا ہے کہ وہ چارپائی کے ساتھ چارپائی ہو جاتا ہے صحیح کوئی بھی وجہ سامنے نہیں آتی اور جسم مین عجیب عجیب سی دردیں مسلسل ہوتی رہتی ہیں اس عمل کو جادوگر قبرستان میں کسی قبر کے الٹی طرف دفناتے ہیں جس سے مردہ اس شخص تک پہنچ کر اپنے آپ کو اس پر مسلط کرتا ہے جو اس مرض کا شکار ہو اس کے علاج کیلئے لکھے گئے نقش کو چار مرتبہ زعفران سے لکھا جائے ایک کو مریض کی چارپائی کے الٹے طرف باندھا جائے دوسرے کو گلاب کی عرق کی بوتل میں ڈال کر اس عرق کو پلایا جائے تیسرے کو گلے یا بازو پر باندھا جائے اور چوتھے کو ایسی جگہ فریم کروا کر لگایا جائے جہاں مریض کی نظر پڑے اور مریض کے گھر کا کوئی دوسرا فرد یا خود مریض سورۃ الفلق سورۃ والناس کو روزانہ ایک ہزار مرتبہ پانی پر دم کر کے پئے اللہ کے فضل سے مریض کا مرض دور ہوگا۔

(3) مریض کا دل ہوا میں اڑتے رہنا اور کسی بھی جگہ دل کا نہ لگنا جس کے عوض میں کئی نقصانات کا بیک وقت ظہور ہونا اس عمل کو کرنے کیلئے جادوگر اپنے عمل کو کر کے پیپل کے درخت کی جڑ میں یا اس درخت کے اوپر کسی شاخ کے ساتھ باندھ دیتے ہیں اور جیسے ہوا سے وہ نقش ہلتا ہے اسی طرح مریض کا دل ہوا میں اڑتا رہتا ہے اور جو اشیاء اس مرض سے پہلے اچھی لگتی ہیں ان سے نفرت ہو جاتی ہے۔ مثلاً اگر میاں بیوی ہیں تو ان میں نفرت کثرت سے پائی جاتی ہے جس سے گھر کا سکون و ماحول خراب ہو جاتا ہے اور اس کی بہتری کی کوئی بھی صحیح صورت نہیں ملتی جب تک اس کا مکمل علاج نہ کیا جائے اس لئے اگر کوئی جادو کی اس قسم مین پھنس چکا ہو تو مذکورہ نقش کو دونوں میاں بیوی زعفران سے لکھ کر اپنے گلے میں باندھیں اور روزانہ بعد نماز عشاء (یا الممیت) کو دو ہزار مرتبہ پانی پر دم کر کے پئیں جس میں پانی رکھنا ہے۔ وہ شیشے کا جگ یا گلاس ہونا

چاہئے اور اگر ہو سکے تو اس نقش کو بھی اس جگ یا گلاس میں ڈال لیا کریں اور گل جانے کے بعد اس کو بھی نگل جائیں اور نیا نقش لکھ کر پھر پانی میں ڈال کر استعمال کریں اللہ کے فضل سے جادو کا مکمل توڑ ہوگا۔ اور جو بھی دفینہ جہاں ہوگا۔ اس کا اثر اسی وقت باطل ہو جائیگا۔ اس کے علاوہ اور بہت سے ایسے طریقہ کار ہیں جن کی بنیاد پر جادو کیا جاتا ہے اور اس کے ذریعے پہنچنے والے بد اثرات بہت نقصان کرتے ہیں یہ نقش ایسی تمام قسم کی قبیح اشیاء کو جڑ سے نکال پھینکتا ہے جس سے کوئی کسی انہونی بیماری کا شکار ہو جائے یا اس بیماری میں پھنس جائے جس کا علاج ناممکن بن گیا ہو ایسی تمام قسم کی کیفیات میں اس نقش کو زعفران سے لکھ کر استعمال کیا جائے اللہ شفاء دیگا مثلاً ایک نقش کو گلے میں باندھا جائے دوسرے کو پانی میں ڈال کر پلایا جائے اور تیسرے کو دکان یا مکان کی چوکھٹ کے اوپر لگایا جائے جادو و سایہ آسیب کا خاتمہ ہوگا۔

ا	ل	ل	ھ	ا	ل	ص	م	د
د	ا	م	ل	ص	ل	ل	ھ	ا
ا	د	ھ	ا	ل	م	ل	ل	ص
ص	ا	ل	د	ل	ھ	م	ا	ل
ل	ص	ا	ا	م	ل	ھ	د	ل
ل	ل	د	ص	ھ	ا	ل	ا	م
م	ل	ا	ل	ل	د	ا	ص	ھ
ھ	م	ص	ل	ا	ا	د	ل	ل
ل	ھ	ل	م	د	ص	ا	ل	ا
ا	ل	ل	ھ	ا	ل	ص	م	د

جادو سے کیا کیا ہو جاتا ہے؟

اگر کسی پر جادو کیا گیا ہو لیکن اسے معلوم نہ ہو کہ مجھ پر جادو کیا گیا ہے تو وہ ان نشانیوں میں خود دیکھ سکتا ہے جادو کی بنیاد پر کسی کنواری لڑکی یا لڑکے کا رشتہ باندھ دیا جاتا ہے اس میں یہ نہیں دیکھا جاتا کہ لڑکی یا لڑکا خوبصورت ہے کہ نہیں اگر لڑکی بہت خوبصورت ہو لیکن اس کا رشتہ کہیں بھی طے نہیں پاتا اگر اس کا علاج نہ کیا جائے تو وہ لڑکی ساری زندگی پھر کنواری ہی رہتی ہے اس لڑکی کو کسی بھی جگہ سکون واطمینان نہیں ملتا اور اس کا دل ہوا میں اڑتا رہتا ہے جگہ جگہ مارے پرتے رہنا اس لڑکی یا لڑکے کا مقدر بن جاتا ہے اور اگر اس دوران کسی بھی طریقے سے اس کی شادی کہیں ہو جائے تو اس کے خاوند کے ساتھ تعلقات اچھے نہیں رہتے اور آخر کار نوبت طلاق تک پہنچ جاتی ہے کیونکہ جب عورت ہی اپنے مرد سے کھنچی رہیگی۔ تو گذارا کیسے ہوگا؟ اس کی بنیاد پر جادو بھی کیا جاتا ہے اسی نوعیت کا جادو کچھ اس قسم کا ہوتا ہے کہ عورت کی شادی ہو جاتی ہے خاوند سے تعلقات بھی اچھے ہوتے ہیں لیکن ان کے ہاں اولاد نہیں ہوتی جب تک اس کا علاج نہ کیا جائے جادو کی بنیاد پر کسی کی عقل سلب کی جا سکتی ہے اگر کوئی بہت زیادہ عقل وفہم والا انسان ہو تو وہ جادو سے مغلوب ہوتے ہوئے اپنے ہوش وحواس کھو بیٹھتا ہے جس سے اس کی زندگی جہنم بن جاتی ہے جادو سے پورے گھر میں جس سکون کو برباد کیا جاتا ہے اس کا تعلق تمام افراد کا آپس میں بلاوجہ لڑائی جھگڑا کرنا ہوتا ہے جس کی کوئی صحیح وجہ سامنے نہیں آتی اس گھر میں رہنے والوں کی آپس میں کسی بھی طریقے سے نہیں بنتی اور وہ ہر وقت آپس میں لڑتے رہتے ہیں۔ جادو سے اچھا بھلا کاروبار ایک دم ہی رک جاتا ہے یا اس کی آمدن میں بہت فرق پڑ جاتا ہے۔ اسی دکان کے لگے ہوئے گاہک کہیں اور چلے جاتے ہیں۔

Scanned with CamScanner

تشخیص جادو آسیب سحر و جن وغیرہ

تشخیص کے روحانی سلسلے پر چلنے والے اعمال کا اس علم سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے اور پھر اس کے مطابق علاج کیا جا سکتا ہے پھر جس فرد پر جو بھی ہو وہ واضح ہو کر سامنے آجاتا ہے اور علاج کرنا آسان بن جاتا ہے۔ سب سے پہلا تشخیص کا طریقہ علم الاعداد پر ہوگا جس سے کسی بھی نوعیت کے جادو یا سحر کا پتہ لگایا جائیگا۔ اور یہ دیکھا جا سکتا ہے کہ جادو ٹونہ ہماری زندگی میں ہے کہ نہیں؟

جدول حروف ابجد

اس جدول حروف ابجد سے مریض کا نام مع والدہ حاصل کر کے اسے بارہ پر تقسیم کیا جائے اور بعد تقسیم آگے متعلقہ اعداد کے مطابق خود دیکھ لیا جائے کہ کونسا عدد باقی بچا ہے جو عدد باقی بچے اس کے آگے متعلقہ حساب کا دیکھا جائے اس حساب سے کافی حد تک اصلاح ہو سکتی ہے۔

ا	ب	ج	د	ھ	و	ز
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷
ح	ط	ی	ک	ل	م	ن
۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰
س	ع	ف	ص	ق	ر	ش
۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰
ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

(1) باقی رہے تو ان پر اس قسم کا جادو کیا گیا ہے جس سے کوئی بھی دوا ان پر کسی بھی صورت میں اپنا اثر نہ کرے اور یہ دن بدن نئی نئی بیماریوں میں مبتلا ہوں اس عمل کی بنیاد زیادہ تر سر میں شدید درد اور کندھوں پر وزن سے منسوب ہے جو آہستہ آہستہ بڑھتا جا رہا ہے اس تشخیص کے مطابق ان اعمال کا جو بھی توڑ ہوگا وہ آگے درج کیا جائیگا۔

(2) باقی رہے تو جسم کے حصوں پر وزن کے ساتھ درد ہوتی ہے یہ علم علوی کی بنیاد پر کیا گیا ہے جیسے کوئی سورۃ الفیل، سورۃ الکوثر، سورۃ تبت یدا، یا سورۃ یسین کو مبین درمبین مریض کا تصور باندھ کر پڑھتا ہے ایسے علم صرف وہی افراد کر سکتے ہیں جن کا ان سے گہرا تعلق ہو اور کسی مقصد کو ان سے پورا کرنا ہو۔

(3) باقی رہے تو یہ علم کی ایسی جکڑ بندی ہے جس کے اندر یہ قید ہیں اس دوران اگر یہ سونے کو بھی ہاتھ لگائیں گے تو وہ مٹی بن جائیگا پہلے کاروبار تباہ و برباد ہو چکا ہے اور ہو رہا ہے رشتے دار اور عزیز و اقارب ان افراد سے منہ موڑ چکے ہیں اور اولاد بھی متنفر ہے اگر اس علم کے ذریعے کسی خاتون کا دیکھنا ہو تو وہ بھی جکڑ بندی میں قید ہے اور کوئی بھی کام کرنے کو دل نہیں کرتا اس لئے آگے لکھا ہوا طریقہ استعمال کریں۔

(4) باقی رہے تو یہ سراسر جادو سحر پر مبنی ہے جس سے کوئی بھی مغلوب ہوتے ہوئے دن بدن نئی نئی بیماریوں میں مبتلا ہونے کے ساتھ کاروباری طور پر بھی متاثر ہے اور روپے پیسے میں کوئی بھی برکت نہیں رہی پریشانیاں مصیبتیں اچانک ہی ان کی دامن گیر بن چکی ہیں اس لئے یہ اپنا روحانی علاج کریں اللہ شفاء دیگا۔

(5) باقی رہے تو اس علم کی بنیاد ایک سایہ ہے جو مرد و عورت کے جسم کے الٹے طرف پر ہے اور جس کا کام صرف نفسانی خواہشات کو بڑھانا ہے اس علم سے مغلوب ہونے والے افراد کا زیادہ سے زیادہ دل اس بات کو دل کرتا ہے کہ وہ کسی بھی غیر عورت یا اپنی بیوی سے ہر وقت ہم بستری میں مشغول رہیں۔

Scanned with CamScanner

(6) باقی رہے تو اس عورت یا مرد پر اس قسم کا جادو کیا گیا ہے جس سے میاں بیوی ایک دوسرے سے علیحدہ رہیں اور نفرت ان کے درمیان ہر وقت زیادہ سے زیادہ رہے جس سے یہ کبھی بھی آپس میں اتفاق وسلوک سے نہ رہیں اور ان کا کسی نہ کسی بات پر بلا وجہ جھگڑا ہوتا ہی رہے۔

(7) باقی رہے تو اس علم سے مغلوب ہونے والے افراد کے جسم میں ایسی دردیں ظہور میں آتی ہیں جس سے ڈاکٹر حضرات بھی پہلی مرتبہ روشناس ہوتے ہیں کہ یہ کس قسم کا درد ہے اور اس کا علاج کیا ہے؟ ڈاکٹری دوائیوں سے ان کا علاج ہرگز نہیں ہوتا اور دردیں نئے نئے رنگوں میں اپنا اثر دکھاتی رہتی ہیں۔

(8) باقی رہے تو ایسے افراد پر ایک دیو کا سایہ ہے جو موقع ملنے پر اور ایک مخصوص وقت میں ان کے ساتھ ایسی حرکات کرتا ہے جس سے دل خوف کھاتا ہے اور گاہے بگاہے خون کے چھینٹے جسم اور گھر میں پڑتے رہتے ہیں اگر ایسے افراد کنوارے ہوں تو ان کی شادی مشکل سے ہوتی ہے کیونکہ ان پر جو بھی علم کیا گیا ہے اس کی قسم میعادی تھی جو اپنی میعاد کو ختم کر کے ختم ہو چکا ہے لیکن اس کا مطلب ہرگز یہ نہیں نکلتا کہ ان کا علاج نہیں ہے بلکہ اس کا علاج کیا جانا چاہئے۔

(9) باقی رہے تو کوئی بھی علاج یا دائی اپنا اثر نہیں دکھاتی اور اچھے بھلے چلتے ہوئے کام ایک دم رک جاتے ہیں جس سے شادی شدہ عورت کی طلاق ایسے ہو جاتی ہے جس کے متعلق ہمیشہ ہی معمہ بنا رہتا ہے کہ یہ کیا ہوا ہے اس لئے اگر بات طلاق تک پہنچ جائے تو اس کا روحانی علاج کیا جائے تو طلاق نہیں ہوگی۔ اور اس بدعمل کے توڑ کے بعد ہر کوئی آپس میں سلوک واتفاق سے رہیگا۔

(10) باقی رہے تو مریض جسمانی وروحانی تکالیف میں مبتلا ہے جس سے جسم کی ہڈیوں میں درد ہوتا ہے اور سر میں ہر وقت درد ہوتا رہتا ہے اگر اس کا بھی بروقت

علاج نہ کیا جائے تو لاج ناممکن اور پیچیدہ بن جاتا ہے۔

(11) باقی رہے تو جادو اس قسم کا کیا گیا ہے کہ مریض جتنا گھر سے باہر رہیگا وہ ٹھیک اور صحتمند ہوگا۔ جیسے ہی گھر کے اندر داخل ہوگا۔ اس کا دل اڑنے لگے گا علاج کے بعد شفاء اللہ کے حکم سے ہوگی۔

(12) باقی رہے تو اس جادو کو کسی اپنے نے ہی ایسی بنیاد پر کیا ہے جس سے مریض کسی بھی مفاد پرست انسان کی ہر کوئی بات مانے اور نہ چاہتے ہوئے بھی انکار کسی بھی طرح نہ کر سکے لیکن اب اس کے جادو کروانے کا اثر بالکل ختم ہو گیا ہے کیونکہ جو مقصد تھا وہ پورا نہیں ہوا اور مریض کو ہوش وحواس میں رہنے کے ساتھ جو کام اس کا کرنا تھا وہ نہیں ہو سکا اور وہ خود بیمار ہو گیا ہے اس لئے ان کا روحانی علاج کیا جائے۔

یہ حساب علم الاعداد سے منسوب ہے جو بعض اوقات تو مریض کے مرض کے بالکل عین ٹھیک بیٹھتا ہے اور بعض اوقات ایسا حساب اخذ کرنے پر صحیح بات برآمد نہیں ہوتی اس لئے اگر کسی کے حساب سے کوئی بات صحیح نہ نکلے تو وہ اپنی زندگی میں پائی جانے والی موجود رکاوٹوں کو جادو ٹونہ ہی سمجھے یا بداعمال سے تشبیہ دے کیونکہ ایک دم اچانک جو انسان بیماریوں یا مصیبتوں میں گھر جاتا ہے اس کی یہی واضح علامات ہوتی ہیں۔ اب پچھلے اوراق میں جس حساب کو بتایا ہے اس کا توڑ کرنے کیلئے اپنے نام کی تکسیر دیئے گئے اس کے نیچے جو کچھ بھی لکھا ہے اسے زعفران سے درج کرے اور ایک کو اپنے گلے میں باندھے اور ایک کو گلاب کے عرق سے دھو کر پئے اللہ کے حکم سے جن جن کا حساب یہاں سے نکلتا رہیگا ان کیلئے یہ ایک کرنٹ سے کم نہیں ہے۔ اس لئے اس عمل کو بالکل ایسے ہی لکھا جائے لیکن تکسیر اپنے نام کی ہر کوئی کریگا۔ آگے ایک مثال سے سمجھانے کی کوشش کی گئی ہے یہ ذوالفقار نام کی تکسیر ہے اس لئے ہر کوئی اپنے نام کی علیحدہ تکسیر کرے اور اسے اپنے گلے میں باندھے جادو ٹونے کا توڑ ہوگا۔

Scanned with CamScanner

ذ	و	ا	ل	ف	ق	ا	ر
ر	ذ	ا	و	ق	ا	ف	ل
ل	ر	ف	ذ	ا	ا	ق	و
و	ل	ق	ر	ا	ف	ا	ذ
ذ	و	ا	ل	ف	ق	ا	ر

بسم الله الرحمن الرحيم. آلمٓ الله لا اله ال اله اهو الحی القيوم شهد الله اله لا اله الا هو الملئكة و اولو العلم قائما بالقسط لا اله الا هو العزيز الحكيم ذالكم الله فانی توفكون ولو ان قرآنا سيرت به الجبال او قطعت به الارض او كلم به الموتىٰ بل لله الامر جميعا انما امره اذا اراد شئيا ان يقول له كن فيكون الحمد لله رب العلمين بل هم فی لبس من خلق جديد وهو معكم اينما كنتم والله بما تعلمون بصير ان الله قوی عزيز ومن يتوكل علی الله فهو حسبه ان الله بالغ امره قد جعل الله لكل شی ء قدرا او احاط بما لديهم و احصیٰ شی ء عددا رب المشرق والمغرب لا اله الا هو فاتخذه وكيلا لا يتكلمون الا من اذن له الرحمن وقال صوابا. من ای شی ء خلقه من نطفة خلقه فقدره ذی قوة الا بالله العلی العظيم وصلی الله علیٰ سيدنا محمد و آله وسلم.

جسمانی کپڑے سے مرض دیکھنا

اس طریقے سے کوئی بھی دیکھ سکتا ہے کہ مریض کو سایہ آسیب، جنات، یا جادو ٹونہ کس نوعیت کا جادو یا عمل کیا گیا ہے جس کے عوض میں مریض کی اس طرح کی حالت ہے اور اس کا کیا طریقہ کار نکالنا چاہئے جس سے مریض پر ہوئے اس اثر کا خاتمہ کیا جا سکے لیکن اس تشخیص میں سو فیصدی کامیابی اور سو فیصدی مریض کے مرض کا پتہ لگانے کیلئے سورۃ والناس یا سورۃ الفلق کا عامل بننا ضروری ہے یا جس کسی نے ان دو سورتوں کو سوا لاکھ کی تعداد میں پڑھ لیا ہو تو وہ فوری طور سے کپڑے کے ذریعے اس مرض کی صحیح نشاندہی ہو سکے گی۔ یہ طریقہ سب سے زبردست اہمیت کا حامل ہے اگر کوئی کسی کلام کا عامل نہ ہو تو یہاں لکھی گئی ہدایت پر عمل کر کے بھی دیکھا جا سکتا ہے اس کیلئے مریض کا پہنا ہوا کپڑا ہونا ضروری ہے یا مرض دیکھنے سے پہلے مریض کے لواحقین کو اس کا طریقہ کار اس طرح بتایا جائے کہ مریض کو رات کو کوئی بھی جسمانی کپڑا پہنائیں اور اگلے دن وہ خود یا عامل اس کپڑے کو پھیلا کر اس کپڑے کو ناپ لے پھر اسے بند کر دے اور اس پر سورۃ الفاتحہ مع بسم اللہ آیت الکرسی اکیس اکیس مرتبہ یا اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں پھر سورۃ والصافات سپارہ (۲۷) کی آیات شططا تک اور سورۃ جن (۲۹) کی آیات لازب تک اکیس اکیس مرتبہ پڑھے یا انہیں آیات کو جہاں تک بتایا ہے علیحدہ سے لکھ کر رکھ لے جو بوقت تشخیص آسانی سے پڑھا جا سکے پھر سورۃ الفلق اور سورۃ والناس کو اکیس اکیس مرتبہ پڑھ کر کپڑے پر دم کرے اور دوبارہ کھول کر ناپے اگر کپڑا پہلے کی نسبت کم ہو جائے تو اس کو جادو سے منسوب کیا جائے یعنی مریض پر جادو کیا گیا ہے جس کی تفصیل بہت لمبی بنتی ہے یہاں مختصر طور سے لکھا

Scanned with CamScanner

گیا ہے۔ مثلاً مریض پر جس نوعیت کا جادو کیا گیا ہے اس کا تعلق ایک ایسی مخلوق سے ہے جو جسم کے اندر داخل ہو کر اپنا اثر دکھاتے ہوئے کسی بھی دوائی کا اثر نہیں ہونے دیتی اور دوسرا کسی مردار ھڈی، لیموں، یا کانٹوں کے ذریعے دم کر کے پورا تکلیف دہ عمل تیار کر کے قبرستان میں دفن کیا ہوا ہے جس کے اثر سے مریض مرض میں مبتلا ہے۔ اگر کپڑا پہلے کی نسبت زیادہ یا کم بڑھ جائے تو مریض کے دل کی طرف سایہ آسیب ہے جو اپنے اندر بہت زیادہ طاقت رکھتے ہوئے مریض کو تکلیف دیتا ہے کیونکہ مریض نے کوئی کوتاہی کی ہے اس مرض سے متعلق یہ نشانی مردوں کیلئے اور عورتوں کا کپڑا دیکھتے ہوئے اگر کپڑا کم ہو جائے تو تکلیف پہلے والی ہی رہیگی۔ اور اگر کپڑا بڑھ جائے تو ایک خبیث اس عورت پر مسلط ہے جو اس سے ہم بستری کرنے کے علاوہ اسے جسمانی تکالیف میں بھی مبتلا کرتا ہے اور اب تک کوئی بھی روحانی علاج اس پر اپنا اثر نہیں کر رہا اس کے کامل توڑ کیلئے کتاب میں سے دیکھ کر عملیات کئے جائیں اللہ کے حکم سے ان امراض سے متعلق جو بھی امراض ہونگے ان کا خاتمہ ہوگا۔ اگر کپڑا اپنی کیفیت پر برقرار رکھتے ہوئے ویسے ہی رہے تو مریض کسی جسمانی تکلیف میں مبتلا ہے۔ کسی اچھے سے حکیم یا ڈاکٹر کو دکھائے اللہ ضرور شفاء دیگا۔ سلسلہ تشخیص پر علیحدہ کتاب تیار ہو رہی ہے جس میں جادو آسیب جن یا کسی بھی غیر انسانی مخلوق کے مسلط ہونے کے بارے میں مکمل تفصیل سے بتایا ہے۔ اور کون کون سی مخلوق کیا کیا کرتی ہے وہ سب کچھ اس کتاب میں درج ہے اور اس سے نجات پانے کے طریقہ کار بھی جو نہایت ہی مجرب ہیں اور ایسے استادوں کی سینے کی باتیں ہیں جنہیں کوئی بھی نہیں بتاتا اس لئے ایسے علوم کو سیکھنے سکھانے والے افراد کے متعلق اللہ عزوجل سے خصوصی دعا کی گئی ہے کہ اللہ تعالیٰ میرے ان علوم کو ان جاہل عاملوں سے بچائے جو روحانیت کی الف بے بھی نہیں جانتے اور خود پیر بن کر بیٹھ گئے ہیں۔

تشخیص امراض

یہ طریقہ بھی تشخیص کرنے کیلئے بہت زبردست اہمیت کا حامل ہے جس سے کوئی بھی مرض سے متعلق پتہ لگا سکتا ہے لیکن اس عمل کو کرنے کیلئے بھی کسی اسم الٰہی، آیت قرآنی، یا کسی سورۃ کا عامل ہونا ضروری ہے کیونکہ اگر کوئی بغیر عامل بنے اس طریقے کو کریگا تو ہوسکتا ہے کہ بعض اوقات تو کامیابی ہو اور بعض اوقات ناکامیابی ہو اب مریض کو اپنے پاس بٹھا کر ایک چھری پر آیت الکرسی، سورۃ الفلق، سورۃ والناس، کو سو سو مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور مریض کے گرد اس چھری سے تین دائرے لگائے یعنی اس کی حصار کرے اور کسی پاک وصاف لکڑی کو جلا کر پاک جگہ پر اس کے ذریعے سے حاصل ہونے والے کوئلے سے مٹی کے کورے ٹھیکرے پر اس نقش کو بالکل ایسے ہی تحریر کر کے مریض کے پورے جسم پر مل کر پھر سات مرتبہ پھیر کر اسے آگ کے اوپر رکھ دے جیسے آج کل سوئی گیس والا چولہا ہے اس عمل کے دوران مریض پر سورۃ والناس اور سورۃ الفلق کو مسلسل پڑھ پڑھ کر دم کرنا چاہئے کم از کم پندرہ منٹ کے بعد دم کی آخری پھونک مار کر جہاں ٹھیکری کو رکھا ہے وہ جا کر دیکھے اگر کوئلے کی کالی سیاہی مٹی کے ٹھیکرے پر سرخ رنگ جیسے خون ہوتا ہے بن جائے تو مریض پر جادو بذریعہ مخلوق جنات کے ذریعے کیا گیا ہے جس کی مختلف اقسام ہوسکتی ہیں۔ اگر حروف کے گرد کٹ کٹ بن جائیں تو یہ مرض سایہ آسیب کی طرف منسوب ہے۔ جس کی بھی مختلف اقسام ہوسکتی ہیں۔ جو مریض خود بھی بتا سکتا ہے۔ اگر حروف کی کوئی اور خلاف توقع شکل بن جائے تو کوئی غیر انسانی مخلوق مریض پر مسلط رہتی ہے اور موقع ملنے پر اپنا غلبہ مریض پر اختیار کرتے ہوئے مریض کو تکلیف دیتی ہے۔ سب سے آخر میں ٹھیکری کو نکال کر سونگھ اگر اس میں سے کسی [illegible] کا ظہور ہو تو مریض کا کوئی اپنا ہی یا اس سے مفاد حاصل

کرنے والا کسی کلام کو اس پر پڑھ کر اس کا تصور باندھ کر دم کرتا ہے جس سے مریض مغلوب ہے۔ اور کسی تکلیف میں مبتلا ہے اگر حروف بالکل ویسے ہی رہیں تو مریض کو وہم کرنے کی بجائے کسی اچھے سے ڈاکٹر سے رابطہ کرنا چاہئے تاکہ اس کا علاج ہوسکے اس عمل میں ٹھیکرے کو آگ پر رکھ کر دیکنا نہیں چاہئے جب تک پندرہ منٹ کا دم نہ کرلیا جائے۔



سید شبیر حسین شاہ کی لازوال تصنیف

کنز الحسین

یہ کتاب آج سے اڑھائی سو سال پرانی ہے اور اس میں لکھے جانے والے نسخہ جات ایسے ہیں کہ کسی عامل یا استاد کی حاجت باقی نہیں رہتی عملیاتی وتعویذاتی فن میں مہارت حاصل کرنے والوں کیلئے یہ کتاب کسی مسیحا سے کم نہیں ہے۔ کیسے کوئی عامل ہندو دیوی یا دیوتاؤں سے کام لے سکتا ہے انہیں کس طریقے سے حاضر کرسکتا ہے وہ بغیر کسی بخل کے درج کردیا ہے اور اس کے علاوہ بنگالی زبان کے وہ صحیفے اصل بنگالی زبان میں لکھ دئے ہیں جو بوقت زوال جلنے سے محفوظ ہوگئے تھے۔ کتاب میں درج فلیتہ جات ایسے ہیں جنہیں دیکھ کر انسان کی حیرت گم ہوتی ہے۔ کتاب ہندی، بنگالی اور دیگر مختلف نسخہ جات کی اصل زبان واردو زبان کے ساتھ موجود ہے۔ اس کتاب کو خصوصی طور سے پیرالسید علی حسین شاہ نے تحریر کیا ہے۔ جو واقعی کسی حیرت سے کم نہیں۔

انڈے کے ذریعہ مرض دیکھنا

بذریعہ انڈا بھی مریض پر کیئے ہوئے جادوٹونہ سایہ آسیب یا کسی بھی مرض کی تشخیص کی جاسکتی ہے لیکن اس عمل کو کرنے کیلئے بھی جس چیز کو انڈے پر تحریر کرنا ہے اس کا عامل بننا ضروری ہے۔ یا اگر کوئی اس عمل کو کرنا چاہے تو اس نقش کو روزانہ بہتر مرتبہ کسی سفید کاغذ پر لکھ کر آٹے میں بند کر کے دریا میں مچھلیوں کو ڈالے اس کا عامل بن جائیگا پھر جس کسی بھی مریض پر اس طریقہ کار کو کریگا تو سو فیصدی نتائج مرتب ہونگے اور انڈے سے حاصل ہونے والے مواد کا علیحدہ سے طریقہ بتایا جائیگا۔ اس عمل کو کرنے کیلئے خالص دیسی مرغی کا انڈہ ہونا چاہئے اور اس پر اس نقش کو لکھ کر مریض کے جسم پر سات مرتبہ پھیر کر اس پر سورۃ والناس اور سورۃ الفلق کو سو سو مرتبہ پڑھ کر دم کر کے مریض کو ہدایت کرے کہ وہ رات کو سونے سے پہلے اس انڈے کو اپنی چار پائی یا تکئے کے الٹی طرف رکھ کر سو جائے اور صبح اسے توڑے اگر انڈے میں سرخ نشان برآمد ہو جیسے خون ہوتا ہے تو مریض پر قسم جادو کی ہے جس سے مریض مرض میں مبتلا ہے اگر انڈے سے کالے نشانات برآمد ہوں تو مریض پر جادو کے ساتھ سایہ آسیب ہے جس سے تکلیف دن بدن بڑھتی ہی رہتی ہے اور کوئی بھی دوا یا علاج اپنا اثر نہیں دکھاتا اگر انڈے کی زردی کے اندر کوئی شکل واقع ہوجائے جیسے تصوراتی قسم کی کوئی شکل بن جاتی ہے تو اس شکل پر اسی وقت درود ابراہیمی کو اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور اس انڈے سمیت کسی مٹی کے پیالے کے اندر رکھ کر اسے دریا میں بہادے اگر صرف پہلے نشانات میں سے نشان ہی رہیں تو انہیں بھی دریا میں بہانا چاہئے گھر میں اس انڈے کو

Scanned with CamScanner

نہیں رکھنا چاہیئے اگر کوئی بھی شکل یا کوئی انڈے، میں کوئی واضح نشانی واضح نہ ہو تو مریض کو جادو کی بنیاد یا کسی سایہ کا مرض نہیں ہے۔ وہ کسی اچھے سے ڈاکٹر سے رابطہ کرے اللہ تعالیٰ ضرور شفاء دیگا یا کتاب میں لکھے گئے طریقہ کار کو اپنائے اللہ اپنا کرم فرمائیگا۔ (نوٹ) بعض اوقات انڈے میں سے کچھ بھی برآمد نہیں ہوتا اور انڈہ ٹوٹ جاتا ہے اس کیفیت کو بھی سایہ آسیب یا جادو سے منسوب کیا جانا چاہئے جو اپنے اندر بہت زبردست قسم کی طاقت رکھتا ہے اور انڈے کا ٹوٹنا اسی بات کا ثبوت پیش کرتا ہے کہ تشخیص میں رکاوٹ پیدا کی جا رہی ہے۔

جادو کی مکمل پہلی اور آخری کتاب

یہ ایسی کامل کتاب ہے جو اسی کتاب سے منسوب ہے، جس کو دیکھ کر حیرت گم ہوتی ہے۔ اگر کوئی فن عملیات سیکھنے کا شوقین ہو اور اس فن میں کامل مہارت حاصل کرنا چاہتا ہو تو اس کیلئے یہ کتاب نہایت ہی ضروری ہے۔ جس میں نقوش، عملیات، اور مریض کے سامنے دفن شدہ بد اعمال، تعویذ، دھاگے، حاضر کرنے کے متعلق نسخہ جات لکھے ہیں۔ جس سے دفینہ خواہ سات سمندر پار ہی کیوں نہ ہو اس مریض کے نام مع والدہ کے سب کچھ مریض کی آنکھوں کے سامنے حاضر کیا جا سکتا ہے۔ اور ایسے کامل نسخہ جات بھی کامل صحت کے ساتھ بیان ہیں جس سے ہوائی چیزوں موکلات وجنات کے ذریعے کام کروائے جا سکتے ہیں۔ بے شک یہ ایک لازوال کتاب ہے۔

نقشوں کا سردار

یہ ایسا نقش ہے جس کی جتنی تعریف کی جائے کم ہے اس کا بار ہا مرتبہ تجربہ کیا جا چکا ہے اور ہر مرتبہ اسے آزمانے کے بعد سو فیصدی کامیابی ہوئی ہے اس لئے جادو سے لے کر سفلی علم کے توڑ تک اسی نقش کو استعمال کر کے خود مشاہدہ کر لیا جائے یہ بات ثابت ہو جائیگی کہ یہ اپنی طاقت کے لحاظ سے کتنا کامل نقش ہے اس نقش کے دو حصے ہیں دونوں نقوش کو اگر کوئی روزانہ بہتر مرتبہ لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں مچھلیوں کو ڈال آئے تو اس نقش کے اندر خاص قسم کے اثرات پیدا ہونگے میں ان نقوش کو صرف گھر یا دکان کی چوکھٹ کے اوپر لگانے کیلئے دیتا ہوں تاکہ گھر میں کوئی بھی غیر انسانی مخلوق ہو اس کا خاتمہ ہو اور اگر کسی نے جادو ٹونہ کروایا ہو تو اس کا سارا اثر باطل ہو جائے اگر کسی فرد کو زبردست جادو کے ذریعے مغلوب کیا ہو اور وہ بیچارہ روز بروز نا انجانی بیماریوں میں مبتلا رہتا ہو تو جو نقش اسماء الٰہی والا ہے اسے زعفران سے لکھ کر کسی دھات کے پترے میں بند کروا کر مریض کے گلے میں پہنایا جائے اور دوسرا نقش اسماء مبارکہ حضور نبی کریم ﷺ کا ہے اسے زعفران سے باوضو حالت میں لکھ کر نیچے نام مریض مع والدہ لکھ کر گلاب کے عرق کی بوتل میں ڈال کر پلایا جائے اللہ کے حکم سے بڑے سے بڑے جادو کا خاتمہ ہوگا۔ پھر ان دونوں نقوش کو ایک سفید کاغذ پر لکھے پہلے اسماء الٰہی کا نقش زعفران سے لکھے اور نیچے نام مریض مع والدہ لکھے اور اسی کے پیچھے اسماء مبارکہ حضور نبی کریم ﷺ کا نقش تحریر کرے بفضل خدا جادو ٹوٹ کر چور ہو جائیگا ان نقوش کی افضلیت و کاملیت میری اپنی آزمائی ہوئی ہے اگر کسی دکان کی

Scanned with CamScanner

بندش ہوگئی ہو اُن دونوں نقوش کو سفید کاغذ پر علیحدہ علیحدہ زعفران سے لکھے اور دونوں نقوش کو دکان میں ایک دوسرے کے سامنے فریم کروا کر لگائے اور ان تمام اسماء کو دکان پر بیٹھ کر پڑھے اگر کسی گھر میں جادو ٹونہ سایہ آسیب یا جناتی اثرات پائے جاتے ہونگے تو ان نقوش کو چوکھٹ کے اوپر پہلے لگایا جائے اور دوسرے کو اس کے نیچے اور ان اسماء کو سوا لاکھ کی تعداد میں گھر میں ختم کی شکل میں پڑھوایا جائے اللہ کے فضل سے گھر و دکان کا سکون پھر سے بحال ہوگا۔ اور جس بھی نوعیت کا جادو یا بدعمل کیا ہوگا۔ اس کے اثرات باطل ہونگے اگر کسی عورت کی بذریعہ جادو اولاد بندی کر دی گئی ہو تو ان نقوش کو ایک دوسرے کے پیچھے زعفران سے لکھا جائے اور اسے گلے میں باندھا جائے اور اسماء الہیٰ کا کثرت سے ورد کر کے شیشے کے گلاس میں پانی بھر کر رکھا جائے اور آخر میں دم کر کے پی لیا جائے اللہ کے فضل سے اولاد بندی کا جو بھی بدعمل کیا ہوگا اس کا خاتمہ ضرور بر ضرور ہوگا۔ اور اللہ رب العزت ضرور اولاد جیسی نعمت سے نوازے گا انشاء اللہ اگر کسی عورت کے بچے زندہ نہ بچتے ہوں تو ان دونوں نقوش یعنی اسماء الہیٰ والا اور سرکار دو عالم کے نام مبارک والا نقش ایک سفید کاغذ پر زعفران سے آگے پیچھے لکھا جائے اور اس عورت کے گلے میں باندھا جائے اور نام اسم اعظم ذات (اللہ ھو) کو روزانہ اکیس دنوں تک چینی کی پلیٹ پر زعفران سے لکھ کر گلاب کے عرق سے دھو کر پئے اولاد بندی اور جتنے بھی اولاد بند کرنے سے اعمال میں ان سب کا بیک وقت خاتمہ ہوگا۔ اور اللہ تعالیٰ اولاد بخشے گا۔ اور پیدا ہونے والا بچے خاص اللہ کی حفظ و امان میں رہیگا۔ اور زندہ رہیگا ماں و بچہ دونوں ہی سلامت رہیں گے اس کے علاوہ اس نقش کو ہر قسم کے جادو کو باطل کرنے کی غرض سے زعفران سے لکھ کر استعمال کیا جا سکتا ہے

ھو اللہ الذی لا الہ الا ھو

الرحمن	الرحیم	الملک	القدوس	السلام
المومن	المھیمن	العزیز	الجبار	المتکبر
الخالق	الباری	المصور	الغفار	القھار
الوھاب	الرزاق	الفتاح	العلیم	القابض
الباسط	الخافض	الرافع	المعز	المذل
السمیع	البصیر	الحکم	العدل	اللطیف
الخبیر	الحلیم	العظیم	الغفور	الشکور
العلی	الکبیر	الحفیظ	المقیت	الحسیب
الجلیل	الکریم	الرقیب	المجیب	الواسع
الحکیم	الودود	المجید	الباعث	الشھید
الحق	الوکیل	القوی	المتین	الولی
الحمید	المحصی	المبدی	المعید	المحی
الممیت	الحی	القیوم	الواجد	الماجد
الواحد	الاحد	الصمد	القادر	المقتدر
المقدم	الموخر	الاول	الاخر	الظاھر
الباطن	الوالی	المتعالی	البر	التواب
المنعم	المنتقم	العفو	الرء وف	مالک الملک
ذوالجلال	والاکرام	الرب	المقسط	الجامع
الغنی	المغنی	المعطی	المانع	الضار
النافع	النور	الھادی	البدیع	الباقی
	الوارث	الرشید	الصبور	

Scanned with CamScanner

نقوش اسماء الٰہی سے عمل الشفاء

یہ تمام نقوش خاص طور سے جادو کے توڑ اور مریض کو سوفیصدی شفاء پہنچانے کیلئے درج کئے گئے ہیں یہ بہت زبردست قسم کا پچیس دنوں کا عمل ہے جس کی بدولت بڑے سے بڑا جادو ٹوٹ جاتا ہے اور مریض آئندہ کیلئے جادو جیسے قبیح عمل سے محفوظ رہتا ہے اس عمل کا بھی بارہا مرتبہ تجربہ کیا گیا ہے۔ اور سوفیصد نتائج حاصل ہوئے اس لئے اگر کوئی مریض بہت ہی پرانے جادو سحر میں مبتلا ہو تو اس عمل کو کرے اللہ کے فضل سے اللہ ضرور شفاء بخشے گا محنت اور لگن کے ساتھ اس عمل کو ضرور کرنا ہوگا۔ جس میں اعتقاد کی درستگی و پختگی شرط اول ہوگی عمل کرنے والا پانچ وقت کا نمازی ہو تو اس عمل کو چار چاند لگا دیگا اس عمل کو شروع کرنے سے پہلے بدبودار اشیاء کا ترک کردے اور پھر کسی تاریخ کی جمعرات سے اس عمل کا آغاز کردے روزانہ چار چینی کی پلیٹوں پر لکھے گئے نقوش کو زعفران سے علیحدہ علیحدہ چار پلیٹوں پر لکھے اور سب سے آخر میں نام مریض مع والدہ لکھے اور گلاب کے عرق سے دھوکر اسی وقت پے عمل کو بوقت صبح سورج طلوع کے کیا جائے روزانہ چار نقش لکھے جیسے آگے بتائیں جائیں گے اور سب سے آخر میں جس نقش اسماء الٰہی کو پہلے لکھا گیا ہے اور جو نقش اسماء مبارکہ حضور نبی کریم ﷺ کا ہے اسے سب سے آخری دن بتائے گئے طریقے کے مطابق زعفران سے سفید کاغذ پر لکھے اور مریض کے گلے میں باندھے اللہ کے حکم سے عام سے عام اور بڑے سے بڑے جادو کا بیک وقت خاتمہ ہوگا۔ مریض پر گاہے بگاہے اسماء الٰہی کو پڑھ پر دم بھی کرنا چاہئے اس عمل کی بدولت اگر کسی عورت کی اولاد باندھ دی گئی ہو کسی فرد کو عہدے سے معزول کردیا ہو گھر میں نا اتفاقی اور بدسلوکی پھیلائی ہو یا کوئی کام جادو کی بنیاد پر کیا گیا ہو تو اس عمل مبارک کی بدولت اللہ کے فضل وکرم سے بالکل ٹھیک ہوجاتا ہے۔ اور شفائے کاملہ ضرور حاصل ہوتی ہے۔ اگر ان تمام نقوش کو ایک بڑے سے سفید کاغذ پر زعفران سے تحریر کرکے دکان میں ایسی جگہ لگایا جائے جہاں تمام گاہکوں کی نظر پڑے تو دکان زیادہ سے زیادہ چلے گی اور غیب سے رزق مہیا ہوگا۔ اگر کوئی اسی طریقہ کار کے مطابق اسکو لکھ کر اپنے گھر کی چوکھٹ کے اوپر لگائے تو گھر ہر قسم کی قباحتوں سے محفوظ رہیگا۔ اگر کوئی اپنے گلے میں باعث برکت کیلئے ان نقوش کو باندھے گا تو اللہ کے فضل سے ترقیوں کی طرف گامزن ہوگا۔ اور جو کوئی بھی رکاوٹیں ہونگی ان کا خاتمہ ہوگا۔ یہ اپنی نوعیت کا نہایت ہی زبردست عمل ہے جس سے کسی بھی میعادی جادو کا توڑ کیا جاسکتا ہے اور جادو اس عمل کے آگے ہرگز ٹھہر نہیں سکتا کیونکہ اصول وطریقہ جس کام میں ہوگا وہ کام اتنی ہی جلدی اور دیرپا ہوگا اور اللہ کی کلام سے کئے ہوئے کاموں میں اللہ کی رحمت غالب ہوتی ہے۔











لا اله الا الله
سبحان المومن

لا اله الا الله
سبحان المهيمن

لا اله الا الله
سبحان الرحمن

لا اله الا الله
سبحان العزيز

لا اله الا الله
سبحان الجبار

لا اله الا الله
سبحان المتكبر

لا اله الا الله
سبحان الخالق

لا اله الا الله
سبحان البارى

لا اله الا الله
سبحان المصور

لا اله الا الله
سبحان الغفار

Scanned with CamScanner

لا الہ الا اللہ
سبحان القہار

لا الہ الا اللہ
سبحان الوہاب

لا الہ الا اللہ
سبحان الرزاق

لا الہ الا اللہ
سبحان الفتاح

لا الہ الا اللہ
سبحان العلیم

لا الہ الا اللہ
سبحان القابض

لا الہ الا اللہ
سبحان الباسط

لا الہ الا اللہ
سبحان الخافض

لا الہ الا اللہ
سبحان الرافع

لا الہ الا اللہ
سبحان المعز

Scanned with CamScanner


لا اله الا الله
سبحان المذل


لا اله الا الله
سبحان السميع


لا اله الا الله
سبحان البصير


لا اله الا الله
سبحان الحكم


لا اله الا الله
سبحان العدل


لا اله الا الله
سبحان اللطيف


لا اله الا الله
سبحان الخبير


لا اله الا الله
سبحان الحليم


لا اله الا الله
سبحان العظيم


لا اله الا الله
سبحان الغفور

لا اله الا الله
سبحان الشکور

لا اله الا الله
سبحان العلی

لا اله الا الله
سبحان الکبیر

لا اله الا الله
سبحان الحفیظ

لا اله الا الله
سبحان المقیت

لا اله الا الله
سبحان الحسیب

لا اله الا الله
سبحان الجلیل

لا اله الا الله
سبحان الکریم

لا اله الا الله
سبحان الرقیب

لا اله الا الله
سبحان المجیب

Scanned with CamScanner





Scanned with CamScanner

لا اله الا الله
سبحان الولی

لا اله الا الله
سبحان الحمید

لا اله الا الله
سبحان المحصی

لا اله الا الله
سبحان المبدی

لا اله الا الله
سبحان المعید

لا اله الا الله
سبحان المحصی

لا اله الا الله
سبحان الممیت

لا اله الا الله
سبحان الحی

لا اله الا الله
سبحان القیوم

لا اله الا الله
سبحان الواجد

Scanned with CamScanner

لا اله الا الله
سبحان الماجد

لا اله الا الله
سبحان الواحد

لا اله الا الله
سبحان الاحد

لا اله الا الله
سبحان الصمد

لا اله الا الله
سبحان القادر

لا اله الا الله
سبحان المقتدر

لا اله الا الله
سبحان المقدم

لا اله الا الله
سبحان الموخر

لا اله الا الله
سبحان الاول

لا اله الا الله
سبحان الاخر

Scanned with CamScanner

لا اله الا الله
سبحان الظاهر

لا اله الا الله
سبحان الباطن

لا اله الا الله
سبحان الوالی

لا اله الا الله
سبحان المتعالی

لا اله الا الله
سبحان البر

لا اله الا الله
سبحان التواب

لا اله الا الله
سبحان العفو

لا اله الا الله
سبحان الرءوف

لا اله الا الله
سبحان الملک

لا اله الا الله
سبحان الملک

Scanned with CamScanner

لا اله الا الله
سبحان الذوالجلال

لا اله الا الله
سبحان الاکرام

لا اله الا الله
سبحان المقسط

لا اله الا الله
سبحان الجامع

لا اله الا الله
سبحان الغنی

لا اله الا الله
سبحان المغنی

لا اله الا الله
سبحان المانع

لا اله الا الله
سبحان الضار

لا اله الا الله
سبحان النافع

لا اله الا الله
سبحان النور

Scanned with CamScanner

لا اله الا الله
سبحان الهادی

لا اله الا الله
سبحان البدیع

لا اله الا الله
سبحان الباقی

لا اله الا الله
سبحان الوارث

لا اله الا الله
سبحان الرشید

لا اله الا الله
سبحان الصبور

روحانیت پر لکھی لازوال کتب

پرانی نادر و نایاب کئی سو سال پرانی کتب اصل زبانوں میں اردو ترجمے کے ساتھ تیار ہو رہی ہیں۔ جن کو دیکھ کر انسان کی حیرت گم ہوتی ہے۔ان کتب میں عملیات و نقوش اور اس سے متعلقہ اعمال لاکھوں روپے کے ہیں۔ جس کی آج کے دور میں ہر عامل اور عملیات کے نقطہ نظر سے کامیاب ہونے والے ان تمام نسخہ جات کو حرف با حرف بالکل ٹھیک اور مکمل صحت کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔ جس جس زبان کا ترجمہ کروایا گیا ہے۔ اس زبان کے ساتھ اردو بھی لکھی ہے۔ کوئی بھی ان کتب کے اعمال پر عمل کر کے بھرپور اور زبردست قسم کا عامل بن سکتا ہے اور کوئی عام انسان صرف لکھے جانے والے اعمال و نقوش اور اس کے بتائے جانے والے طریقہ کار پر عمل کر کے دنیا کے کسی بھی میدان میں سو فیصد کامیاب ہو سکتا ہے۔ ان کتب کے مصنف اب اس دنیا میں نہیں رہے لیکن ان کو خصوصی طور سے پیر السید علی حسین شاہ نے تیار کیا ہے۔

Scanned with CamScanner

دولہا دلہن کی آپس میں نفرت ختم

ایک قسم کا ایسا جادو اور بدعمل ہوتا ہے جس سے نو بیاہتا جوڑا ایک دوسرے سے نفرت کرنے لگ جاتا ہے۔ جس سے ان کی کسی بھی ناراضگی کا کوئی پتہ نہیں چلتا اس جادو کو انہی کے خاندان والے کرواتے ہیں جس سے یا تو لڑکی والوں سے کوئی رنجش ہوتی ہے یا لڑکے کی طرف سے دونوں طرف سے معاملہ رشتہ طے نہ کرنے کی بنیاد پر اس قسم کا جادو یا بدعمل کیا جاتا ہے اور ایک استرے کی دھار پر طلسمات لکھ کر ہوائی چیزوں کے ذریعے ان کی گزرگاہ میں دفن کر دیا جاتا ہے اور جیسے جیسے دونوں اوپر سے گذرتے ہیں ان کے درمیان نفرت پھیلنا شروع ہو جاتی ہے۔ اس کے کامل علاج کیلئے ایک عدد نیا استرا لایا جائے اور اس پر کسی بھی روشنائی سے دونوں میاں بیوی اپنا نام مع والدہ لکھیں اور ان حروف و اعداد کو بھی لکھیں۔ (١ ٢ ٣ ١ ٦ ٥ ١ ٤ ١ ٥ ٣ ٤ ١ ٤ ١ ١ ٢ ٦ ٥ ٨ ٢ ٧ ٦ ٥ ٣ ٤ ١ ٣ ١ ٢ ٣ ١ ٦ **رد کائوو سھھبیل شد وائور کھھبائیل**) اس استرے کو دریا سے لائے ہوئے پانی میں ڈال کر روزانہ تازے پانی میں اتنا مقدار لیں جو تین دنوں کے اندر ختم ہو جائے اسی پانی سے روزانہ غسل کیا جائے اور نماز ضرور پڑھیں پھر انہی حروف و اعداد کو کالی سیاہی سے سفید کاغذ پر لکھ کر میاں اپنے سیدھے بازو پر باندھے اور بیوی اپنے الٹے بازو پر اور پھر سادے پانی میں گھول کر اس کا پانی پیا جائے پینے والے عمل کو اکیس دنوں تک کیا جائے اس عمل کی بدولت ان کا آپس میں اتفاق قائم ہوگا۔ اور آپس میں نفرت پھیلانے والا عمل جس کسی نے بھی کیا ہوگا۔ اس کا خاتمہ ہوگا۔ اس عمل کی بدولت ان کے درمیان کسی بھی قسم کی کوئی ایسی بات نہیں ہوگی۔ جس سے کوئی جھگڑا یا فساد جنم لیتا ہو گھر دوبارہ سے بس جائیگا۔

شادی شدہ عورت ہم بستری سے نفرت کرے

عملیات میں اس قسم کا جادو یا عمل بھی ہوتا ہے جس سے شادی شدہ عورت اچانک ہی ہم بستری سے نفرت کرنے لگ جاتی ہے۔ اس کی کوئی صحیح وجہ سامنے نہیں آتی اگر کوئی خاتون اس عمل سے مغلوب ہو تو وہ رات کو روزانہ سورۃ یسین شریف کو مبین در مبین گیارہ مرتبہ پڑھے اور پاس شیشے کے گلاس میں سادہ پانی ضرور رکھے اور جب گیارہ مرتبہ پڑھنے کی تعداد پوری ہو جائے تو اس پانی پر دم کر کے پی لیا کرے اور اس عمل کو گیارہ دنوں تک کرے بارہویں دن سورۃ یسین شریف کو پاک وصاف سفید کاغذ پر بغیر اعراب کے لکھے اور اس کے نیچے اپنا نام مع والدہ لکھے اور اسے کسی دھات جیسے سونے چاندی یا سونے کے پترے میں بند کروا کر اپنے گلے میں باندھے پھر اس طلسم کو نیلی سیاہی سے کاغذ پر لکھے اور اس گلاب کے عرق میں ڈال کر اس کا پانی پیئے اللہ کے فضل سے عورت دوبارہ سے اپنے خاوند کی طرف متوجہ ہوگی اور جس بنیاد پر اس قسم کا عمل کیا ہوگا اس کا اثر باطل ہوگا۔ اس عمل کو صرف ایسے افراد کریں جو واقعی میاں بیوی ہوں تاکہ ایسے افراد اس عمل کو کرنا شروع کر دیں جو میاں بیوی نہ ہوں اور کسی غیر عورت سے اپنی خواہش پوری کرنے کیلئے اس عمل کو کریں اس بات کو یاد رکھیں کہ جو افراد اس قسم کی سوچ بھی رکھیں تو وہ اپنے دوسرے دنیاوی کاموں میں خود ہی رکاوٹ کا موجب بنیں گے اس لئے ازدواجی زندگی سے منسلک افراد اس عمل کو اس صورت میں کریں جب کہ بات واضح ہو جائے کہ جادو ہی ہے۔

امعفحح | ا ا ا ا ا م م م م م | امعفحح

ع ع ع ع ع ف ف ف ف ف

امعفحح | ح ح ح ح ح ح ح ح ح | امعفحح

گھر میں بلاوجہ لڑائی جھگڑے کا رہنا

بعض اوقات اپنے رشتہ داروں میں سے کوئی اس قسم کا علم یا جادو کروا دیتا ہے کہ ان کے گھر کا سکون زیادہ سے زیادہ برباد ہو اور جب یہی عمل چل پڑتا ہے تو گھر کا ایک فرد دوسرے کا دشمن بن جاتا ہے جس سے چھوٹی چھوٹی باتیں بڑی بن جاتی ہیں اور اگر اس کی کوئی روک تھام نہ کی جائے تو نتیجہ ہلاکت یا کسی اور صورت میں بھی نکل سکتا ہے۔ بہن بھائیوں کی آپس میں نہیں بنتی اور ایک کا دشمن ایک بن جاتا ہے اس عمل کا زیادہ اثر یا دکھ جو کوئی کرنے والا ہوتا ہے وہ ان کی والدہ ہی ہوتی ہے جو سوچ سوچ کر ہر وقت ڈرتی رہتی ہے کہ نہ جانے اب کیا ہوگا؟ ایسے عمل کو توڑنے کیلئے اور گھر میں سکون و اتفاق سے رہنے کیلئے ایک سفید کبوتر کو بروز جمعرات لایا جائے اور اسے ذبح کر کے اس کے خون سے اس لکھی ہوئی عزیمت کو سفید کاغذ پر لکھا جائے اور اسے فریم کروا کر اپنے گھر کی چوکھٹ کے اوپر لگایا جائے اللہ کے حکم سے گھر میں امن و امان قائم ہوگا۔ اور اولاد لڑنے کی بجائے اتفاق سے رہے گی۔ پھر کچھ مقدار میں چینی لا کر اس پر چاروں قل شریف کو تسبیح کے ایک دانے پر شمار کیا جائے اس حساب سے انکی تعداد چار سو بن جائیگی۔ اگر چینی ختم ہو جائے تو پھر سے نئی چینی لا کر اس پر یہی عمل کر کے کیا جائے اللہ کے فضل سے فتنہ و فساد کا خاتمہ ہوگا۔ کبوتر کے خون سے لکھنے والے کلمات یہ ہیں۔ اس عمل کے بعد پاؤ مصری ثابت یعنی ٹکڑے نہ کئے ہوں اس پر سو مرتبہ سورۃ الفاتحہ، سو مرتبہ سورۃ الناس، سورۃ الفلق کو پڑھ کر دم کیا جائے اور کسی کھرل میں ڈال کر اپنے مقصد کا مکمل تصور باندھ کر اسے پیستے جائیں پھر اس سے حلوا بنا کر سب کو کھلایا جائے۔ اس عمل کو ہر وہ ایسا گھرانہ کرے جن کے گھر میں ہر وقت بلاوجہ یا کسی وجہ سے لڑائی جھگڑا ہوتا ہو۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پیش محمد پس علی دست و راست امام حسن دست چپ امام حسین کلید دائود قفل سلیمان پیغمبر نگھبان پاک ذات۔ فلان بن فلان یا فلان بنت فلان۔ ناد علیا مظهر العجائب تجده عونا لك فی النوائب کل هم و غم سینجلی بعظمتك یا الله و بنبوتك یا رسول الله و بولایتك یا علی یا علی یا علی۔ وبحق کفاك ربك کم یکفیك واکفة کفکا فها ککمین کان من کلکا تکر کرا ککرا الکر فی کبر تجلی مشکبشة کلکلك کلکا کفاك ما بی کفاك الکاف کربته یا کوکبا کنت تحکی کوکب الفلکا وبحق الله الذی خلق السموات والارض وانزل من السماء ماء فاخرج به من الثمرات رزقا لکم وسخر لکم الفلك لتجری فی البحر بامره وسخر لکم الانهر وسخر لکم الشمس والقمر دائبین وسخر لکم الیل والنهار واتکم من کل ما سالتمو۔ فلان بن فلان سے جادو، ٹونہ، سحر، آسیب، آفات اور دیگر جمیع نقصان دہ مخلوقات سے محفوظ ہو۔

جس مرد کو تابع کرنے کیلئے پلیدی پلائی ہو

اکثر دیکھنے میں آیا ہے کہ بعض خواتین اپنے خاوند کو اپنے قابو میں کرنے کیلئے انہیں اپنے حیض ونفاس والے کپڑے کا پانی پلاتی ہیں جس سے ان کا خاوند بعض اوقات تو تابعدار بن جاتا ہے لیکن بعض صورتوں میں ایسا نہیں ہوتا اور وہ مرد نا انجانی بیماریوں کا شکار بن جاتا ہے۔ جس سے اس عورت کو بھی بہت دکھ ہوتا ہے کہ اس نے ایسا کیوں کیا؟ لہذا اس کیفیت سے جان چھڑوانے اور مرد کو دوبارہ صحتمند بنانے کیلئے اس نقش کو زعفران سے لکھا جائے اور کو مرد کے گلے میں باندھا جائے اور دوسرے کو سات دنوں تک روزانہ صبح نہار منہ چینی کی پلیٹ پر زعفران سے لکھے اور گلاب کے عرق سے دھو کر پلائے اللہ کے فضل سے پلیدی کا خاتمہ ہوگا۔ اور مرد دوبارہ ایسا سلوک نہیں کریگا جس سے اس عمل کو کرنے کی کوئی حاجت ہو پھر کتاب میں لکھا گیا نقش اسم الٰہی، والا اور حضور نبی کریم ﷺ کے نام مبارک والا ایک ہی کاغذ کے آگے پیچھے لکھ کر اسے فریم میں محفوظ کروا کر لگایا جائے اور اگر خاوند ان چیزوں کو نہ مانتا ہو تو اس نقش کو اس کے تکیے کے نیچے رکھ دیا جائے ہر لحاظ سے کھلائی و پلائی پلیدی کا خاتمہ ہوگا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وننزل	من القرآن	ماهو
من القرآن	ماهو	شفاء
ماهو	شفاء	ورحمة
شفاء	ورحمة	للمومنين

وننزل من القرآن ما هو شفاء و رحمة للمومنين۔

جس مرد نے عورت کو تابعدار بنانے کیلئے پلیدی پلائی ہو

اگر کوئی مرد اپنی عورت کو تابعدار بنانے کیلئے ایسے طریقہ کار کو اپناتا ہو جس سے اس کا مقصد اپنی عورت یا کسی غیر عورت کو تابعدار بنانے سے ہو اور وہ اعمال پلیدی پر مبنی کرتا ہو جس سے اس کا مقصد نہ پورا ہوتا ہو اور وہ عورت کسی تکلیف میں مبتلا ہو جائے تو اس کے علاج کیلئے اس نقش کو زعفران سے دو عدد لکھے ایک کو وہ عورت اپنے گلے میں باندھے اور دوسرے کو کسی چینی کی پلیٹ پر زعفران سے لکھ کر روزانہ نہار منہ پیئے اللہ کے فضل سے اس عورت کے اندر جس بھی قسم کی کوئی پلیدی یا نجس چیز ہوگی اس کا خاتمہ ہوگا۔ اور وہ عورت دوبارہ تندرست ہوگی۔ اس عمل کو کر لینے کے بعد عورت اپنے نام کے حروف نکال کر تعداد کے مطابق یا بعد نماز عشاء کھلا پڑھے پڑھنے کی کوئی قید نہیں ہوگی۔ بس پڑھنے کے بعد پانی پر دم کر کے پیئے۔ (امنت باللہ وملیکته وکتبه ورسوله والیوم الاخر والقدر خیرہ و شرہ من اللہ تعالیٰ والبعث بعد الموت لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ) کا کثرت سے ورد کرے اور نقش والے پانی پر اس کو دم کرے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

هو الطاهر	هو الطاهر	هو الطاهر	هو الطاهر
هو الطاهر	هو الطاهر	هو الطاهر	هو الطاهر
هو الطاهر	هو الطاهر	هو الطاهر	هو الطاهر
هو الطاهر	هو الطاهر	هو الطاهر	هو الطاهر

Scanned with CamScanner

تمام گھر والوں کو قابو میں کرنے کیلئے پلیدی پلائی گئی ہو

بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے جس سے تمام گھر کے افراد دن بدن بیمار اور اذیتوں میں مبتلا ہونا شروع ہو جاتے ہیں اس بات کی کوئی صحیح وجہ سامنے نہیں آتی ایسا ان کے کوئی عزیز یا رشتہ دار کرواتے ہیں۔ جن پر ان کو پورا بھروسہ ویقین ہوتا ہے اگر ان کو ان سے کسی بھی قسم کا کوئی مفاد ہو اور انکاری کی صورت بھی بن رہی ہو تو وہ اپنے مقصد کو کامیاب بنانے کیلئے ایسے عاملین سے پوچھ کر ایسا عمل بھی کروا دیتے ہیں جس سے اس عامل کی تابع چیزیں گھر کے کھانے والی اشیاء میں پلیدی خود ہی ڈال دیتی ہیں اور جو کوئی بھی اس میں سے کھاتا یا پیتا ہے تو اس پر اس عمل کا مکمل اثر ہو جاتا ہے اور نتیجے کے طور پر جو بھی سامنے آتا ہے اس سے تمام افراد مطیع بھی ہو جاتے ہیں اس عمل کو توڑنے کیلئے اس نقش کو اتنی تعداد میں لکھا جائے جتنے گھر کے کمرے ہوں پھر ہر نقش کو زعفران سے لکھ کر کمرے کے چاروں کونوں پر لٹکائے اور دوسرے نقش کو زعفران سے چینی کی پلیٹ پر لکھے اور روزانہ صبح نہار منہ گلاب کا عرق ڈال کر گھر کے تمام افراد پئیں ان پر ایسے عمل کا اثر ختم ہوگا۔ جس سے یہ کئی قسم کی تکالیف میں مبتلا ہونگے۔ اس عمل کو ایسی دکان پر بھی کیا جا سکتا ہے جس پر بہت سخت بندش کی گئی ہو اگر اس عمل کو واقعی کیا گیا تو یہ بات کھل کر سامنے آتی ہے کہ گھر میں سے پہلے ہلکی ہلکی اور پھر تیز بدبو آتی رہتی ہے جو سونگھنے پر عجیب سی معلوم ہوتی ہے یہی اس عمل کی نشانی بھی ہوتی ہے اس لئے بتائے طریقہ کار کے مطابق اس عمل کو کیا جائے عمل کرنے والے کا باوضو حالت میں رہنا شرط اول ہے۔

چاروں کونوں میں لگانے والا نقش

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ونزل من القرآن ما ھو شفاء ورحمۃ للمومنین۔

پلیٹ پر لکھ کر پینے والا نقش

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لا الہ الا اللہ محمد	لا الہ الا اللہ	لا الہ الا اللہ	لا الہ الا اللہ
رسول اللہ	رسول اللہ	رسول اللہ	رسول اللہ
لا الہ الا اللہ محمد	لا الہ الا اللہ محمد	لا الہ الا اللہ محمد	لا الہ الا اللہ محمد
رسول اللہ	رسول اللہ	رسول اللہ	رسول اللہ
لا الہ الا اللہ محمد	لا الہ الا اللہ محمد	لا الہ الا اللہ محمد	لا الہ الا اللہ محمد
رسول اللہ	رسول اللہ	رسول اللہ	رسول اللہ
لا الہ الا اللہ محمد	لا الہ الا اللہ محمد	لا الہ الا اللہ محمد	لا الہ الا اللہ محمد
رسول اللہ	رسول اللہ	رسول اللہ	رسول اللہ

ونزل من القرآن ما ھو شفاء ورحمۃ للمومنین۔

Scanned with CamScanner

جادو کے ذریعے پلیدی والے عمل کے اثرات

بعض حالت میں ایسا بھی ہوتا ہے جس سے مریض کا دل ہر برا کام کرنے کو کرتا ہے اور وہ کثرت سے ایسے کاموں کی طرف راغب رہتا ہے۔ جس سے دوسرے افراد تعجب اور حیرت ظاہر کرتے ہوئے اس سے نفرت کرنے لگ جاتے ہیں لیکن اس بات کو قطعی نہیں سمجھتے کہ اسے کیا ہوا ہے ایسا جادو بھی ہوتا ہے۔ جس سے پلیدی کی جگہ پر رہنے والی مخلوق اپنے عامل کے ماتحت اور اس کے حکم کے مطابق اس فرد کے جسم کے اندر گھس جاتی ہے اور جو اس مخلوق کا کام ہوتا ہے وہ اس فرد سے لیتی ہے اور یہ سلسلہ تب تک چلتا رہتا ہے جب تک وہ عامل اس مریض کی جان نہ چھوڑ دے یا اس مریض کا علاج نہ کیا جائے جس سے وہ مخلوق تنگ ہو کر اس مریض کی جان چھوڑ دے یا اس کے مکمل دفعیہ کیلئے چاندی کے چار کیل اس طریقے سے بنوائے جائیں کہ وہ اندر سے خالی رہیں اور باہر ان پر کوئی بھی عبارت صحیح طور سے لکھی جائے پھر پہلے کیل پر چھوٹے چھوٹے حروف میں پہلا قل شریف دوسرے پر دوسرا تیسرے پر تیسرا اور چوتھے پر چوتھا قل شریف لکھا جائے اور انہیں پانی میں ڈال کر اس کا پانی مریض کو پلایا جائے اور گھر کے تمام افراد چاروں قل شریف زعفران سے پاک وسفید کاغذ پر لکھ کر اپنے گلے میں باندھیں اللہ کے فضل سے جسم میں گھسی ہوئی پلیدی کا خاتمہ ہوگا۔

ب س م ا ل ل ہ ا ل ر ح م ن ا ل ر ح ی م

ق ل ا ع و ذ ب ر ب ا ل ن ا س م ل ک ا ل ن ا س ا ل
ہ ا ل ن ا س م ن ش ر ا ل و س و ا س ا ل خ ن ا س ا
ل ذ ی ی و س و س ف ی ص د و ر ا ل ن ا س م ن ا
ل ج ن ۃ و ا ل ن ا س۔

نا انجانی پلیدی کا خاتمہ

بعض مرتبہ ایسا بھی ہوتا ہے جس سے مریض کسی نا انجانی بیماری میں مبتلا ہو جاتا ہے اور مرض کی صحیح نشاندہی نہیں ہوتی لیکن مریض کی حرکات وسکنات سے اس بات کا اندازہ ضرور ہوتا ہے جس سے وہ ایسی کسی بیماری میں مبتلا ہے جو نفسانی خواہشات کو بڑھانے میں مدد دیتی ہے اور اللہ کی کلام سن کر غصہ ابھرتا ہے یہ علم بھی پلید قسم کا ہوتا ہے جس سے اس عمل کا عامل مریض کو اس مصیبت یا بیماری میں مبتلا کر سکتا ہے اس لئے اگر کوئی ایسا فرد ہو اور اسے اپنی نفسانی خواہشات پر شک گذرنے لگ جائے کہ ایسا پہلے نہیں ہوتا تھا اور نہ ہی پہلے ایسا ہونا چاہئے تھا لیکن ایسا ہو رہا ہے تو سفید کبوتر کو بروز اتوار بوقت صبح سورج طلوع کے ذبح کرے اور اس کے خون سے اس نقش کو لکھے اور اسے اپنے سیدھے بازو دل کے مقام یا اپنے گلے میں اتنی لمبی ڈوری میں پہنے جو ناف کے اوپر رہے اور نماز کی سختی سے پابندی کرے اور روز کا ایک سپارہ ضرور پڑھے اللہ کے حکم سے شفاء ضرور ہوگی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللہ پاک ہے	اللہ بے عیب ہے	اللہ ظاہر کو جانتا ہے	اللہ باطن کو جانتا ہے
هوالقاهر والطاهر	هوالطاهر والقاهر	هوالقاهر والطاهر	هوالطاهر والقاهر
هوالقوی والعلی	هوالعلی والقوی	هوالقوی والعلی	هوالعلی والقوی
لا اله	الا الله	محمد رسول	الله

بذریعہ جادو دل و دماغ پلیدی کی طرف مائل ہونا

بعض حالت میں جادو کے زور پر ایسے عملیات بھی کیے جاتے ہیں جس سے مریض کا دل زیادہ سے زیادہ فحش کاموں اور شہوت پسندی پر مبنی ہوتا ہے اور اس کا دل ہر وقت صحبت کرنے کو کرتا رہتا ہے صحبت کرنے کیلئے اپنی شریک حیات کو لازمی نہیں سمجھا جاتا بلکہ ایسے طریقہ کار کو جادو کی بدولت نکالا جاتا ہے جس سے دوسرے افراد گھبراتے ہیں اور دین اسلام میں ایسی شہوت پسندی کا نام زنا ہے۔ لیکن وہ مریض یا شخص اس نوعیت کے جادو سے مغلوب ہوتے ہوئے اس بات کی پرواہ کئے بغیر کثرت سے ایسے کاموں کی طرف خود مائل ہوتا ہے جس سے کسی کی بھی کوئی نصیحت اپنا اثر نہیں دکھاتی اسی طرح سے بعض اوقات اسی نوعیت کے جادو سے مغلوب ہوتے ہوئے ایسی حرکات کو اپنا لیتی ہے جس سے اوپر والی کیفیت کو ظاہر کیا گیا ہے ایسی خاتون کا دل کرتا ہے کہ وہ اپنے پہنے ہوئے کپڑوں کے اندر پیشاب کردے یا اپنے تن کے کپڑے بھی اتار دے جس سے دوسرے اسے دیکھیں اور اس کے نفس کو ایسا سکون ملے ایسی کیفیت میں مریض کا خود پر کسی بھی قسم کا کوئی اختیار نہیں رہتا بس جس طرح سفلی علم کے ماہر نے ایسا کیا ہوتا ہے اس کا اثر اس کے پورے وجود میں گھس کرنا چتا ہے جس سے دوسرے افراد نصیحت حاصل کرتے ہیں اور اگر اس کیفیت والے مریض کا بروقت صحیح علاج نہ کیا جائے تو مریض ہلاک کم اور پاگل زیادہ ہو جاتا ہے۔ اور ایسا علم اپنی کیفیت کو پورا کر کے ختم ہو جاتا ہے جس کا صرف ایک ہی علاج پیر کامل بن جاتا ہے جس کی اس دور میں کثرت سے ضرورت ہے۔ مریض کے خون سے اس نقش کو سفید کاغذ پر لکھا جائے ایک کو مریض کے سامنے لگایا جائے اور پانی میں بھی پلایا جائے۔

۹۷	۹۹	۹۲	۳۸۶	۶۶
لا الہ	الا اللہ	محمد	رسول	اللہ
۲۹۳	۶۳	۶۵	۱۰۶	۹۰
۱۰۳	۹۸	۹۳	۹۲	۶۳
۶۰	۶۱	۱۰۲	۹۶	۳۰۰
۹۳	۲۰۸	۶۸	۵۹	۱۰۰

روحانیت کا عجیب و غریب چراغ

چراغ جلانے کے آداب اور شرائط جو افراد کتاب میں اس عمل کو کرنا چاہتے ہوں وہ ان ہدایات کو ضرور یاد رکھیں اور اس کے مطابق عمل کریں ورنہ بہت زبردست قسم کی رجعت میں گرفتار ہونے کا اندیشہ رہیگا اور کام بننے کی بجائے بگڑتے جائیں گے اس لئے اس عمل کو کرنے کیلئے ایک بالکل ہی علیحدہ کمرے کی شرط رکھی گئی ہے جہاں صرف پاک اور باوضو حالت والے افراد ہی داخل ہوسکیں گے۔ چراغ کو بروز جمعرات جلانے والا پاک وصاف ہونا چاہیے اور روزانہ اسی کمرے میں قرآن پاک کا ایک سپارہ ضرور خوبصورت آواز اور قرات والے انداز میں پڑھا جائے جادو کے توڑ کے علاوہ اگر کوئی بھی جائز ضرورت ہو تو اسی چراغ کو جلا کر پہلے کم از کم بارہ نفل ادا کرے اور پھر اپنی حاجت کا کامل تصور باندھ کر قرآن پاک کی تلاوت شروع کی جائے اس عمل کی بدولت کام ہونے یا نہ ہونے کی صورت کا بھی کامل اشارہ مل جائیگا۔ اور اللہ کے فضل سے وہ جائز کام ضرور ہو جائیگا جس کو انسان کرنے کا ارادہ رکھتا ہوگا۔ اگر کسی کو سایہ آسیب ہو تو اسی چراغ میں سے تھوڑا سا تیل روزانہ نکال کر مریض کے سر کی مالش کی جائے اور رات کو سونے سے پہلے ایک ایک قطرہ دونوں کانوں میں ڈال لیا جائے مختصر یہی ہے کہ چراغ کو صرف جائز ضرورت کے وقت جلایا جائے اور پاک وصاف حالت میں جلایا جائے پاک وصاف انسان کو اللہ بھی بہت پسند کرتا ہے اور روح بھی تر و تازہ رہتی ہے جس کمرے میں اس چراغ کو جلایا جائے اللہ کی زیادہ سے زیادہ عبادت کی جائے اور اس کے علاوہ کوئی بھی فضول گوئی نہ کی جائے جوتیاں اس کمرے میں ہرگز اندر نہ لے کر جائی جائیں بلکہ اس کا اختمام باہر کسی جگہ پر

Scanned with CamScanner

کیا جائے اس عمل کے اندر بہت زبردست قسم کا استخارہ بھی ہے۔ اور کئی غیبی قسم کی امداد بھی اسی عمل کا حصہ ہیں بزرگان دین اور انبیاء علیہ السلام کی زیارات بھی اسی عمل کی بدولت سو فیصد ہو جاتی ہیں لیکن اس عمل کو یہاں بطور جادو سایہ ٹونہ اور ہر اس تکلیف کو رفا کرنے کیلئے درج کیا جا رہا ہے جس کا علاج آج کا انسان ڈھونڈ رہا ہے یہ اس قسم کا روحانی چراغ ہے جس کی بدولت بڑے سے بڑا جادو گھر میں داخل نہیں ہو سکتا اور اگر پہلے سے جادو ٹونے یا کسی آسیبی قوت کے زیر سایہ ہو تو اس کے جلانے سے اور بتائے گئے طریقہ کار کے مطابق استعمال کرنے سے بہت سے دینی و دنیاوی فوائد حاصل ہوتے ہیں۔ جو بظاہر اپنی آنکھوں سے نہیں دیکھے جا سکتے ان کو محسوس کیا جا سکتا ہے اور جادو جیسی قباحت اس کے سامنے ایک سیکنڈ بھی ٹھہر نہیں سکتی اس عمل کا عامل بھی بنا جا سکتا ہے جس کی بدولت بڑے سے بڑے جادو کا خاتمہ کیا جا سکے عامل بننے کا جو طریقہ کار ہے یہ مشکل تو ہے لیکن ناممکن نہیں پرہیز جلالی و جمالی اس عمل کی شرط اول ہے۔

اب جس طرح کی شکل اس چراغ کے پیندے پر بنائی گئی ہے بالکل اسی طرح تانبے کا چراغ بنوا کر یہ سب کچھ اس کے اندر لکھوایا جائے پھر اس چراغ کو نوچندی جمعرات سرسوں کا تیل ڈال کر جلائے اور جس کمرے میں اس چراغ کو رکھے وہاں کوئی بھی غیر ضروری سامان موجود نہ ہو اس عمل کی کل مدت اکتالیس یوم ہوگی اس دوران کسی بھی غیر عورت کو اپنے اس کمرے میں داخل نہ ہونے دیا جائے اور نہ ہی کسی بھی غیر مرد کو بلکہ اگر کوئی اندر آنے کی حاجت رکھتا ہو تو اسے سب سے پہلے وضو کروایا جائے اور خود بھی باوضو حالت میں اندر داخل ہو چراغ کو بعد نماز عشاء جلایا جائیگا۔ اور ایک عدد اگربتی کو سلگایا جائے دوران عمل یعنی پڑھنے کے دوران اگربتی بجھنی نہیں چاہئے بلکہ اس کے بجھنے سے پہلے دوسری نئی اگربتی کو جلا لیا جائے پھر ان کلمات کو چراغ جلا کر اور،

بتائے گئے طریقہ کار کے مطابق سوا لاکھ کی تعداد میں اکتالیس دنوں کے اندر پڑھے۔ (اللہ پنجتن پاک) اکتالیس دنوں کے اندر اس عمل کا عامل بن جائیگا پھر جس کسی بھی جادو گرفتہ فرد کو چراغ جلا کر چند مرتبہ ہی یہ کلمات پڑھے گا تو جس نوعیت کا جادو ہوگا اس کے متعلق صحیح معلوم ہوگا۔ اور اس کا کیا علاج کیا جانا چاہئے اس کے متعلق بھی بتایا جائیگا۔ دوران عمل پنجتن پاک کی حاضرات بھی ہوگی جن سے ڈرنا نہیں ہوگا۔ بلکہ وہ اپنے پکارنے والوں کے پاس آتے ہیں چراغ کی شکل و صورت تانبے کی دھات سے جس طرح بنے گی وہ آگے درج ہے۔ اگر کوئی بھی اس چراغ کو تیار کروا کر اپنے گھر میں ہر جمعرات کو بعد نماز مغرب جلائے گا تو اس کے گھر رحمتوں کی بارش ہوگی اور وہ ہر طرح کے فتنہ و فساد سے محفوظ رہیگا۔ کسی بھی نوعیت کا جادو گھر کے اندر داخل نہیں ہو سکے گا اگر گھر میں بد سایہ یا جنات ہونگے تو وہ اس کے دھوئیں سے خوف کھاتے ہوئے اس گھر کو چھوڑ جائیں گے۔ اس کے جلانے کے اور بھی بہت سے فوائد ہیں کاروبار وسیع ہوگا اور زیارت بزرگان دین و انبیاء علیہ السلام کی ہونگی۔ اگر اس چراغ کو کسی دکان یا کاروباری مقام پر ہر جمعرات کو جلایا جائے تو کہاں کہاں سے گاہک آئیں گے اس بات کی سمجھ نہیں آئیگی لیکن دکانداری خوب چمکے گی گھر میں اس چراغ کو وہاں جلایا جائے جہاں نماز پڑھی جاتی ہو یا قرآن پاک کی تلاوت کی جاتی ہو اللہ کے فضل سے کسی بھی تعویذ یا کسی بھی شے کی کوئی کمی نہیں رہیگی یہ عمل خاص سینہ بہ سینہ ہے جس کو دکھی انسانیت کی فلاح کیلئے درج کیا گیا ہے۔ اللہ کی پاک کلام اپنی جگہ لیکن اس قسم کے اعمال میں بہت زیادہ طاقت و قوت ہوتی ہے اور روحانی زبردست اثرات پائے جاتے ہیں۔ جس سے دنیاوی مقاصد فوری طور سے پورے ہوتے ہیں اور انسان خود بخود اللہ کی جانب مائل ہوتا ہے کوئی بھی برا کام کرنے کو جی نہیں کرتا اور اگر

کوئی پہلے سے کسی بدفعلی میں مبتلا ہو تو وہ اس چراغ کی برکت کی بدولت خود بخود اصلاح کی جانب مائل ہوگا۔

چراغ کے زبردست خواص

اگر کوئی فرد جادو ٹونے میں مبتلا ہو تو وہ اس چراغ کو روزانہ بعد نماز عشاء کے بعد جلائے اور اس کتاب کے اندر جو فلیتہ جات ہیں ان کو دنوں کے حساب سے لکھے اور اپنے پورے جسم پر مل کر اس چراغ میں جلائے مریض کو تازہ غسل یا وضو کروا کر فتیلے کو جلایا جائے اور مریض کے پاس بیٹھ کر اسی کلام کو پڑھا جائے جس کا پہلے پڑھنے کیلئے بتایا گیا ہے جو بھی سایہ یا جن ہم کلامی کرتا ہوگا وہ حاضر ہوگا اور خود ہی اپنے جانے کا طریقہ کار بتائے گا۔ جس سے تشخیص و علاج دونوں ہی ہونگے المختصر یہی ہے کہ جو کوئی بھی فرد چراغ جلانے کے آداب اور اس کی شرائط کے مطابق چراغ کو استعمال کریگا۔ اور کامل پرہیزگاری رکھتے ہوئے طریقہ کار پر عمل کریگا اس کو بہت کچھ حاصل ہوگا دینی طور سے بھی اور دنیاوی طور سے بھی انشاءاللہ

سالہا سال سے رہنے والے جنات کا توڑ

تمام افراد اس بات کو ضرور یاد رکھیں کہ جس گھر میں کئی سال سے اس بات کا پتہ ہو کہ یہاں کوئی سایہ یا کوئی غیر مخلوق شے رہتی ہے اور اس کو دیکھا بھی جائے تو ان کو گھر سے بھگانے کیلئے کئی قسم کے توڑ کرنے کے باوجود بھی وہ گھر سے نہیں جاتے اس لئے ان کا توڑ اور اپنے گھر سے بھگانے کیلئے مختلف قسم کے اعمال کرنے پڑتے ہیں لیکن کچھ بھی اثر واقع نہیں ہوتا اس کے کامل علاج کیلئے اور اس مخلوق کو اپنے گھر سے بھگانے کے علاوہ اس عمل کو کیا جائے یہ مخلوق اگر نقصان کرنے پر تلے ہوگی تو ہرگز اس گھر میں نہیں رہ سکتی اور اگر وہ اس گھر کے فائدے کیلئے ہوگی تو وہاں رہیگی۔ جہاں گھر کے افراد کا گزر نہ ہو ہدایت کے طور پر اس بات کو بھی ضرور یاد رکھنا چاہئے کہ اگر کسی فرد کو اس بات کا پتہ ہو کہ میرے گھر میں کوئی غیر مخلوق رہتی ہے تو وہ ہرگز کسی سے اس کا ذکر نہ کرے بلکہ خاموشی سے خود ہی اس عمل کو کرلے اللہ کے فضل سے اتنا ضرور ہوجائیگا جس سے گھر میں سکون واقع ہو نوچندی جمعرات والے دن بعد نماز فجر دریا یا نہر سے ایک کچے گھڑے میں پانی بھرے اور اس میں اس نقش کو زعفران یا سرخ روشنائی سے لکھ کر ڈال دے اور اس پانی کا چھڑکاؤ اپنے گھر کے تمام کونوں میں کرے اس عمل کو اکیس دنوں تک کیا جائے۔

والسلام	والسلام	والسلام	والسلام
والسلام	والسلام	والسلام	والسلام
والسلام	والسلام	والسلام	والسلام
والسلام	والسلام	والسلام	والسلام

